پیٹھ پھیر کر چلدیا۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوئے
قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلٰثَةِ اَمَّا اَحَدُهُمْ فَاَوٰى
تو یہ فرمایا۔ کہ کیا۔ مین تم کو ان تینون کے حال کی خبر نہ دون۔ ایک نے

٧٠

Marfat.com

ی الله فآواه الله واما الآخر فاستحيى فاستحيى الله منه

کیطرف ٹھکانا ڈھونڈا۔ خدا نے اُسے ٹھکانا دیا۔ اور دوسرے نے شرم کی اس لیے خدا کو اُس سے حیا آگئی

الآخر فاعرض فاعرض الله عنه رواه البخاري في

دوسرے نے منھ پھیر لیا خدا نے اُس سے مُنہ پھیر لیا۔ اس کو بخاری نے

صحيحه في كتاب العلم ورواه مسلم في صحيحه في

صحیح بخاری کی کتاب العلم میں اور مسلم نے صحیح مسلم کی

كتاب السلام في باب من اتى مجلسا الخ وعن ابن

کتاب السلام میں روایت کیا ہے جس باب میں اُس شخص کا ذکر ہے کہ جو کسی مجلس میں جائے الی آخرہ اور

عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

احبوا الله لما يغذوكم من نعمه واحبوني لحب الله

لوگو۔ خدا کو اس لئے دوست رکھو کہ وہ تمہارے کھانے کو نعمتیں دیتا ہے۔ اور خدا کی دوستی کے باعث مجھکو دوست رکھو

واحبوا اهل بيتي لحبي رواه الترمذي في جامعه

اور میری محبت کے سبب میرے اہل بیت سے محبت کرو اسکو ترمذی نے جامع ترمذی کے

في ابواب المناقب في باب مناقب اهل بيت النبي

ابواب مناقب میں روایت کیا ہے جہاں اہل بیت رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم وعن اسلم عن عمر انه فرض

صلی اللہ علیہ وسلم کے مناقب کا ذکر کیا ہے۔ اور اسلم عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے

لاسامة في ثلاثة آلاف وخمسمائة وفرض لعبد الله

اسامہ کے لیے تین ہزار پانسو مقرر کیے اور عبد اللہ

Marfat.com

ابنِ عُمَرَ فِی ثلاثۃِ آلافٍ فقالَ عبدُاللہِ بنُ عُمَرَ لِاَبِیہِ
ابن عمر کے لیے صرف تین ہزار اُسوقت عبداللہ بن عمرؓ نے اپنے باپ سے کہا
لِمَ فَضَّلْتَ اُسامَۃَ علَیَّ فواللہِ ماسَبَقَنِی اِلٰی مَشْھَدٍ
کہ آپ اُسامہ کو مجھپر فضیلت کیوں دیتے ہیں۔ خدا کی قسم وہ کسی غزوہ میں مجھ سے پہلے نہیں گئے
قالَ لِاَنَّ زیدًا کانَ اَحَبَّ اِلٰی رسولِ اللہِ صلَّی اللہُ
حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ زید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک
علیہِ وسلَّمَ مِنْ اَبِیکَ وکانَ اُسامَۃُ اَحَبَّ اِلٰی
تیرے باپ سے زیادہ پیارے اور اُسامہ
رسولِ اللہِ صلَّی اللہُ علیہِ وسلَّمَ مِنْکَ فَاٰثَرْتُ حِبَّ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھ سے زیادہ محبوب تھے۔ اس لیے میں نے
رسولِ اللہِ صلَّی اللہُ علیہِ وسلَّمَ علٰی حِبِّی رواہُ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب کو اپنے محبوب پر فضیلت دی ہے۔ اِسکو
التِّرمِذِیُّ فِی الکتابِ المَذکورِ فِی بابِ مَناقِبِ زیدِ
ترمذی نے کتاب مذکور کے باب مناقب زید
ابنِ حارِثَۃَ وقالَ ھٰذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ وعَنْ
بن حارثہ میں روایت کیا ہے اور اس حدیث کو حسن غریب بتایا ہے اور
جَبَلَۃَ بنِ حارِثَۃَ قالَ قَدِمْتُ علٰی رسولِ اللہِ صلَّی
جبلہ بن حارثہ کہتے ہیں میں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ
اللہُ علیہِ وسلَّمَ فقُلْتُ لَہٗ یارسولَ اللہِ ابْعَثْ
علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ

۷۴

Marfat.com

معي أخي زيدًا قال هو ذا فإن انطلق معك لم أمنعه

میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیج دیجیے۔ فرمایا لو یہ زید موجود ہے اگر تیرے ساتھ جانا چاہے تو منع نہیں

قال زيد يا رسول الله لا أختار عليك أحدًا قال فرأيت

زید نے کہا یا رسول اللہ میں آپ کے ہوتے کسی کو پسند نہیں کرتا جبلہ کا قول ہے

رأي أخي أفضل من رأيي رواه الترمذي في الباب

کہ میں نے اپنے بھائی کی رائے کو اپنی رائے سے بہتر پایا۔ اسکو ترمذی نے باب

المذكور وقال هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من

مذکور میں روایت کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ حدیث غریب ہے ہم اس کو

حديث ابن الرومي عن علي بن مسهر وعن

حدیث ابن رومی کے سوا جو علی بن مسہر سے روایت کرتے ہیں نہیں دیکھتے اور

عبد الله بن هشام قال كنا مع النبي صلى الله عليه

عبد اللہ بن ہشام سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وسلم وهو آخذ بيد عمر بن الخطاب فقال له عمر

وسلم کے ساتھ تھے اور آپ عمر بن الخطاب کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔ عمرؓ نے عرض کیا

يا رسول الله لأنت أحب إلي من كل شيء إلا نفسي

کہ یا رسول اللہ آپ مجھے میری جان کے سوا اور ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں

فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا والذي نفسي

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اُس پاک ذات کی جس کے

بيده حتى أكون أحب إليك من نفسك فقال له

قبضہ میں میری جان ہے جبتک میں تمہارے نزدیک تمہاری جان سے زیادہ محبوب ہو جاؤں ایمان کامل نصیب نہ ہوگا۔ عمرؓ نے کہا

عُمَرُ فَاِنَّهُ الْاٰنَ وَاللّٰهِ لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ
اب آپ میرے نزدیک میری جان سے زیادہ محبوب ہیں
فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَهُ الْاٰنَ یَا عُمَرُ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمرؓ اب ایمان کامل ہو گیا
رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ اَوَّلِ کِتَابِ الْاِیْمَانِ
اسکو بخاری نے صحیح بخاری کے اول کتاب الایمان
وَالنُّذُوْرِ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
والنذور میں روایت کیا ہے اور ابو ذر سے روایت ہے کہ مینے عرض کیا یا رسول اللہ
اَلرَّجُلُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَّعْمَلَ مِثْلَ عَمَلِهِمْ
ایک شخص کسی قوم کو چاہتا تو ہے مگر اُن کے سے عمل نہیں کر سکتا
قَالَ اَنْتَ یَا اَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قُلْتُ فَاِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰهَ
فرمایا اے ابو ذر تو جسے چاہیگا اُسی کے ساتھ ہوگا مینے عرض کیا کہ میں تو خدا
وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ فِیْ
اور اُس کے رسول کو چاہتا ہوں فرمایا تو اُسی کے ساتھ ہوگا جسے چاہیگا اسکو دارمی
سُنَنِهٖ فِیْ کِتَابِ الرِّقَاقِ فِیْ بَابِ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ
سنن دارمی کی کتاب الرقاق میں روایت کیا ہے جس باب میں یہ بیان ہے کہ آدمی جسے چاہیگا اُسکے ساتھ
وَعَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ قُلْتُ لِعَبِیْدَةَ عِنْدَنَا مِنْ
اور ابن سیرین بطور روایت کہتے ہیں کہ مینے عبیدہ سے کہا کہ ہمارے پاس
شَعْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَصَبْنَاهُ مِنْ قِبَلِ اَنَسٍ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک ہیں کہ جو ہم کو انس

ل انس فقال لان تکون عندی شعرة منہ

ابل انس سے ہاتھ لگے ہیں عبیدہ نے کہا کہ میرے پاس آپ کا ایک بال ہو

ب الی من الدنیا وما فیہا رواہ البخاری فی صحیحہ

میرے نزدیک دنیا وما فیہا سے زیادہ محبوب ہے اسکو بخاری نے

کتاب الوضوء فی باب الماء الذی یغسل بہ شعر

بخاری کی کتاب الوضوء میں روایت کیا ہے جس باب میں اس پانی کا ذکر ہے جس سے

نسان وعن عباس عن ابیہ عن النبی صلے

ی کے بال دھوئے جاتے ہیں اور عباس اپنے باپ سہل بن سعد سے اور وہ نبی

ہ علیہ وسلم قال احد جبل یحبنا ونحبہ رواہ

اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپنے فرمایا احد پہاڑ ہمیں دوست رکھتا ہے اور ہم اسکو

ری فی صحیحہ فی کتاب الزکوۃ فی باب خرص

کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الزکوۃ میں روایت کیا ہے جس باب میں کھجور وں

تمر وسنذکر احادیث حنین الجذع وھی مناسبۃ

کے اندازہ کرنے کا ذکر ہے اور ستون درخت کے رونے کی حدیثیں

ذا البیان ایضا فی باب المعجزات ان

اس بیان کے مناسب ہیں ہم عنقریب باب معجزات میں

شاء اللہ تعالیٰ

انشاء اللہ تعالے بیان کر دیں گے

باب السابع فی اتباع النبی صلے اللہ علیہ وسلم

ساتواں باب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کے بیان میں

Marfat.com

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ تعالے سورہ آل عمران میں فرماتا ہے۔ اے نبی کہدو اگر تم

تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

خدا کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ خدا تم کو دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخشدیگا

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے نبی کہدو کہ خدا اور رسول کی اطاعت کرو پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

منہ پھیرلیں تو خدا کافروں کو دوست نہیں رکھتا ابوہریرہ سے روایت ہے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَطَاعَنِىْ

کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص میری فرمانبرداری کرتا ہے

فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِىْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ اَطَاعَ

وہ گویا خدا کی فرمانبرداری کرتا ہے اور جو میری نافرمانی کرتا ہے وہ گویا خدا کی نافرمانی کرتا ہے اور جو میرے

اَمِيْرِىْ فَقَدْ اَطَاعَنِىْ وَمَنْ عَصٰى اَمِيْرِىْ فَقَدْ

امیر کی فرمانبرداری کرتا ہے وہ میری فرمانبرداری کرتا ہے اور جو میرے امیر کی نافرمانی کرتا ہے وہ میری

عَصَانِىْ رَوَاهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ صَحِيْحِهٖ فِىْ اَوَّلِ كِتَابِ

نافرمانی کرتا ہے۔ اس کو بخاری نے صحیح بخاری کی اول کتاب

الْاَحْكَامِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ

الاحکام میں روایت کیا ہے اور عبداللہ بطور روایت کہتے ہیں

Marfat.com

إِنَّ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ

بیشک تمام باتوں سے بہتر خدا کی کتاب ہے۔ اور تمام طریقوں سے بہتر

هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے اور تمام کاموں سے بڑے بدعت کے کام ہیں

وَإِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ وَعَنْ

اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ اب آئی۔ اور تم خدا کو عاجز نہیں کر سکتے اور

أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

قَالَ كُلُّ أُمَّتِي يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ أَبَى قَالُوا

فرماتے ہیں میری تمام اُمت جنت میں داخل ہوگی۔ مگر سرکش صحابہ نے عرض کیا

وَمَنْ يَأْبَى قَالَ مَنْ أَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِي

کہ سرکش کون ہے فرمایا جس نے میری اطاعت کی وہ جنتی ہو گیا اور جس نے نافرمانی کی

فَقَدْ أَبَى وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ جَاءَتْ مَلَائِكَةٌ

گویا اُسنے سرکشی کی اور جابر بن عبد اللہ بطور روایت کہتے ہیں کہ چند فرشتے

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ فَقَالَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں آئے کہ آپ سو رہے تھے

بَعْضُهُمْ إِنَّهُ نَائِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ

بعض نے کہا کہ یہ تو سوتے ہیں دوسروں نے جواب دیا کہ آنکھ سوتی ہے

وَالْقَلْبَ يَقْظَانُ فَقَالُوا إِنَّ لِصَاحِبِكُمْ هٰذَا مَثَلًا

اور دل بیدار ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ تمہارے اس دوست کی ایک عجیب مثال ہے

Marfat.com

فَاضْرِبُوا لَهُ مَثَلًا فَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّهُ نَائِمٌ وَقَالَ

تم اُس مثال کو بیان کرو بعض نے کہا کہ یہ تو سو رہے ہیں اور

بَعْضُهُمْ إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَالْقَلْبَ يَقْظَانُ فَقَالُوا

دوسروں نے جواب دیا کہ آنکھ سوتی ہے اور دل بیدار ہے اُنہوں نے کہا

مَثَلُهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى دَارًا وَجَعَلَ فِيهَا مَأْدُبَةً

ان کی مثال اُس شخص کی سی ہے کہ جس نے ایک گھر بنایا اور اُس میں مہمانی مقرر کی

وَبَعَثَ دَاعِيًا فَمَنْ أَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ وَأَكَلَ

اور بلانے والے کو بھیجا۔ پھر جس نے بلانے والے کی بات مان لی وہ اُس گھر میں داخل ہوگیا

مِنَ الْمَأْدُبَةِ وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ ٧٨

اور مہمانی کا کھانا کھایا اور جس نے بلانے والے کی نہ مانی وہ اُس گھر میں داخل ہو سکا

وَلَمْ يَأْكُلْ مِنَ الْمَأْدُبَةِ فَقَالُوا أَوِّلُوهَا لَهُ يَفْقَهْهَا فَقَالَ

اور نہ اُسنے کھانا کھایا پھر فرشتوں نے کہا اس مثال کے معنی بیان کرو تاکہ یہ سمجھ لیں بعض نے

بَعْضُهُمْ إِنَّهُ نَائِمٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ

کہا یہ تو سو رہے ہیں دوسروں نے جواب دیا کہ آنکھ سوتی ہے

وَالْقَلْبَ يَقْظَانُ فَقَالُوا الدَّارُ الْجَنَّةُ وَالدَّاعِي مُحَمَّدٌ

اور دل بیدار ہے اُنہوں نے کہا وہ گھر جنت ہے اور بلانے والے محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ أَطَاعَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

صلی اللہ علیہ وسلم ہیں پس تو جس نے محمد صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَى مُحَمَّدًا صَلَّى

علیہ وسلم کی اطاعت کی اُس نے گویا خدا کی اطاعت کی اور جس نے محمد صلی اللہ

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم فقد عصی اللہ ومحمد صلی اللہ علیہ

کی علیہ وسلم کی نافرمانی کی اُس نے خدا کی نافرمانی کی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم فرق بین الناس وعن ابی موسیٰ عن النبی

لوگوں میں باعث امتیاز ہیں اور ابو موسےٰ رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم قال انما مثلی ومثل ما بعثنی

صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا میری اور اُس چیز کی مثال جس کے ساتھ

اللہ بہ کمثل رجل اتی قوما فقال یا قوم انی رایت

خدا نے مجھے بھیجا ہے اُس شخص کی سی ہے جس نے کسی قوم کے پاس جا کر یہ کہا کہ میں نے

الجیش بعینی وانی انا النذیر العریان فالنجاء

لشکر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور میں ننگا ڈرانے والا ہوں تم جلد نجات کا رستہ نکالو

فاطاعه طائفة من قومه فادلجوا وانطلقوا علی

پھر اُس کی قوم کے ایک گروہ نے اُس کا کہا مان لیا اور راتوں رات

مهلهم فنجوا وکذبت طائفة منهم فاصبحوا مکانهم

آرام سے چلے اور نجات پائی اور ایک گروہ نے اُسے جھٹلایا اور صبح تک اپنے مکانوں میں رہے

فصبحهم الجیش فاهلکهم واجتاحهم فذلک مثل

پھر صبح کے وقت لشکر نے اُن کو آلیا اور ہلاک کیا اور جڑ پیڑ سے اُکھیڑ دیا پس یہی مثال

من اطاعنی فاتبع ما جئت به ومثل من عصانی

اُس شخص کی ہے جس نے میری اطاعت کی اور جو کچھ میں لایا ہوں اُس کی پیروی کی اور اُس شخص کی مثل ہے جس نے میری

وکذب بما جئت به من الحق روی البخاری الاحادیث

اور جو حق میں لایا ہوں اُسے جھٹلایا ان چاروں حدیثوں کو بخاری نے

Marfat.com

الاربعة في صحيحه في كتاب الاعتصام وفي باب الاقتد

صحیح بخاری کی کتاب الاعتصام میں روایت کیا ہے جس باب تھا

بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم وعن

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کی پیروی کرنے کا بیان ہے اور

علقمة عن عبد الله قال لعن الله الواشمات والموتشم

علقمہ عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ گود سنے والیوں

والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق

اور گدوانے والیوں اور چہرہ کے بال اکھاڑنے والیوں اور خوبصورتی کے لیے دانتوں کو جدا کرنے والیوں

الله فبلغ ذلك امرأة من بني اسد يقال لها

کو خدا کی پیدائشی چیز کو متغیر کرتی ہیں لعنت کرتا ہے۔ عبد اللہ کا یہ قول بنی اسد کی ایک عورت نے سنا

ام يعقوب فجاءت فقالت انه بلغني انك لعنت

جسے ام یعقوب کہتے تھے۔ چنانچہ عبد اللہ کے پاس آئی اور یہ کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم ایسی ایسی عورتوں

كيت وكيت فقال ومالي لا العن من لعن

لعنت بھیجتے ہو جواب دیا کہ میں ایسیوں پر لعنت نہ بھیجوں جن پر

رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن هو

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت بھیجی ہے اور جو

Marfat.com

۸۱

كِتَابِ اللهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُّ

کتاب اللہ میں ملعون ہے۔ اس عورت نے کہا میں نے تو جو کچھ دونوں پٹھوں کے مابین تھا سب پڑھا

فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِّيْهِ أَمَا

تمہارا قول کہیں نہ پایا۔ عبد اللہ نے جواب دیا کہ اگر تو غور سے پڑھتی تو ضرور پاتی۔ کیا تو نے

قَرَأْتِ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

یہ آیت نہیں پڑھی کہ جو کچھ رسول تمکو دیں اُسے لیلو۔ اور جس سے منع کریں اُس سے باز رہو

قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَإِنَّهُ قَدْ نَهٰى عَنْهُ قَالَتْ فَإِنِّيْ أَرٰى أَهْلَكَ

اس عورت نے کہا ہاں یہ تو پڑھا ہے۔ عبد اللہ بولے کہ رسول خدا نے ان چیزوں سے منع کیا ہے وہ بولی میں تمہاری

يَفْعَلُوْنَهُ قَالَ فَاذْهَبِيْ فَانْظُرِيْ فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ

ایسا کرتے دیکھتی ہوں۔ عبد اللہ نے جواب دیا اچھا جاؤ اور غور سے دیکھو چنانچہ وہ گھر میں گئی اور دیکھا

فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا فَقَالَ لَوْ كَانَتْ كَذٰلِكَ مَا جَامَعْتُنَا

لیکن وہاں کچھ نہ پایا۔ عبد اللہ نے کہا اگر ایسا ہوتا تو ہماری گھر والی ہمارے ساتھ نہ رہ سکتی

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ التَّفْسِيْرِ فِيْ تَفْسِيْرِ

اسکو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب التفسیر میں تفسیر

سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَقَالَ اللهُ تَعَالٰى فِيْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ فَلَا وَرَبِّكَ

سورۂ حشر کے تحت میں روایت کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے سورۂ نساء میں فرمایا ہے تمہارے پروردگار کی قسم

Marfat.com

لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا

لوگ کامل مؤمن نہ ہوں گے جب تک اپنے جھگڑوں میں تمکو حَکَم نہ ٹھیرائیں گے۔ اور اس سے

فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا

تمہارے فیصلے سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں گے۔ اور گردن جھکا کر اُسے مان نہ لیں گے۔ اور اگر ہم

عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِنْ دِيَارِكُمْ مَا فَعَلُوهُ

اُنپر اسکو فرض کر دیتے کہ اپنی جانیں دے ڈالو یا اپنے شہروں سے نکل کھڑے ہو تو

إِلَّا قَلِيلٌ مِنْهُمْ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا

تھوڑے ہی سے آدمی اسکو بجا لاتے۔ اور اگر وہ نصیحت کے مطابق عمل کرتے تو انکے لیے بہتر

لَهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا ۝ وَإِذًا لَآتَيْنَاهُمْ مِنْ لَدُنَّا أَجْرًا عَظِيمًا

ہوتا اور اُنکا دین مضبوط کر دیتا اور اُسوقت ہم اُنکو اپنے پاس سے اجر عظیم عنایت کرتے

وَلَهَدَيْنَاهُمْ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا ۝ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُولَ

اور انکو سیدھا رستہ دکھا دیتے اور جو لوگ خدا اور رسول کی اطاعت کرتے ہیں

فَأُولٰئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ

وہ ایسوں کے ہمراہ ہونگے جن پر خدا نے اپنا فضل کر رکھا ہے یعنے پیغمبروں

وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ

اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں کے ساتھ ہوں گے

أُولٰئِكَ رَفِيقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

یہ لوگ سب سے اچھے رفیق ہیں یہ خدا کا فضل ہے اور خدا کا

عَلِيمًا ۝ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ خَاصَمَ الزُّبَيْرُ رَجُلًا مِنَ

جاننا کافی ہے عروہ سے روایت ہے کہ زبیر کسی

Marfat.com

الأنصار في شريج من الحرة فقال النبي صلى الله عليه و

انصاری شخص سے ایک پانی کی نالی کی بابت جو پتھریلی زمین سے آتی تھی جھگڑ پڑے رسول خدا صلی اللہ علیہ

سلم اسق يا زبير ثم ارسل الماء الى جارك فقال الأنصاري

وسلم نے فرمایا اے زبیر اپنی زمین کو سیراب کر کے اپنے ہمسایہ کی طرف پانی چھوڑ دے۔ انصاری نے کہا

يا رسول الله ان كان ابن عمتك فتلون وجهه ثم قال

یا رسول اللہ یہ حکم اس لیئے ہے کہ زبیرؓ آپ کی پھوپی کے بیٹے ہیں۔ یہ سنکر آپکا چہرہ مبارک متغیر ہوگیا پھر فرمایا

اسق يا زبير ثم احبس الماء حتى يرجع الى الجدر ثم ارسل

اے زبیر پہلے اپنی زمین کو سیراب کر پھر پانی کو یہانتک روک کر کیاریوں کی ڈول تک چڑھ آئے۔ پھر

الماء الى جارك واستوعى النبي صلى الله عليه وسلم للزبير

اپنے ہمسایہ کی طرف چھوڑ دے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر کو

حقه في صريح الحكم حين احفظه الأنصاري كان اشار

ظاہر حکم دیکر اُن کا پورا حق دلوادیا اُسوقت جبکہ انصاری نے آپ کو غصہ دلایا اس سے پہلے

عليهما بامر لهما فيه سعة قال الزبير فما احسب هذه الآيات

ایسی بات کا حکم کیا تھا کہ اُسمیں دونوں کے لیئے آسانی تھی زبیر کہتے ہیں مجھے یہی گمان ہے کہ یہ آیتیں

٨٣

إلا نزلت في ذلك فلا وربك لا يؤمنون حتى يحكموك

میرے معاملہ میں نازل ہوئی ہیں۔ تمہارے پروردگار کی قسم لوگ مومن کامل نہوں گے جبتک اپنے جھگڑے

فيما شجر بينهم رواه البخاري في صحيحه في كتاب التفسير

تکو حکم نہ بنائیں گے اسکو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب التفسیر میں

في تفسير سورة النساء ورواه مسلم عن عروة بن الزبير

تفسیر سورۂ نساء کے تحت میں روایت کیا ہے اور مسلم عروہ بن زبیر سے

عن عبد الله بن الزبير في صحيحه في كتاب الفضائل

اور وہ عبد اللہ بن زبیر سے صحیح مسلم کی کتاب الفضائل میں روایت کرتے ہیں

ورواه ابن ماجة في أول سننه كمسلم وقال الله

اور ابن ماجہ نے مسلم کی طرح سنن ابن ماجہ کے اول میں روایت کیا ہے اللہ تعالیٰ

تعالى في سورة المائدة وأطيعوا الله وأطيعوا الرسول

سورۂ مائدہ میں فرماتا ہے۔ خدا اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو

واحذروا فإن توليتم فاعلموا أنما على رسولنا البلاغ

اور ڈرتے رہو اگر تم پھر جاؤ تو یہ سمجھ رکھو کہ ہمارے رسول کے ذمہ

المبين وقال الله تعالى في سورة الأنفال يا أيها الذين

صریح طور پر صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ سورۂ انفال میں فرماتا ہے مسلمانو

آمنوا استجيبوا لله وللرسول إذا دعاكم لما

خدا رسول کا کہا قبول کر لو جبکہ اُس شے کی طرف بلائے

يحييكم واعلموا أن الله يحول بين المرء وقلبه

جس سے تم زندہ رہو اور یہ سمجھ رکھو کہ اللہ تعالیٰ بندے اور اسکے دل کے مابین حایل ہے

مَا يَلِيهِ تُحْشَرُونَ عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ كُنْتُ

یہی جان لو کہ تم اسیکی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے ابوسعید بن معلے بطور روایت کہتے ہیں کہ میں

أُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ فَدَعَانِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا اتفاقاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پکارا

فَلَمْ أُجِبْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي كُنْتُ أُصَلِّي فَقَالَ

میں نے جواب نہ دیا۔ بعد فراغ عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نماز پڑھ رہا تھا آپ نے فرمایا

أَلَمْ يَقُلِ اللهُ اسْتَجِيبُوا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ ثُمَّ قَالَ لِي

کیا اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں ہے کہ خدا اور رسول جب تمکو بلائیں تو فوراً جواب دو پھر مجھے فرمایا

لَأُعَلِّمَنَّكَ سُورَةً هِيَ أَعْظَمُ السُّوَرِ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ

مسجد سے نکلنے نہ پائے گا کہ میں تجکو قرآن کی ایک سب سے بڑی سورۃ بتاؤں گا

تَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ قُلْتُ لَهُ

پھر میرا ہات پکڑ لیا اور جب مسجد سے نکلنے کا ارادہ کیا تو میں نے یاد دلایا کہ

أَلَمْ تَقُلْ لَأُعَلِّمَنَّكَ سُورَةً هِيَ أَعْظَمُ سُورَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ

آپ نے فرمایا تھا میں تجھے قرآن کی سب سے بڑی سورت بتاؤں گا

قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنُ

آپ نے فرمایا الحمد رب العالمین یہ سبع مثانی اور قرآن

الْعَظِيمُ الَّذِي أُوتِيتُهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيحِهِ فِي أَوَّلِ

عظیم ہے جو مجھے دیا گیا ہے اسکو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب التفسیر کے اول میں روایت کیا

كِتَابِ التَّفْسِيرِ وَقَالَ اللهُ تَعَالٰى فِي آخِرِ سُورَةِ التَّوْبَةِ

اور اللہ تعالیٰ سورۃ توبہ کے آخر میں فرماتا ہے

Marfat.com

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِیِّ وَالْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ

بیشک اللہ تعالیٰ نے نبی اور اُن مہاجرین اور انصار کی توبہ قبول کرلی جنہوں

فِیْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ

مشکل کے وقت میں نبی کی پیروی کی اس کے بعد کہ اُن میں سے ایک فریق کے دل ٹیڑھے ہو چلے تھے

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ

پھر اُن پر رحمت نازل کی کیونکہ خدا اُن کو بخشنے والا مہربان ہے اور اُن تین شخصوں پر بھی رحمت نازل

الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ

جو پیچھے رہ گئے تھے یہانتک کہ باوجود کشایش کے زمین اُنپر تنگ ہوگئی

وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ

اور اُن کو اپنی جانیں اجیرن ہوگئیں اور وہ جان گئے کہ خدا سے بھاگ کر خدا ہی کی طرف پناہ ملتی

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

پھر اُنپر رحمت نازل کی تاکہ توبہ کریں بیشک خدا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ

مسلمانو خدا سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ

٨٦

Marfat.com

۸۷

ما كان لأهل المدينة ومن حولهم من الأعراب

مدینے والوں اور اطراف کے دہقانیوں کو یہ مناسب نہیں

أن يتخلفوا عن رسول الله ولا يرغبوا بأنفسهم عن نفسه

کہ رسول خدا سے پیچھے رہ جائیں اور اپنی جانوں کو رسول کی جان سے اچھا سمجھیں

ذلك بأنهم لا يصيبهم ظمأ ولا نصب ولا مخمصة في

یہ اس لیے کہ جب اُن کو پیاس یا رنج یا بھوک کی تکلیف

سبيل الله ولا يطئون موطئا يغيظ الكفار ولا ينالون

خدا کے رستہ میں ہوگی اور کسی ایسی جگہ چلیں گے جس کا فروں کو غصہ آئے اور دشمن سے

من عدو نيلا إلا كتب لهم به عمل صالح إن الله

کچھ حاصل کریں گے تو اُن کے لیے نیک عمل لکھا جائے گا خدا

لا يضيع أجر المحسنين ولا ينفقون نفقة صغيرة

نیکوں کا بدلہ ضائع نہیں کیا کرتا اور وہ جب تھوڑا

ولا كبيرة ولا يقطعون واديا إلا كتب لهم ليجزيهم

یا بہت خرچ کریں گے یا کسی مقام کو طے کر جائیں گے تو اُن کے لیے ثواب لکھا جائے گا

الله أحسن ما كانوا يعملون عن ابن شهاب

کہ خدا اُن کو اُن کے نیک عملوں کی جزا عنایت کرے ابن شہاب

عن عبد الرحمن بن عبد الله بن كعب بن مالك

عبد الرحمن بن عبد اللہ بن کعب بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ

عبد اللہ بن کعب بن مالک نے (جو کعب کو

بَنِيهِ حِينَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ

انکے نابینا ہونیکے وقت ہاتھ پکڑ کے لیجایا کرتے تھے) یہ کہا کہ میں نے کعب بن مالک سے سنا

حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوكَ قَالَ كَعْبٌ لَمْ أَتَخَلَّفْ

جبکہ وہ قصہ تبوک کی بابت اپنے پیچھے رہ جانے کا حال بیان کیا کرتے تھے کعب کا قول ہے کہ

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا

کسی غزوے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے نہیں رہا

إِلَّا فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ تَخَلَّفْتُ فِي غَزْوَةِ بَدْرٍ

البتہ غزوہ تبوک میں رہ گیا. ہاں غزوہ بدر میں بھی مین نہیں جا سکا

وَلَمْ يُعَاتَبْ أَحَدٌ تَخَلَّفَ عَنْهَا إِنَّمَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

لیکن اسکی بابت کسی پیچھے رہجانے والے پر عتاب نہیں ہوا رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ عِيرَ قُرَيْشٍ حَتَّى جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ

علیہ وسلم قریش کے قافلہ کے لیے نکلے تھے اللہ تعالیٰ نے

وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلَى غَيْرِ مِيْعَادٍ وَلَقَدْ شَهِدْتُ مَعَ

بلا میعاد مسلمانوں اور اُن کے دشمنوں میں مقابلہ کرادیا بیشک میں

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِيْنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لیلۃ العقبہ میں حاضر ہوا ہوں جبکہ

تَوَاثَقْنَا عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَا اُحِبُّ اَنَّ لِيْ بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ

ہمنے اسلام پر عہد کیا تھا میں لیلۃ العقبہ کے مقابلہ میں غزوۂ بدر کو زیادہ پسندیدہ نہیں سمجھتا

وَاِنْ كَانَتْ بَدْرٌ اَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا كَانَ مِنْ خَبَرِيْ

اگرچہ بدر بہ نسبت لیلۃ العقبہ کے لوگوں میں زیادہ مشہور ہے میرا واقعہ یہ ہے

اَنِّيْ لَمْ اَكُنْ قَطُّ اَقْوٰى وَلَا اَيْسَرَ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْهُ فِيْ

کہ میں کبھی ایسا توانا اور تونگر نہ تھا جیسا غزوۂ تبوک سے پیچھے

تِلْكَ الْغَزَاةِ وَاللّٰهِ مَا اجْتَمَعَتْ عِنْدِيْ قَبْلَهٗ رَاحِلَتَانِ

رہجانے کے موقعہ پر تھا خدا کی قسم اس سے پہلے میرے پاس کبھی

قَطُّ حَتّٰى جَمَعْتُهُمَا فِيْ تِلْكَ الْغَزَاةِ وَلَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

دو سواریاں جمع نہیں ہوئیں اس غزوہ میں میں نے دو سواریاں جمع کر لی تھیں اور رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰى

صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی غزوہ کا ارادہ کیا کرتے تھے تو پوشیدہ طور سے

بِغَيْرِهَا حَتّٰى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ غَزَاهَا رَسُوْلُ

کہیں اور کا نام لے دیتے تھے یہاں تک کہ غزوہ تبوک کا موقع آگیا اور رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَاسْتَقْبَلَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت گرمی میں چڑھائی کرکے

۸۹

Marfat.com

سَفَرًا بَعِيدًا وَّمَفَازًا وَّعَدُوًّا كَثِيرًا فَجَلَّى لِلْمُسْلِمِينَ أَمْرَهُمْ

لمبے سفر چٹیل میدان اور بکثرت دشمنوں کے مقابلہ کا ارادہ کیا مسلمانوں پر ظاہر کر دیا

لِيَتَأَهَّبُوا أُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَأَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِي يُرِيدُ

کہ غزوہ کی تیاری کریں اسوقت آپنے لوگوں کو اپنے ارادہ سے آگاہی کی

وَالْمُسْلِمُونَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرٌ وَّ

اور مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کثرت سے

لَا يَجْمَعُهُمْ كِتَابُ حَافِظٍ يُرِيدُ الدِّيوَانَ قَالَ كَعْبٌ

جمع ہو گئے کہ انکو روز نامچہ کی کتاب یعنے دفتر لکھ نہ سکا کعب کا قول ہے

فَمَا رَجُلٌ يُرِيدُ أَنْ يَتَغَيَّبَ إِلَّا ظَنَّ أَنَّهُ سَيَخْفَى لَهُ

کہ جو شخص غائب ہو جانے کا ارادہ رکھتا تھا وہ یہ سمجھتا تھا کہ جب تک خدا کی

مَا لَمْ يُنْزَلْ فِيهِ وَحْيُ اللّٰهِ وَغَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

وحی نہ اترے گی میرا حال رسول خدا سے مخفی رہے گا الحاصل رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِينَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ

علیہ وسلم نے اس غزوہ کا ارادہ اسوقت کیا جبکہ درختوں کے پھل اور سایے

وَتَجَهَّزَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ

اچھے معلوم ہوتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے ساتھ تمام مسلمان تیار ہو گئے

مَعَهُ فَطَفِقْتُ أَغْدُو لِكَيْ أَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَأَرْجِعُ وَلَمْ أَقْضِ

میں صبح کو اپنی تیاری کے فکر میں نکلتا مگر واپسی کے وقت کوئی سامان تیار نہ کر سکتا

شَيْئًا فَأَقُولُ فِي نَفْسِي وَأَنَا قَادِرٌ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَتَمَادَى

اور اپنے دل میں سوچتا کہ میں تیاری پر قادر ہوں چند روز اسی طرح گزر گئے

Marfat.com

حِيْنَ اشْتَدَّ بِالنَّاسِ الْجِدُّ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

لوگ سخت کوشش کرتے رہے پھر صبح کے وقت رسول اللہ صلے اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ وَلَمْ اَقْضِ مِنْ جَهَازِيْ

علیہ وسلم مع دیگر مسلمانوں کے چل کھڑے ہوئے اور میں ذرا بھی تیاری نہ کرسکا

شَيْئًا فَقُلْتُ اَتَجَهَّزُ بَعْدَهٗ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ اَلْحَقُهُمْ

اسوقت مینے دل میں کہا کہ ایک دو دن میں تیاری کرکے لشکر سے جا ملوں گا

فَغَدَوْتُ بَعْدَ اَنْ فَصَلُوْا لِاَتَجَهَّزَ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ

چنانچہ لوگوں کے چلے جانے کے بعد میں صبح کے وقت اپنی تیاری کی فکر میں نکلا مگر واپسی کیوقت تیار

شَيْئًا ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ بِيْ

نہ ہوسکا اگلے دن پھر صبح کے وقت نکلا اور پھر تیار نہ ہوسکا چند روز اسی طرح گزرے

حَتّٰى اَسْرَعُوْا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ وَهَمَمْتُ اَنْ اَرْتَحِلَ فَاُدْرِكَهُمْ

یہانتک کہ لوگ آگے دوڑ گئے اور بہت رات سے غزوہ جاتا رہا میں نے ارادہ کیا کہ کوچ کرکے انھیں پکڑ لوں

وَلَيْتَنِيْ فَعَلْتُ فَلَمْ يُقَدَّرْ لِيْ ذٰلِكَ فَكُنْتُ اِذَا خَرَجْتُ

اور کاش میں ایسا کرتا مگر یہ میرے مقدر میں نہ تھا پھر جب میں

فِي النَّاسِ بَعْدَ خُرُوْجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لیجانے کے بعد لوگوں میں جاتا

فَطُفْتُ فِيْهِمْ اَحْزَنَنِيْ اَنِّيْ لَا اَرٰى اِلَّا رَجُلًا مَغْمُوْصًا

اور اُنکے مجمعوں میں گشت کیا کرتا تھا تو اس سے رنج ہوتا کہ میں (پیچھے رہجانے والوں میں) اسی شخص کو دیکھتا تھا

عَلَيْهِ النِّفَاقُ اَوْ رَجُلًا مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ مِنَ الضُّعَفَاءِ وَلَمْ

جو نفاق کے ساتھ مطعون یا ناتوانی کے باعث خدا کی طرف سے معذور ہے اور

بَذَا كَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغَ تَبُوكَ

اس اثناء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی مجھے یاد نہیں کیا یہانتک کہ آپ مقام تبوک میں پہنچے

فَقَالَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْقَوْمِ بِتَبُوكَ مَا فَعَلَ كَعْبٌ فَقَالَ

پھر تبوک پہنچکر جبکہ آپ لوگوں کے مجمع میں تشریف رکھتے تھے یہ فرمایا کہ کعب کو کیا ہوا

رَجُلٌ مِّنْ بَنِي سَلِمَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ حَبَسَهُ بُرْدَاهُ وَنَظَرُهُ

بنی سلمہ کے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ اُن کو تو اُنکے دو چادروں اور

فِي عِطْفَيْهِ فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ بِئْسَ مَا قُلْتَ وَاللّٰهِ

اپنے دونو جانب متکبرانہ نظر اندازی سے روک لیا ہے معاذ بن جبل بولے تونے بُری بات کہی

يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا فَسَكَتَ رَسُولُ

یا رسول اللہ خدا کی قسم ہمتو اُن کو نیک ہی جانتے ہیں یہ سنکر رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا بَلَغَنِي

صلے اللہ علیہ وسلم ساکت ہوگئے کعب بن مالک کہتے ہیں جب مجھے یہ خبر ملی کہ

أَنَّهُ تَوَجَّهَ قَافِلًا حَضَرَنِي هَمِّي وَطَفِقْتُ أَتَذَكَّرُ الْكَذِبَ

آپ واپس آنے والے ہیں تو میرا غم تازہ ہوگیا اور میں نے جھوٹا مسودہ گانٹھنا شروع کیا

وَأَقُولُ بِمَاذَا أَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهِ غَدًا وَاسْتَعَنْتُ عَلَى

میں سوچتا تھا کہ کل رسول خدا کے غصہ سے کیونکر عہدہ برآ ہو سکوں گا اس لیے

ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِي رَأْيٍ مِّنْ أَهْلِي فَلَمَّا قِيلَ إِنَّ رَسُولَ

اپنے کنبے کے تمام عقلمند لوگوں سے مدد لیتا رہا۔ پھر جب یہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَظَلَّ قَادِمًا زَاحَ عَنِّي الْبَاطِلُ

صلی اللہ علیہ وسلم قریب آ گئے ہیں تو میرے دل سے جھوٹا مسودہ نکل گیا

عرفت أني لن أخرج منه أبدا بشيء فيه كذب فأجمعت

مجھے معلوم ہو گیا کہ میں جھوٹی بات بنا کر آپ سے عہدہ برآ نہ ہو سکوں گا تو سچ

صدقه وأصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم قادما

سچ بیان کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت آ گئے

وكان إذا قدم من سفر بدأ بالمسجد فيركع فيه ركعتين

آپ کا قاعدہ تھا کہ سفر سے آتے وقت مسجد میں اُتر کر دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے

ثم جلس للناس فلما فعل ذلك جاءه المخلفون

پھر لوگوں کو مشرف بزیارت کرنے کے لیے بیٹھ جاتے تھے الحاصل جب آپ یہ کر چکے تو

فطفقوا يعتذرون إليه ويحلفون له وكانوا بضعة

پیچھے رہجانے والے آئے اور اپنے اپنے عذر بیان کرنے شروع کیے اور قسمیں کھائیں یہ

وثمانين رجلا فقبل منهم رسول الله صلى الله عليه

اسی اوپر آدمی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم علانيتهم وبايعهم واستغفر لهم ووكل سرائرهم

وسلم نے اُنکا ظاہری عذر قبول کیا اور سب سے بیعت لیکر اُنکے لیے استغفار چاہی اور اُنکی پوشیدہ

إلى الله فجئته فلما سلمت عليه تبسم تبسم المغضب

خدا کے سپرد کیا پھر میں آپ کے پاس آیا اور سلام کیا آپ غضبناک

ثم قال تعال فجئت أمشي حتى جلست بين يديه

آدمی کی طرح مسکرائے اور یہ فرمایا کہ آگے آؤ میں چلکر آپ کے روبرو بیٹھ گیا آپنے فرمایا

فقال لي ما خلفك ألم تكن قد ابتعت

تم کیوں پیچھے رہ گئے تھے تم نے تو اپنے لیے سواری خرید لی تھی

Marfat.com

ظُهْرَكَ فَقُلْتُ بَلٰى اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَوْ جَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ
پیٹھ عرض کیا ہاں خدا کی قسم اگر میں آپ کے سوا کسی اور

اَهْلِ الدُّنْيَا لَرَاَيْتُ اَنْ سَاَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهٖ بِعُذْرٍ وَلَقَدْ
دنیا دار کے پاس بیٹھتا تو ضرور کوئی بہانہ بنا کر اسکے غصہ سے عہدہ برآ ہو سکتا تھا

اُعْطِيْتُ جَدَلًا وَّلٰكِنِّيْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُكَ
میں بڑا بولنے والا آدمی ہوں لیکن خدا کی قسم مجھے معلوم ہے اگر

الْيَوْمَ حَدِيْثَ كَذِبٍ تَرْضٰى بِهٖ عَنِّيْ لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ
آج آپ سے کوئی ایسی جھوٹی بات کہوں گا جس سے آپ خوش ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد

يُسْخِطَكَ عَلَيَّ وَلَئِنْ حَدَّثْتُكَ حَدِيْثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَيَّ
آپ کو مجھ سے ناراض کر دے گا اور اگر سچ سچ بات کہتے ہیں آپ مجھ پر خفا ہوں گے

فِيْهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ فِيْهِ عَفْوَ اللّٰهِ لَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِيْ مِنْ عُذْرٍ
تو مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے معافی کی امید ہے قسم ہے خدا کی مجھے کوئی عذر نہ تھا

وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ اَقْوٰى وَلَا اَيْسَرَ مِنِّيْ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْكَ
بخدا میں اتنا توانا اور تونگر کبھی نہ تھا جتنا آپ سے جدا ہو جانے کے وقت تھا

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شخص بالکل سچا ہے

فَقُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ فَقُمْتُ وَثَارَ رِجَالٌ مِّنْ بَنِيْ سَلِمَةَ
اچھا یہاں سے چلے جاؤ تاکہ خدا تمہاری نسبت کوئی حکم صادر فرمائے چنانچہ میں کھڑا ہو گیا اور بنی سلمہ کے اکثر آدمی چلے گئے

فَاتَّبَعُوْنِيْ فَقَالُوْا لِيْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْنَاكَ كُنْتَ اَذْنَبْتَ ذَنْبًا
اور میرے پیچھے ہو لیئے اور کہا خدا کی قسم ہمیں معلوم نہیں کہ تم نے

Marfat.com

قِيلَ هٰذَا وَلَقَدْ عَجَزْتَ اَنْ لَّا تَكُوْنَ اعْتَذَرْتَ اِلٰى رَسُوْلِ

میں سے پہلے کوئی گناہ کیا ہو تم اس سے عاجز ہوگئے کہ رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اعْتَذَرَ اِلَيْهِ الْمُخَلَّفُوْنَ قَدْ

صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو کوئی ایسا ہی عذر بیان کر دیتے جیسا اور لوگوں نے بیان کر دیا ہے

كَانَ كَافِيَكَ ذَنْبَكَ اسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

تمہارے گناہوں کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی استغفار

وَسَلَّمَ لَكَ فَوَاللّٰهِ مَا زَالُوْا يُؤَنِّبُوْنَنِيْ حَتّٰى اَرَدْتُّ اَنْ اَرْجِعَ

کافی تھی خدا کی قسم لوگ مجھے اسی طرح ملامت کرتے رہے یہانتک کہ میں نے ٹھان لی کہ واپس جا کر

فَاُكَذِّبَ نَفْسِيْ ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ هَلْ لَقِيَ هٰذَا مَعِيَ اَحَدٌ

اپنے آپ کو جھٹلاؤں پھر میں نے لوگوں سے پوچھا کہ اس حال میں کوئی اور بھی میرا شریک ہے

قَالُوْا نَعَمْ رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَا قُلْتَ فَقِيْلَ لَهُمَا مِثْلَ

انہوں نے کہا ہاں دو آدمی اور ہیں اُنکا تمہارا قول ایک ہے اور اُنکو بھی وہی جواب ملا ہے

مَا قِيْلَ لَكَ فَقُلْتُ مَنْ هُمَا قَالُوْا مُرَارَةُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْعَمْرِيُّ

جو تمہیں میں نے کہا وہ کون کون ہیں جواب دیا مرارۃ بن ربیع عمری

وَهِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ الْوَاقِفِيُّ فَذَكَرُوْا لِيْ رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ

اور ہلال بن امیہ واقفی غرضکہ لوگوں نے مجھسے ان دو نیک آدمیوں کا ذکر کیا

قَدْ شَهِدَا بَدْرًا فِيْهِمَا اُسْوَةٌ فَمَضَيْتُ حِيْنَ ذَكَرُوْهُمَا

جو جنگ بدر میں حاضر تھے اور جنمیں نیک خصلتیں تھیں جب انکا ذکر آیا تو میں اپنے ارادہ سے باز رہا

لِيْ وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو

Marfat.com

كَلَامِنَا أَيُّهَا الثَّلٰثَةُ مِنْ بَيْنِ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ فَاجْتَنَبَ

منجملہ پیچھے رہ جانے والوں کے ہم تینوں کے ساتھ کلام کرنے سے منع فرمایا تو لوگ ہم سے پرہ

النَّاسُ وَتَغَيَّرُوا لَنَا حَتّٰى تَنَكَّرَتْ فِي نَفْسِي الْأَرْضُ فَمَا

اور بگڑ گئے یہاں تک کہ میرے نزدیک زمین اجنبی بن گئی اور

الَّتِي أَعْرِفُ فَلَبِثْنَا عَلٰى ذٰلِكَ خَمْسِينَ لَيْلَةً فَأَمَّا صَاحِ

پہلی سی نہ رہی پھر پچاس رات تک ہم اسی حالت میں رہے اس اثنا میں وہ دو شخص

فَاسْتَكَانَا وَقَعَدَا فِي بُيُوتِهِمَا يَبْكِيَانِ وَأَمَّا أَنَا فَكُنْتُ أَشَبَّ

ذلیل ہو کر گھر میں بیٹھے رویا کیے البتہ میں

الْقَوْمِ وَأَجْلَدَهُمْ فَكُنْتُ أَخْرُجُ فَأَشْهَدُ الصَّلٰوةَ مَعَ

لوگوں سے ملتا جلتا بات چیت کرتا باہر نکلتا مسلمانوں کے ساتھ نماز میں

الْمُسْلِمِينَ وَأَطُوفُ فِي الْأَسْوَاقِ وَلَا يُكَلِّمُنِي أَحَدٌ وَآتِي

حاضر ہوتا اور بازاروں میں پھرتا رہا لیکن مجھے کوئی کلام نہ کرتا تھا

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَهُوَ

میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اسوقت سلام کیا کرتا تھا جب

فِي مَجْلِسِهِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَأَقُولُ فِي نَفْسِي هَلْ حَرَّكَ

آپ نماز کے بعد مجمع میں تشریف رکھا کرتے تھے اور اپنے دل میں کہا کرتا تھا کہ دیکھوں

شَفَتَيْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ عَلَيَّ أَمْ لَا ثُمَّ أُصَلِّي قَرِيبًا مِنْهُ

سلام کے جواب میں آپ کے ہونٹ ہلتے ہیں یا نہیں پھر میں آپ کے قریب کھڑا ہو کر نماز پڑھتا

فَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ عَلٰى صَلٰوتِي أَقْبَلَ إِلَيَّ

اور کنکھیوں سے آپکو دیکھتا جب میں نماز کی طرف متوجہ ہوتا تو آپ میری طرف دیکھ لیتے

Marfat.com

اِذَا الْتَفَتُّ نَحْوَهُ اَعْرَضَ عَنِّيْ حَتّٰى اِذَا طَالَ عَلَيَّ ذٰلِكَ

اور جب مین آپکی طرف دیکھتا تو منہ پھیر لیتے یہانتک کہ جب مجھ پر

مِنْ جَفْوَةِ النَّاسِ مَشَيْتُ حَتّٰى تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ

لوگون کی زیادتی حد سے بڑھ گئی تو مین ابو قتادہ کے باغ کی دیوار کی طرف چلا

اَبِيْ قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّيْ وَاَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ فَسَلَّمْتُ

ابو قتادہ میرے چچا کے بیٹے بھائی اور تمام لوگون سے زیادہ دوست تھے مینے سلام کیا

عَلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ فَقُلْتُ يَا اَبَا قَتَادَةَ

خدا کی قسم انھون نے سلام کا جواب نہیں دیا مینے کہا اے ابو قتادہ

اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُنِيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَسَكَتَ

مین اللہ کا واسطہ دیکر تم سے پوچھتا ہون کیا تمکو معلوم ہو کہ خدا رسول کو دوست رکھتا ہون وہ خاموش رہے

فَعُدْتُّ لَهٗ فَنَشَدْتُّهٗ فَسَكَتَ فَعُدْتُّ لَهٗ فَنَشَدْتُّهٗ

مینے دوبارہ سوال کیا اور وہ پھر خاموش رہے مین نے تیسری مرتبہ بھی سوال کیا

فَقَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَفَاضَتْ عَيْنَايَ وَتَوَلَّيْتُ حَتّٰى

ابو قتادہ نے کہا اسکا حال خدا رسول ہی کو معلوم ہے یہ سنکر میرے آنسو نکل پڑے اور مین

تَسَوَّرْتُ الْجِدَارَ قَالَ فَبَيْنَا اَنَا اَمْشِيْ بِسُوْقِ الْمَدِيْنَةِ

وہان سے لوٹ کر اپنے گھر کی دیوار کی طرف چلا (کعب بن مالک نے) کہا مین اسی اثنا مین مدینہ کے بازار مین

اِذَا نَبَطِيٌّ مِنْ اَنْبَاطِ اَهْلِ الشَّامِ مِمَّنْ قَدِمَ بِالطَّعَامِ

چلا جاتا تھا کہ شامیون کے کاشتکارون مین سے جو مدینہ مین غلہ لا کر بیچا کرتے تھے ایک

يَبِيْعُهٗ بِالْمَدِيْنَةِ يَقُوْلُ مَنْ يَّدُلُّ عَلٰى كَعْبِ

کاشتکار کہہ رہا تھا کہ کوئی شخص مجھے کعب بن مالک کو بتا سکتا ہے

ابْنِ مَالِكٍ فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيرُوْنَ لَهُ حَتّٰى إِذَا

لوگوں نے اُسے میرا پتا بتادیا یہاں تک کہ جب وہ شخص

جَاءَنِي دَفَعَ إِلَيَّ كِتَابًا مِّنْ مَّلِكِ غَسَّانَ فَإِذَا فِيهِ

میرے پاس آیا تو غسّان کے بادشاہ کا ایک خط میرے حوالے کیا جس میں لکھا تھا

أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ

اما بعد مجھے معلوم ہوا ہے کہ تیرے صاحب نے تجھپر ظلم کیا ہے

وَلَمْ يَجْعَلْكَ اللّٰهُ بِدَارِ هَوَانٍ وَّلَا مَضْيَعَةٍ فَالْحَقْ

اور خدا نے تجھے ذلت کے گھر میں نہیں اُتارا نہ ایسے مقام میں کہ تیرا حق مارا جائے تو

بِنَا نُوَاسِكَ فَقُلْتُ لَمَّا قَرَأْتُهَا وَهٰذَا أَيْضًا مِّنَ الْبَلَاءِ

ہمارے پاس چلا آ ہم تیری غمخواری کرنیکو تیار ہیں میںنے خط پڑھ کر کہا کہ یہ بھی ایک بڑی

فَتَيَمَّمْتُ بِهَا التَّنُّوْرَ فَسَجَرْتُهُ بِهَا حَتّٰى إِذَا مَضَتْ

جانچ ہے چنانچہ میںنے خط کو چولہے میں جھونک دیا یہاں تک کہ جب پچاس

أَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً مِّنَ الْخَمْسِيْنَ إِذَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ

راتوں میں سے چالیس راتیں گذر لیں تو دفعۃً رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيْنِي فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد میرے پاس آکر کہنے لگا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ

صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ تم اپنی عورت سے علیحدہ ہوجاؤ

فَقُلْتُ أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا أَفْعَلُ قَالَ

میںنے کہا اُسے طلاق دیدوں یا کیا کروں ۔ کہا

ف قولہ نواسک من المواساۃ ۱۲ قولہ وھذا ایضا من البلاء وعند ابن ابی شیبۃ فرطع ... ابن النکوۃ ... وھذا یدل علی قوۃ ایمانہ وشدۃ محبتہ ... ورسولہ ... علی ما لا یخفی ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... حتی رغب فی اھل ... قولہ اذا رسول رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ...

ل اعتزلها ولا تقربها وأرسل إلى صاحبي مثل

ق نہ دو بلکہ اُس سے علیحدہ ہو جاؤ اور ہمبستر نہو اور یہی پیام آنحضرت نے میرے دونوں یاروں

ك فقلت لامرأتي الحقي بأهلك فتكوني عندهم

ں پاس بھیجا۔ میں نے اپنی عورت سے کہا کہ تو اپنے کنبے میں جاکر رہ جب تک

ى يقضي الله في هذا الأمر قال كعب فجاءت

خدا اس بارہ میں کوئی قطعی فیصلہ کردے (کعب نے) کہا اسکے بعد

مرأة هلال بن أمية رسول الله صلى الله عليه

ل بن اُمیہ کی عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

سلم فقالت يا رسول الله إن هلال بن أمية

لم کے پاس آکر عرض کیا کہ اے رسول خدا ہلال بن امیہ

شيخ ضائع ليس له خادم فهل تكره أن أخدمه

ت ہو جانیوالا بوڑھا ہے اسکے پاس کوئی خدمتگار نہیں تو کیا آپ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ میں اُسکی

ل لا ولكن لا يقربك قالت إنه والله ما به حركة

بت کروں حضرت نے فرمایا نہیں لیکن وہ تجھ سے ہمبستر نہو عورت نے کہا خدا کی قسم اُسے کسی

ى شيء والله ما زال يبكي منذ كان من أمره

یز کی طرف حرکت نہیں ہوتی بخدا جس وقت سے اُسے یہ حادثہ پیش

ما كان إلى يومه هذا فقال لي بعض

ہے آج کے دن تک برابر رو رہا ہے اسیر میرے بعض متعلقین نے

أهلي لو استأذنت رسول الله صلى الله

ہا کہ اگر تم بھی اپنی عورت کے بارہ میں رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَأَتِكَ كَمَا اَذِنَ لِامْرَأَةِ هِلَالِ بْنِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگتے تو تمہیں بھی اجازت مل جاتی جیسا کہ ہلال

اُمَيَّةَ اَنْ تَخْدُمَهُ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا اَسْتَاْذِنُ فِيْهَا

بن امیہ کی عورت کو ہلال کی خدمت کرنے کی اجازت ملگئی میںنے کہا بخدا میں اپنی عورت کے بارہ میں

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يُدْرِيْنِيْ مَا يَقُوْلُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت نہ مانگوں گا اور مجھے کیا معلوم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنْتُهُ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرمائیں جبکہ میں اسکی بابت آپ سے

فِيْهَا وَاَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَبِثْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَشْرَ

اجازت چاہوں حالانکہ میں جوان آدمی ہوں (اپنی خدمت آپ کرسکتا ہوں الغرض) اسکے بعد

لَيَالٍ حَتّٰى كَمُلَتْ لَنَا خَمْسُوْنَ لَيْلَةً مِّنْ حِيْنِ نَهٰى

دس راتیں اور گذر گئیں یہانتک کہ پچاس راتیں پوری ہوگئیں اس وقت سے کہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِنَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ہمارے ساتھ کلام کرنے سے منع فرمایا تھا

فَلَمَّا صَلَّيْتُ صَلٰوةَ الْفَجْرِ صُبْحَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً وَاَنَا

جب میںنے پچاس راتیں گذر جانے کے بعد صبح کے وقت فجر کی نماز پڑھی اور میں

عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ مِّنْ بُيُوْتِنَا فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عَلَى

اپنے ایک گھر کی چھت پر تھا حقیقت میں میں اسی حالت میں بیٹھا ہوا تھا

الْحَالِ الَّتِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ قَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ

جسے خدانے بیان کیا ہے بیشک مجھ پر میری جان اجیرن ہوگئی

نفسی وضاقت علی الارض بما رحبت سمعت

زمین باوجود فراخ ہونے کے تنگ ہوگئی کہ میں نے

صوت صارخ اوفی علی جبل سلع باعلی صوته

ایک چلانے والے کی آواز سنی جوکوہ سلع پر چڑھ کر باآواز بلند پکار رہا تھا

یا کعب بن مالک ابشر قال فخررت ساجدا

کہ اے کعب بن مالک خوش ہوجاؤ کعب نے کہا میں فوڑا سجدہ میں گر پڑا

وعرفت ان قد جاء فرج واذن رسول الله

اور معلوم کرلیا کہ اب کشائش کا دروازہ کھلا۔ رسول اللہ

صلی الله علیه وسلم بتوبة الله علینا حین

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری توبہ کی قبولیت کی اسوقت خبردی جبکہ آپ نے

صلی صلوة الفجر فذهب الناس یبشروننا

فجر کی نماز اداکی آدمی ادہر تو مجھے خوشخبری دینے کے لئے دوڑے

وذهب قبل صاحبی مبشرون ورکض الی رجل

اور ادہر میرے دونوں یاروں کے پاس خوشخبری دینے والے پہونچے۔ ایک شخص میری طرف

فرسا وسعی ساع من اسلم فاوفی علی الجبل

گھوڑا دوڑاتا آیا اور قبیلۂ اسلم کا ایک شخص دوڑ کر پہاڑ پر چڑھ گیا

وکان الصوت اسرع من الفرس فلما جاءنی

چونکہ آواز گھوڑے سے زیادہ تیز رفتار تھی (اسلئے گھوڑے سوار سے پیشتر مجھے اس خوشخبری ملی) جب مجھے

الذی سمعت صوته یبشرنی نزعت

وہ شخص خوشخبری دینے آیا جس کی میں نے آواز سنی تھی تو میں نے

۱۰۱

رقم فوق ورکض الی ... للعدو ... سلع جبل ... الزبیر ... العوام ... بن ... اسلمی ... عمرو الاسلمی ... رواه ابن عائذ ... الزبیر ... ابو بکر ... صدیق ... وشیلہ ... فرکان ... کما ... ای من ... قسطلانی

لَهٗ ثَوْبَيَّ فَكَسَوْتُهٗ اِيَّاهُمَا بِبُشْرَاهُ وَاللّٰهِ مَا اَمْلِكُ

اُسے اس خوشخبری دینے کے صلہ میں اپنے دونوں کپڑے اُتار کر پہنا دیئے۔ خدا کی قسم

غَيْرَهُمَا يَوْمَئِذٍ وَاسْتَعَرْتُ ثَوْبَيْنِ فَلَبِسْتُهُمَا

اس دن ان دو کپڑوں کے علاوہ اور کپڑا میری ملکیت میں نہ تھا چنانچہ میں دو کپڑے مانگ کر پہن لئے

وَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف روانہ ہوا

فَيَتَلَقَّانِي النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا يُهَنِّئُوْنِّيْ بِالتَّوْبَةِ

لوگوں کا یہ حال تھا کہ جوق جوق میرے سامنے آکر قبول توبہ کی مبارکبادی دیتے تھے

يَقُوْلُوْنَ لِتَهْنِكَ تَوْبَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ قَالَ كَعْبٌ حَتّٰى

(اور) کہتے تھے خدا کا تجھپر رحمت کے ساتھ رجوع ہونا مبارک (کعبؓ) کہا یہانتک

دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

کہ میں مسجد میں جاکر رسول اللہ صلی اللہ وسلم سے ملاقات کی

سَلَّمَ جَالِسٌ حَوْلَهُ النَّاسُ فَقَامَ اِلَيَّ طَلْحَةُ بْنُ

حالانکہ آپ کے گرداگرد لوگ بیٹھے ہوئے تھے طلحہ بن عبید اللہ مجھے دیکھکر فوراً اٹھ کھڑے ہو گئے

عُبَيْدِ اللّٰهِ يُهَرْوِلُ حَتّٰى صَافَحَنِيْ وَهَنَّانِيْ وَاللّٰهِ

اور میری طرف دوڑ کر آئے یہانتک کہ مجھسے مصافحہ کرکے مبارکبادی دی قسم خدا کی

مَا قَامَ اِلَيَّ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ غَيْرُهٗ وَلَا اَنْسَاهَا

مہاجرون میں سے طلحہ کے سوا کوئی شخص میرے لئے کھڑا نہیں ہوا اور میں طلحہ کا

لِطَلْحَةَ قَالَ كَعْبٌ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہ احسان کبھی نہ بھولونگا (کعبؓ) کہا جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

۱۰۲

Marfat.com

۱۰۳

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

سلام کیا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُورِ أَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ

حالانکہ آپکا چہرہ مبارک مارے خوشی کے چمک رہا تہا کہ کعب! تجھے اس

مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ قَالَ قُلْتُ أَمِنْ

دن کے سبب خوش ہونا چاہیے جو تیرے پیدا ہونے کے زمانہ سے اسوقت تک تمام دنوں میں بہت بہتر گذرا (کعب) کہتے ہیں عرض کیا

عِنْدِكَ يَا رَسُولَ اللهِ أَمْ مِنْ عِنْدِ اللهِ قَالَ لَا بَلْ مِنْ

اے رسول خدا (یہ خوشخبری) آپ کی طرف سے ہے یا خدا کی جانب سے فرمایا نہیں

عِنْدِ اللهِ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خدا کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاعدہ تہا

إِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتَّى كَأَنَّهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ

کہ جب خوش ہوتے تھے تو آپ کا چہرہ مبارک چمک اٹھتا تھا گویا چاند کا ٹکڑا

وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ

اور ہم اُسے خوشی کا سبب جانتے تھے جب میں حضرت کے آگے بیٹھا

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ

تو عرض کیا اے رسول خدا میری قبولیت توبہ کا شکریہ یہ ہے کہ سارے مال سے

مَالِي صَدَقَةً إِلَى اللهِ وَإِلَى رَسُولِ اللهِ قَالَ

دست بردار ہو جاؤں (اور اُسے) خدا اور رسول خدا کیلئے خالص صدقہ کردوں

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ

کہ تھوڑا سا مال اپنے پاس روک لے کیونکہ یہ تیرے لئے بہتر ہے میں نے کہا

فَإِنِّي أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ

حضرت! خیبر میں جو میرا حصہ ہے میں نے اُسے اپنے لیے رکھ چھوڑا ہے پھر میں نے کہا اے

اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ إِنَّمَا نَجَّانِي بِالصِّدْقِ وَإِنَّ مِنْ تَوْبَتِي

خدا کے رسول۔ خدا نے مجھے سچائی اور راستبازی کی وجہ سے نجات دی اور میری

أَنْ لَا أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا مَا بَقِيتُ فَوَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ

توبہ یہ ہے کہ جب تک زندہ رہوں سوائے سچ کے بات نہ کہوں قسم خدا کی جب سے

أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَبْلَاهُ اللّٰهُ فِي صِدْقِ الْحَدِيثِ

کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا واقعہ سچ سچ بیان کیا ہے

مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اُسوقت سے آج کے دن تک مجھے کوئی مسلمان معلوم نہیں ہوتا جسے سچ بولنے کی

وَسَلَّمَ إِلَى يَوْمِي هٰذَا أَحْسَنَ مِمَّا أَبْلَانِي

صلہ میں خدا نے نعمت عطا کی ہو اور وہ میری جیسی نعمت سے ممتاز ہوا ہو

وَمَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ

اور جب سے کہ میں نے یہ بات پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى يَوْمِي هٰذَا كَذِبًا

صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی آجتک کبھی جھوٹ بولنے کا ارادہ نہیں کیا

وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَحْفَظَنِيَ اللّٰهُ فِيمَا بَقِيتُ

اور مجھے خدا سے امید ہے کہ جبتک زندہ رہونگا وہ مجھے جھوٹ بولنے سے بچاتا رہے گا

Marfat.com

نزل اللہ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

خدا تعالیٰ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر

لقد تاب اللہ علی النبی والمھاجرین الی قولہ

لقد تاب اللہ علی النبی والمھاجرین سے

کونوا مع الصادقین فواللہ ما انعم اللہ علی من

کونوا مع الصادقین تک چند آیتیں نازل فرمائیں قسم خدا کی اللہ نے

نعمۃ قط بعد ان ھدانی للاسلام اعظم فی نفسی

ہدایت اسلام کی نعمت کے بعد مجھے کبھی کوئی ایسی نعمت عطا نہیں کی جو میرے نزدیک

من صدقی لرسول اللہ ان لا اکون کذبتہ

پیغمبر خدا کے آگے سچ بولنے سے زیادہ عظمت رکھتی ہو وہ یہ کہ میں آپ سے جھوٹ نہیں بولا

فاھلک کما ھلک الذین کذبوا فان اللہ قال للذین

ورنہ جس طرح اور جھوٹ بولنے والے تباہ ہوئے میں بھی اسی طرح برباد ہو جاتا کیونکہ خدا نے

کذبوا حین انزل الوحی شر ما قال لاحد

جھوٹ بولنے والوں کو وحی نازل کرتے وقت ایسی بری طرح سے یاد کیا جو یاد کرنے کا حق ہے

قال اللہ تبارک وتعالیٰ سیحلفون باللہ لکم

پنچہ خدا بزرگ وبرتر نے سیحلفون باللہ لکم

اذا انقلبتم الیھم الی قولہ فان اللہ لا یرضی عن

اذا انقلبتم الیھم سے فان اللہ لا یرضی

القوم الفاسقین قال کعب وکنا تخلفنا

عن القوم الفاسقین تک ان کی برائی بیان کی ہے کعب نے کہا کہ ہم

105

أَيُّهَا الثَّلٰثَةُ عَنْ أَمْرِ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ

تینوں آدمی اُن لوگوں کے حکم سے پیچھے چھوڑ دیئے گئے جن کا عذر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ حَلَفُوْا لَهٗ فَبَايَعَهُمْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کیا جبکہ انہوں نے آپکو خوش کرنے کیلئے قسمیں کھائیں

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَأَرْجَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت نے اُنکی بیعت قبول کرکے دعاء مغفرت کی اور ہمارے بارہ میں رسول خدا

وَسَلَّمَ أَمْرَنَا حَتّٰى قَضَى اللّٰهُ فِيْهِ فَبِذٰلِكَ قَالَ اللّٰهُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک تاخیر کی کہ خود خدا نے فیصلہ کردیا اسی وجہ سے

وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا وَلَيْسَ لِلَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ

اللہ تعالی نے فرمایا وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا اس آیت میں خدا نے

مِمَّا خُلِّفْنَا عَنِ الْغَزْوِ وَإِنَّمَا هُوَ تَخْلِيْفُهٗ إِيَّانَا وَإِرْجَاءُهٗ

ہمارا غزوہ سے پیچھے رہجانا مذکور نہیں فرمایا بلکہ حضرت کا ہمیں پیچھے رکھنا اور آپکا ہمارے

أَمْرَنَا عَمَّنْ حَلَفَ لَهٗ وَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُ

کام کو ان لوگوں سے موخر کرنا مذکور فرمایا جنہوں نے آپکے خوش کرنے کو قسمیں کھائیں اور معذرت کی جسکو

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ الْمَغَازِيْ

حضرت نے انکی معذرت قبول کی - اس حدیث کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب المغازی -

فِيْ بَابِ حَدِيْثِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ

حدیث کعب بن مالک کے باب میں اور مسلم نے

فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ التَّوْبَةِ وَعَنْ إِسْحَاقَ

صحیح مسلم کی کتاب التوبہ میں روایت کیا ہے اسحاق

بْنِ رَاشِدٍ اَنَّ الزُّهْرِيَّ حَدَّثَهٗ قَالَ اَخْبَرَنِیْ

بن راشد سے روایت ہے کہ مجھسے زہری نے حدیث بیان کی (اور) کہا کہ

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ

کعب بن مالک کے پوتے عبداللہ کے بیٹے عبدالرحمن نے مجھے اپنے باپ سے خبر دی

اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ اَحَدُ

عبداللہ نے کہا مین نے اپنے والد کعب بن مالک کو سنا۔ اور وہ

اور ڈر سنانے والا بھیجا ہے اور خدا تعالےٰ نے سورۂ احزاب میں فرمایا

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

اے نبی ہمنے تمہیں گواہ اور خوشی

وَّنَذِيْرًا ۙ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا

اور ڈرسنانے والا اور اپنی توفیق سے خدا کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بناکر بھیجا ہے

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ لَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ میں نے عبداللہ بن

عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قُلْتُ اَخْبِرْنِيْ عَنْ صِفَةِ رَسُوْلِ

عمرو بن العاص سے ملکر کہا کہ مجھ سے رسول خدا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي التَّوْرٰىةِ قَالَ

صلے اللہ علیہ وسلم کی وہ صفت بیان کرو جو توریت میں ہے جواب دیا

اَجَلْ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمَوْصُوْفٌ فِي التَّوْرٰىةِ بِبَعْضِ

ہاں قسم خدا کی حضرت بعض ان صفتوں کے ساتھ توریت میں

صِفَتِهٖ فِي الْقُرْاٰنِ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

موصوف ہیں جو قرآن میں ہیں اور وہ یہ ہیں اے نبی ہمنے تمہیں

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّحِرْزًا لِّلْاُمِّيِّيْنَ اَنْتَ

گواہ اور خوشی اور ڈرسنانے والا اور ان پڑھوں کی پناہ بناکر بھیجا ہے تم

عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ

میرے بندے اور میرے پیغمبر ہو میں نے تمہارا نام متوکل رکھا نہ بدخو

وَّلَا غَلِيْظٍ وَّلَا صَخَّابٍ فِي الْاَسْوَاقِ وَلَا يَدْفَعُ

نہ درشت گو نہ بازاروں میں چیخنے والا

Marfat.com

بالسيئة السيئة ولكن يعفو ويغفر ولن

بدی کی تلافی بدی سے نہیں کرتا لیکن درگزر کرتا اور بخشش کرتا ہے

يقبضه الله حتى يقيم به الملة العوجاء بان

خدا اسے دنیا سے ہرگز نہ اٹھائیگا جبتک کہ اسکی وجہ سے ٹیڑھی ملت سیدھی نکر دیگا اس طور

يقولوا لا اله الا الله وتفتح بها اعين عمى واذان

کہ لوگ کہنے لگینگے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور اندھی آنکھیں بہرے

صم وقلوب غلف رواه البخاري في صحيحه

کان پردے میں پڑے ہوئے دل اس سے کھل جائینگے اسے بخاری نے

في كتاب البيوع في باب كراهية الصخب

صحیح بخاری کی کتاب البیوع کے اس باب میں روایت کیا ہے جس میں

في السوق وقال الله تعالى في سورة السباء ١٩٠

بازاروں میں چلانے کی کراہیت کا ذکر ہے اور اللہ تعالے نے سورۂ سبا میں

وما ارسلنك الا كافة للناس بشيرا

فرمایا کہ محمد! ہمنے تمہیں دنیا جہان کے تمام لوگوں کے لئے خوشی

ونذيرا ولكن اكثر الناس لا يعلمون عن

اور ڈر سنانے والا بھیجا ہے لیکن اسے اکثر لوگ نہیں جانتے

ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

انه قال والذي نفس محمد بيده لا يسمع

فرمایا اس خدا کی قسم جس کے ید قدرت میں محمد کی جان ہے

Marfat.com

191

احد من هذه الامة يهودى او نصرانى

اس امت میں سے کوئی شخص خواہ یہودی ہو خواہ نصرانی مجھے سنکر

م يموت ولم يؤمن بالذى ارسلت به الا كان

ر جائیگا اور جس چیز کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں اسپر ایمان نہ لائیگا تو وہ

من اصحاب النار رواه مسلم فى صحيحه

دوزخیوں میں سے ہوگا۔ اس حدیث کو مسلم نے صحیح مسلم کی

ى كتاب الايمان فى باب وجوب الايمان

تاب الایمان کے اس باب میں روایت کیا ہے جسمیں اس بات کا ذکر ہے کہ اسپر ایمان لانا واجب

رسالة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم الى

کہ ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں کی طرف بھیجے گئے ہیں

جميع الناس وقال الله تعالى فى سورة الاحزاب

اور اللہ تعالے نے سورۂ احزاب میں فرمایا ہے

ما كان محمد ابا احد من رجالكم ولكن رسول

کہ محمد تمہارے مردوں میں سے کسیکے باپ نہیں ہیں ہاں خدا کے رسول

الله وخاتم النبيين وكان الله بكل شىء عليما

اور پیغمبروں کی مہر ہیں اور خدا ہر چیز کو جانتا ہے

عن ابى هريرة ان رسول الله صلى الله عليه

ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم قال ان مثلى ومثل الانبياء من قبلى كمثل

وسلم نے فرمایا میرے اور مجھ سے پیشتر کے پیغمبروں کی مثال بعینہ اس شخص کی مانند ہے

رَجُلٍ بَنٰی بَیْتًا فَاَحْسَنَهٗ وَاَجْمَلَهٗ اِلَّا مَوْضِعَ

جس نے ایک گھر بنایا اور اسے خوب بنایا سنوارا رونق وزینت دی۔ ا

لَبِنَةٍ مِّنْ زَاوِیَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ یَطُوْفُوْنَ بِهٖ

مکان کے گوشہ کی ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی اب آدمیوں نے اسکے چاروں طرف پھرنا شروع کیا

وَیَتَعَجَّبُوْنَ لَهٗ وَیَقُوْلُوْنَ هَلَّا وُضِعَتْ هٰذِهِ

وہ اُسے دیکھ دیکھ کر تعجب کرتے اور کہتے تھے یہ اینٹ کیوں نہیں رکھی گئی

اللَّبِنَةُ قَالَ فَاَنَا اللَّبِنَةُ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ رَوَاهُ

حضرت نے فرمایا تو میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں ہی خاتم النبیین ہوں

الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ کِتَابِ الْاَنْبِیَاءِ فِیْ بَابِ

اس حدیث کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء باب

خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ تَغْیِیْرٍ یَسِیْرٍ فِیْ

خاتم النبیین میں اور مسلم نے تھوڑے سے لفظی تغیر کے ساتھ

بَعْضِ الْاَلْفَاظِ فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ کِتَابِ الْفَضَائِلِ

صحیح مسلم کی کتاب الفضائل کے

فِیْ بَابِ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ مَعَ

باب خاتم النبیین میں اور ترمذی نے کچھ کمی بیشی کے ساتھ

تَغْیِیْرٍ یَسِیْرٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ فِیْ جَامِعِهٖ فِی الْمَنَاقِبِ

جامع ترمذی کے ابواب مناقب میں ابی بن کعب سے روایت کیا ہے

اَلْبَابُ الثَّالِثُ عَشَرَ فِیْ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ

تیرھواں باب نبوت کی علامات اور معجزات کے بیان میں

Marfat.com

المعجزات قال الله تعالى في سورة البقرة

خدا تعالیٰ نے سورۂ بقر میں فرمایا

وقال الذين لا يعلمون لولا يكلمنا الله أو تأتينا

اور بے علم لوگ یعنے اہل کتاب یا مشرکین مکہ کہنے لگے کہ خدا ہمسے کیوں نہیں بات کرتا یا

آية كذلك قال الذين من قبلهم مثل قولهم

ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی اسیطرح انسے اگلے ان ہی کی سی بات کہہ چکے ہیں

تشابهت قلوبهم قد بينا الآيات لقوم يوقنون

انکے دل ایک سے ہیں ہمنے اُن لوگوں کیلئے نشانیاں بیان کردیں جنہیں یقین ہے

عن أبي هريرة قال قال النبي صلى الله عليه

ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ

وسلم ما من الأنبياء نبي إلا أعطي ما مثله

وسلم نے فرمایا گذشتہ پیغمبروں میں سے ہر ایک پیغمبر اپنے پیغمبر کے مانند معجزات دیا گیا

أَمَنَ عَلَيْهِ الْبَشَرُ وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِي أُوتِيتُهُ
جس پر آدمی ایمان لائے لیکن میرا بڑا معجزہ قرآن ہے
أَوْحَاهُ اللهُ إِلَيَّ وَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَكْثَرَهُمْ تَابِعًا
جسے خدا نے مجھپر وحی کیا اسی لئے مجھے امید ہے کہ قیامت کے روز میری پیروی کرنیوالے
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيحِهِ فِي أَوَّلِ
اور پیغمبروں کے تابعداروں سے بہت زیادہ ہونگے۔ اسے بخاری نے صحیح بخاری کی
كِتَابِ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ فِي صَحِيحِهِ
کتاب فضائل القرآن کے شروع میں اور مسلم نے صحیح مسلم کی
فِي كِتَابِ الْإِيمَانِ فِي بَابِ وُجُوبِ الْإِيمَانِ
کتاب الایمان کے اس باب میں روایت کیا ہے جسمیں آنحضرت پر ایمان لانا واجب بتایا گیا ہے
بِرِسَالَةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَمِيعِ
کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم عام خلائق کی طرف بھیجے گئے ہیں
النَّاسِ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ
قتادہ سے روایت ہے اور وہ انس سے روایت کرتے ہیں کہ نبی
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ وَهُوَ بِالزَّوْرَاءِ فَوَضَعَ
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک برتن لایا گیا اور آپ مقام زوراء میں تشریف رکھتے تھے
يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ
آپ نے اپنا دست مبارک برتن میں رکھا اور انکی انگلیوں کے بیچ میں سے پانی بہنے لگا
فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ قَالَ قَتَادَةُ قُلْتُ لِأَنَسٍ كَمْ كُنْتُمْ
تمام لوگوں نے نہایت اطمینان سے وضو کیا۔ قتادہ کہتے ہیں میں نے انس سے پوچھا تم کتنے تھے

196

وبجوار الزوراء بفتح الزاي وسکون الواو وبعدها راء ممدودة موضع بسوق المدينة قاله العلامة القسطلانی

195

قَالَ ثَلٰثَمِائَةٍ اَوْ زُهَاءَ ثَلٰثَمِائَةٍ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

کہا تین سو یا تین سو کے مقدار اس حدیث کو بخاری نے

فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ کِتَابِ الْاَنْبِیَاءِ فِیْ بَابِ عَلَامَاتِ

صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء باب علامات

النُّبُوَّةِ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ تَغَیُّرٍ یَسِیْرٍ فِیْ

النبوۃ میں اور مسلم نے تھوڑے سے تغیر کے ساتھ

صَحِیْحِهٖ فِیْ اَوَّلِ کِتَابِ الْفَضَائِلِ وَعَنْ

صحیح مسلم کی شروع کتاب الفضائل میں روایت کیا ہے

جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عَطِشَ النَّاسُ یَوْمَ

جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حدیبیہ کے دن لوگوں کو پیاس لگی

الْحُدَیْبِیَةِ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے

بَیْنَ یَدَیْهِ رَكْوَةٌ فَتَوَضَّأَ فَجَهَشَ النَّاسُ نَحْوَهٗ

آگے چھاگل رکھی ہوئی تھی آپ نے وضو کیا تو لوگ پانی کے لئے آپ کی طرف دوڑے

قَالَ مَا لَكُمْ قَالُوْا لَیْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ

فرمایا کیا حال ہے عرض کیا نہ تو ہمارے پاس وضو کے لئے پانی ہے

وَلَا نَشْرَبُ اِلَّا مَا بَیْنَ یَدَیْكَ فَوَضَعَ یَدَهٗ فِی

نہ پینے کے لئے مگر صرف اسقدر جو آپ کے سامنے رکھا ہے حضرت نے اپنا ہاتھ مبارک

الرَّكْوَةِ فَجَعَلَ الْمَاءُ یَثُوْرُ بَیْنَ اَصَابِعِهٖ كَاَمْثَالِ

چھاگل میں رکھا ہاتھ رکھتے ہی آپ کی انگلیوں کے بیچ سے چشموں کی طرح پانی ابلنے لگا

Marfat.com

الْعُيُونُ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا قُلْتُ كَمْ كُنْتُمْ
تو ہمنے خوب سیر ہوکر پیا اور اچھی طرح وضو کیا میں نے کہا تم کتنے آدمی تھے
قَالَ لَوْ كُنَّا مِائَةَ أَلْفٍ لَكَفَانَا كُنَّا خَمْسَ
کہا اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو بھی پانی ہمیں کافی ہوجاتا مگر ہم
عَشْرَةَ مِائَةً وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كُنَّا يَوْمَ
پندرہ سو آدمی تھے براء سے روایت ہے کہ حدیبیہ کے
الْحُدَيْبِيَةِ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَالْحُدَيْبِيَةُ
دن ہم چودہ سو آدمی تھے حدیبیہ
بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا حَتَّى لَمْ نَتْرُكْ فِيهَا قَطْرَةً فَجَلَسَ
ایک کنویں کا نام ہے ہمنے اس سے یہانتک پانی کھینچا ایک قطرہ تک نہ چھوڑا اس کے بعد
النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَفِيرِ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کنویں کے کنارہ پر بیٹھکر
الْبِئْرِ فَدَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَمَجَّ فِي الْبِئْرِ
پانی مانگا پھر آپنے کلی کی اور وہ پانی کنویں میں ڈال دیا
فَمَكَثْنَا غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ اسْتَقَيْنَا حَتَّى رَوِينَا
ہمیں کچھ یوں ہی سا انتظار کرنا پڑا کہ کنویں میں سے یہانتک پانی کھینچا کہ خوب سیراب ہوگئے
وَرَوِيَتْ أَوْ صَدَرَتْ رِكَابُنَا وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ
اور ہماری سواریاں بھی سیراب ہوکر اپنی جگہ چلی گئیں عبداللہ سے روایت ہے
قَالَ كُنَّا نَعُدُّ الْآيَاتِ بَرَكَةً وَأَنْتُمْ تَعُدُّونَهَا
انہوں نے کہا کہ ہم لوگ معجزات کو برکت کا سبب شمار کرتے تھے اور تم انہیں

تخويفا كنا مع رسول الله صلى الله عليه

تخویف کا باعث شمار کرتے ہو۔ ہم رسول خدا صلے اللہ علیہ

وسلم في سفر فقل الماء فقال اطلبوا

وسلم کے ساتھ سفر میں تھے کہ پانی تھوڑا گیا آپنے فرمایا کہ کسی کے پاس

فضلة من ماء فجاؤا باناء فيه ماء قليل

بچا ہوا پانی ہو تو لاؤ چنانچہ لوگ ایک برتن لائے جسمیں تھوڑا سا پانی تھا

فادخل يده في الاناء ثم قال حي على الطهور

آپنے اس برتن میں اپنا دست مبارک ڈالکر فرمایا لوآؤ پاک

المبارك والبركة من الله فلقد

کرنے والے مبارک پانی پر آؤ اور برکت خدا کی طرف سے ہے

رايت الماء ينبع من بين اصابع رسول الله

میں نے پانی کو دیکھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی

صلى الله عليه وسلم ولقد كنا نسمع

انگلیوں کے بیچ میں سے ابل رہا تھا نیز ہم

تسبيح الطعام وهو يؤكل روى البخاري

کھانے کی تسبیح کرنا سنا کرتے تھے حالانکہ وہ کھایا جاتا تھا

الاحاديث الثلثة في صحيحه في كتاب

ان تینوں حدیثوں کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب

الانبياء في باب علامات النبوة وعن

الانبیاء باب علامات النبوۃ میں روایت کیا ہے

Marfat.com

سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ خَفَّتْ اَزْوَادُ الْـ

سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ ایک دفعہ قوم کا توشہ تھوڑ

وَاَمْلَقُوْا فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـ

وہ محتاج ہوکر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے

فِيْ نَحْرِ اِبِلِهِمْ فَاَذِنَ لَهُمْ فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ فَاَخْبَرُ

اور اونٹوں کے حلال کرنے کی اجازت مانگی - آپ نے انہیں اجازت دیدی عمر ان سے ملے تو انہوں نے انکو خبر

فَقَالَ مَا بَقَاؤُكُمْ بَعْدَ اِبِلِكُمْ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِـ

حضرت عمر نے کہا بھلا اونٹوں کے بعد تمہاری زندگی کا کیا سامان ہے یہ کہکر آپ نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰـ

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا اے رسول خدا

مَا بَقَاؤُهُمْ بَعْدَ اِبِلِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّـ

اونٹوں کے ذبح کرنے کے بعد ان کے زندگی کا کیا سامان ہے رسول خدا

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادِ فِي النَّاسِ يَأْتُوْ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں ندا کردو کہ

بِفَضْلِ اَزْوَادِهِمْ فَبُسِطَ لِذٰلِكَ نِطَعٌ وَ

وہ اپنا بچا ہوا توشہ لے آئیں چنانچہ اسکے لئے چمڑے کا دسترخوان بچھایا گیا

جَعَلُوْهُ عَلَى النِّطَعِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

لوگوں نے بچا ہوا توشہ اسپر لا رکھا پیغمبر خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا وَبَرَّكَ عَلَيْهِ ثُمَّ

اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر دعا مانگی اور برکت طلب کی پھر

Marfat.com

عَاهُمْ بِأَوْعِيَتِهِمْ فَاحْتَثَى النَّاسُ حَتَّى فَرَغُوا

تھے انسے اُنکے برتن مانگے پھر لوگ لیں بھر بھر کر لیجانے لگے یہانتک کہ سب فارغ ہوگئے

ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان بعد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ رَوَاهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں خدا کا پیغمبر ہوں۔ اسے

الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ بَابِ الشَّرِكَةِ وَعَنْ جَابِرٍ

بخاری نے صحیح بخاری کی باب الشرکۃ میں روایت کیا ہے جابر سے روایت ہے

أَنَّ أَبَاهُ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى

وہ کہتے ہیں میرے والد کا اس حال میں انتقال ہوا کہ انکے ذمہ قرضہ تھا میں نے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ أَبِيْ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا

اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرا باپ اپنے ذمہ قرضہ چھوڑ گیا ہے

وَلَيْسَ عِنْدِيْ إِلَّا مَا يُخْرِجُ نَخْلُهٗ وَلَا يَبْلُغُ

اور میرے پاس بجز ان پھلوں کے اور کچھ نہیں جو اس کے نخلستان سے اترتے ہیں اور وہ

مَا يُخْرِجُ سِنِيْنَ مَا عَلَيْهِ فَانْطَلِقْ مَعِيْ لِكَيْ لَا

پھل سالہا سال تک بھی اسکے قرضہ کو وفا نہیں کر سکتے تو آپ میرے ساتھ تشریف لیچلیے

يُفْحِشَ عَلَيَّ الْغُرَمَاءُ فَمَشٰى حَوْلَ بَيْدَرٍ مِّنْ

تاکہ قرضخواہ مجھپر فحش نہ بکیں حضرت تشریف لیگئے اور کھجور کے ڈھیر میں سے ایک ڈھیر

بَيَادِرِ التَّمْرِ فَدَعَا ثُمَّ آخَرَ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ فَقَالَ

کے گرد گھومے پھر دعا برکت کرکے دوسرے ڈھیر کے گرد گئے اور اسپر بیٹھ گئے پھر فرمایا

قوله اوعی النفس لفظه اوله کسر یا اشد او فتح اول وضمه ثالث والوجهان لغتان ناصریة قال العلامة القسطلانی ۹ وقال فی فتح فمشی حول بیدر من بیادر التمر قال فی المغرب البیدر الموضع الذی یداس فیه الطعام انتهی ۱۲

Marfat.com

آبٍ غُوْرَهٗ فَأَوْفَاهُمُ الَّذِیْ لَهُمْ وَبَقِیَ مِنْهُ

کرائن کھجوروں کو کھینچ لو تاں بعد آپ نے قرضخواہوں کو انکا پورا پورا حق دیدیا اور جسقدر انہیں دیا

مَا أَعْطَاهُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِهٖ

اُتنا ہی بچ رہا اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

کِتَابِ الْأَنْبِیَاءِ فِیْ بَابِ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ

کتاب الانبیاء باب علامات النبوۃ میں روایت کیا ہے

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ بَكْرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ

عبدالرحمن بن ابی بکر سے روایت ہے کہ ہم ایک موقع پر

النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثِیْنَ وَمِائَةً

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سو تیس آدمی تھے

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا

أَحَدٍ مِّنْكُمْ طَعَامٌ فَإِذَا مَعَ رَجُلٍ صَاعٌ مِّنْ

تم میں سے کسی کے پاس کچھ کھانا ہے اتفاق سے ایک شخص کے پاس ایک صاع

طَعَامٍ أَوْ نَحْوُهٗ فَعُجِنَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُّشْرِكٌ مُّشْعَانٌ

یا صاع کے قریب آٹا تھا تو وہ خمیر کیا گیا پھر ایک مشرک شخص جسکے بال پریشان تھے

طَوِیْلٌ بِغَنَمٍ یَّسُوْقُهَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

قد الانبا تھا بکریوں کا ریوڑ ہانکتا ہوا آیا نبی صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْعًا أَمْ عَطِیَّةً أَوْ قَالَ أَمْ هِبَةً

علیہ وسلم نے فرمایا تو اسے بیچ یا عطیہ کے طور پر دیتا ہے یا فرمایا ہبہ کے طور پر

Marfat.com

قَالَ لَا بَلْ بَيْعٌ فَاشْتَرٰى مِنْهُ شَاةً فَصُنِعَتْ
نے کہا نہیں بلکہ بکاؤ ہے حضرت نے اُس سے ایک بکری خریدی اور وہ ذبح کی گئی
فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَوَادِ
اِس بعد نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کی کلیجی
الْبَطْنِ اَنْ يُّشْوٰى وَايْمُ اللّٰهِ مَا فِي الثَّلٰثِيْنَ
بھونے جانے کا ارشاد فرمایا قسم خدا کی ایکسو تیس آدمیوں میں کوئی ایسا باقی نہیں رہا
وَالْمِائَةِ اِلَّا قَدْ حَزَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
جسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
سَلَّمَ لَهٗ حُزَّةً مِّنْ سَوَادِ بَطْنِهَا اِنْ كَانَ
بکری کی کلیجی کا ٹکڑا کاٹ کر نہ دیا ہو اگر کوئی شخص موجود تھا
شَاهِدًا اَعْطَاهَا اِيَّاهُ وَاِنْ كَانَ غَائِبًا خَبَالَهٗ
اپنے ہاتھ سے کلیجی کا ٹکڑا دیا اور اگر غائب تھا تو اس کے لئے اُٹھا رکھا
وَجَعَلَ مِنْهَا قَصْعَتَيْنِ فَاَكَلُوْا اَجْمَعُوْنَ وَشَبِعْنَا
پھر آپ نے بکری کے گوشت سے بڑے بڑے دو پیالے بھر لئے اور سب نے خوب سیر ہو کر کھایا
فَفَضَلَتِ الْقَصْعَتَانِ فَحَمَلْنَاهُ عَلَى الْبَعِيْرِ
اور کھا کر دو بڑے پیالے گوشت سے بھرے ہوئے بچ گئے جنہیں ہم نے اونٹ پر لاد لیا
اَوْ كَمَا قَالَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ
جیسا کہ راوی نے بیان کیا۔ اسے بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب
الْهِبَةِ فِيْ بَابِ قَبُوْلِ الْهَدِيَّةِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
ہبہ مشرکوں سے ہدیہ قبول کرنے کے باب میں

وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ تَغَيُّرٍ يَسِيْرٍ فِيْ صَحِيْحِهِ

اور مسلم نے تھوڑے سے تغیر کے ساتھ صحیح مسلم میں

فِيْ بَيَانِ اٰدَابِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ فِيْ بَابِ

کھانے پینے کے آداب کے بیان باب

اِكْرَامِ الضَّيْفِ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ

اکرام الضیف میں روایت کیا ہے انس بن مالک سے روایت ہے

قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ

کہ ابو طلحہ نے ام سلیم سے کہا میں نے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيْفًا

رسول خدا صلے علیہ وسلم کی آواز نہایت ضعیف و ناتوان سنی ہے

اَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ

جس سے میں کہہ سکتا ہوں کہ حضرت بھوکے ہیں کیا تمہارے پاس کھانے کی کوئی چیز

فَقَالَتْ نَعَمْ فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِّنْ شَعِيْرٍ

ام سلیم نے کہا ہاں ہے چنانچہ انہوں نے جو کی کئی روٹیاں نکالیں

ثُمَّ اَخْرَجَتْ خِمَارًا لَّهَا فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهٖ

اور اپنی اوڑھنی نکالکر اس کے بعض حصہ میں تو روٹیاں لپیٹ کر

ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدِيْ وَلَاثَتْنِيْ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ

میری بغل میں دبا دیا اور بعض حصہ کو میرے سر پر لپیٹ

اَرْسَلَتْنِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا

Marfat.com

قَالَ فَذَهَبْتُ بِهِ فَوَجَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

انس کہتے ہیں جب میں اُن روٹیوں کو لیکر پہونچا تو رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ فَقُمْتُ

علیہ وسلم کو مسجد میں پایا حالانکہ آپکے ساتھ چند آدمی اور تھے میں انکے پاس جا کھڑا ہوا

عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا

أَرْسَلَكَ أَبُو طَلْحَةَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِطَعَامٍ

تجھے ابو طلحہ نے بھیجا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں! فرمایا کھانا دیکر؟

فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

میں نے عرض کیا۔ جی ہاں! رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ لِمَنْ مَعَهُ قُومُوا فَانْطَلَقُوا وَانْطَلَقْتُ

اپنے ہمراہیوں سے فرمایا کھڑے ہو جاؤ تو اصحاب آپ کے ساتھ چلے اور میں

بَيْنَ أَيْدِيهِمْ حَتَّى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ فَأَخْبَرْتُهُ

اُن کے آگے آگے ہولیا یہانتک کہ ابو طلحہ کے پاس آکر اس واقعہ کی خبر دی

فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ

ابو طلحہ نے کہا ام سلیم! رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ وَلَيْسَ عِنْدَنَا

صلے اللہ علیہ وسلم اپنے ہمراہیوں سمیت تشریف لاتے ہیں اور ہمارے پاس

مَا نُطْعِمُهُمْ فَقَالَتِ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَانْطَلَقَ

اُنکے کھلانے کیلئے کافی مقدار کھانا نہیں ام سلیم نے کہا خدا اور اُسکا رسول دانا تر ہیں

Marfat.com

ابو طلحة حتى لقي رسول الله صلى الله

یہ کہکر ابوطلحہ روانہ ہوئے یہانتک کہ رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم فاقبل رسول الله صلى الله

علیہ وسلم سے ملاقات کی رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم وابو طلحة معه فقال رسول

علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ ابو طلحہ آگے بڑھ آئے اور

الله صلى الله عليه وسلم هلمي يا ام سليم

آپ نے ام سلیم سے فرمایا اے ام سلیم جو چیز تمہارے

ما عندك فاتت بذالك الخبز فامر به رسول

پاس ہے لیکر چلی آؤ ام سلیم وہی جو کی روٹیاں لے آئیں رسول

الله صلى الله عليه وسلم ففت وعصرت

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انہیں چورچورہ کرنیکا حکم فرمایا تو وہ ریزہ ریزہ کی گئیں اور

ام سليم عكة فادمته ثم قال رسول الله صلى

ام سلیم نے کپی سے گھی نچوڑکر اُسے سالن بنادیا ازاں بعد رسول خدا صلے

الله عليه وسلم فيه ما شاء الله ان يقول

اللہ علیہ وسلم نے اُس میں فرمایا جو خدا نے چاہا یعنے آپ نے دعا کی

ثم قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتى

پھر فرمایا کہ دس آدمیونکو بلاؤ اور کھانے کی اجازت دو ابوطلحہ نے دس آدمیونکو بلایا جب وہ کھاکر

شبعوا ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة فاذن

اور خوب سیر ہوکر چلے گئے تو حضرت نے فرمایا دس اور آدمیوں کو بلالو - ابو طلحہ نے بلالیا

Marfat.com

٢٠٥

لهم فأكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا ثم قال

جب وہ کھاکر خوب سیر ہو گئے اور چلے گئے تو حضرت نے فرمایا

ائذن لعشرة فأذن لهم فأكلوا حتى شبعوا

ب دس اور آدمیوں کو اجازت دو ابوطلحہ نے انہیں اجازت دی پس انہوں نے یہانتک کھایا کہ سیر

ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة فأكل القوم

ہو کر چلے گئے پھر حضرت نے فرمایا کہ دس اور آدمیوں کو بلالو غرضکہ تمام لوگوں نے

كلهم وشبعوا والقوم سبعون أو ثمانون

ب سیر ہو کر کھایا اور وہ لوگ ستر یا اسی

رجلا وعن جابر بن عبد الله قال لما حفر

ی تھے جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ جب جنگ کے لئے

الخندق رأيت بالنبي صلى الله عليه وسلم

خندق کھودی جارہی تھی تو میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم میں

خمصا شديدا فانكفأت إلى امرأتي فقلت

سخت بھوک کے آثار دیکھکر اپنی بی بی کے پاس گیا اور کہا

هل عندك شيء فإني رأيت برسول الله صلى

تمہارے پاس کوئی کھانے کی چیز ہے؟ کیونکہ میں نے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم خمصا شديدا فأخرجت

اللہ علیہ وسلم میں سخت بھوک کو محسوس کیا ہے اُسنے

إلي جرابا فيه صاع من شعير ولنا بهيمة

ے کا ایک برتن میرے سامنے رکھا جسمیں تین سیر کے قریب جو تھے اور ہمارے ہاں

دَاجِنٌ فَذَبَحْتُهَا وَطَحَنَتِ الشَّعِيرَ فَفَرَغَتْ إِلَى
بکری کا ایک پلا ہوا بچہ تھا میں نے اُسے ذبح کیا اور عورت نے جَو کا آٹا پیسا میرے فارغ ہونے کے

فَرَاغِي وَقَطَّعْتُهَا فِي بُرْمَتِهَا ثُمَّ وَلَّيْتُ إِلَى رَسُولِ
وہ بھی فارغ ہوگئی اور گوشت کے پارچے کرکے ہنڈیا میں چڑھا دئے پھر میں رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَا تَفْضَحْنِي
خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کے ارادہ سے چلا میری بی بی نے کہا

بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَنْ
کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور اُن کے ہمراہیوں کے سامنے مجھے رسوا نہ کیجو

مَعَهُ فَجِئْتُهُ فَسَارَرْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
میں نے حضرت کے پاس حاضر ہوکر آہستہ سے عرض کیا کہ اسے رسول خدا

ذَبَحْنَا بُهَيْمَةً لَنَا وَطَحَنْتُ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ
ہمنے ایک چھوٹا سا بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور تین سیر جَو کا آٹا پیسا ہے

كَانَ عِنْدَنَا فَتَعَالَ أَنْتَ وَنَفَرٌ مَعَكَ فَصَاحَ
جو ہمارے پاس تھے تو آپ اور آپ کے ساتھ چند آدمی تشریف لے چلیں

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَهْلَ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے آواز دی اور فرمایا اے اہل

الْخَنْدَقِ إِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُورًا فَحَيَّ هَلًا بِكُمْ
خندق جابر نے تمہاری دعوت کا کھانا طیار کیا ہے تو جلد آؤ

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ازاں بعد پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

لَا تُنْزِلُنَّ بُرْمَتَكُمْ وَلَا تَخْبِزُنَّ عَجِيْنَكُمْ حَتّٰى

کہ جب تک میں نہ آؤں تم ہانڈی نہ اُتارنا اور آٹے کو نہ پکانا

أَجِيْءَ فَجِئْتُ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پس ایدہر تو میں آیا اور اُدہر رسول خدا صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَقْدُمُ النَّاسَ حَتّٰى جِئْتُ امْرَأَتِيْ فَقَالَتْ

وسلم لوگوں کو لیکر تشریف فرما ہوئے حتے کہ جب میں اپنی عورت کے پاس آیا

بِكَ وَبِكَ فَقُلْتُ قَدْ فَعَلْتُ الَّذِيْ قُلْتِ فَأَخْرَجَتْ

تو اُسنے مجھے سرزنش اور ملامت کی میں نے کہا بی بی میں نے تو وہی کام کیا ہے جو تونے کہا تھا

لَهٗ عَجِيْنًا فَبَسَقَ فِيْهِ وَبَارَكَ ثُمَّ عَمَدَ إِلٰى بُرْمَتِنَا

پس اُسنے آٹا حضرت کے سامنے رکھدیا آپنے اُسمیں اپنا لعاب دہن ڈالکر دعائے برکت کی پھر ہنڈیا کا قصد

فَبَسَقَ فِيْهِ وَبَارَكَ ثُمَّ قَالَ ادْعُ خَابِزَةً

اور اُسمیں لعاب دہن ڈالکر دعائے برکت کی پھر فرمایا کہ روٹی پکانے والی کو بلاؤ

فَلْتَخْبِزْ مَعِيْ وَاقْدَحِيْ مِنْ بُرْمَتِكُمْ فَلَا تُنْزِلُوْهَا

تاکہ وہ میرے سامنے روٹی پکائے۔ ہانڈی میں سے کفگیر سے گوشت نکالو اور اُسے چولہے پر سے اُتارو نہیں

وَهُمْ أَلْفٌ فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَأَكَلُوْا حَتّٰى تَرَكُوْهُ

دعوتی لوگ تعداد میں پورے ہزار تھے میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ سبنے کھایا یہانتک کہ اُسے چھوڑ کر

وَانْحَرَفُوْا وَإِنَّ بُرْمَتَنَا لَتَغِطُّ كَمَا هِيَ وَإِنَّ

چلے گئے اور ہماری ہانڈی اسی طرح گوشت سے بھری جوش مار رہی تھی

عَجِيْنَنَا لَيُخْبَزُ كَمَا هُوَ رَوَاهُمَا الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ

آٹا بھی اتنا ہی موجود تھا اور پکتا جاتا تھا ان دونوں حدیثوں کو بخاری نے صحیح بخاری میں روایت کیا

اَوَّلُهُمَا فِي كِتَابِ الْاَنْبِيَاءِ فِي بَابِ عَلَامَا

پہلی حدیث کو تو کتاب الانبیا باب علاما

النُّبُوَّةِ وَثَانِيْهِمَا فِي كِتَابِ الْمَغَازِي فِي بَا

النبوۃ میں اور دوسری کو کتاب المغازی باب

غَزْوَةِ الْخَنْدَقِ وَرَوَاهُمَا مُسْلِمٌ فِي صَحِيْحِ

غزوۂ خندق میں اور مسلم نے دونوں حدیثوں کو صحیح مسلم کی

فِي كِتَابِ الْاَشْرِبَةِ فِي بَابِ جَوَازِ اسْتِتْبَاعِ

کتاب الاشربہ باب جواز استتباع

الضَّيْفِ الخ وَعَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ

الضیف الخ میں روایت کیا ہے۔ مجاہد سے روایت ہے کہ ابو ہریرہ

كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهِ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنْ

کہتے تھے اُس خدا کی قسم جسکے سوا کوئی برحق معبود نہیں

كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِي عَلَى الْاَرْضِ مِنَ

بیشک میں بھوک کی وجہ سے بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑتا تھا

الْجُوْعِ وَاِنْ كُنْتُ لَاَشُدُّ الْحَجَرَ عَلٰى بَطْنِي مِنَ

اور بھوک کے مارے پیٹ پر پتھر باندھے رکھتا تھا

الْجُوْعِ وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ

ایک دن میں لوگوں کے اس رستہ پر بیٹھ گیا

الَّذِي يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ فَمَرَّ اَبُوْ بَكْرٍ فَسَاَلْتُ

جہاں سے وہ گذرا کرتے تھے تو حضرت ابو بکر گذرے اور میں نے ان

عن آيةٍ من كتاب الله ما سألته إلا ليشبعني

(کتاب ا)للہ کی ایک آیت پوچھی اور اس پوچھنے سے میری اتنی ہی غرض تھی کہ وہ مجھے پیٹ بھر دیں

فمرّ ولم يفعل ثمّ مرّ بي عمر فسألته عن آيةٍ

ابوبکرؓ گذرے چلے گئے اور میری مراد پر ذرا توجہ نہیں کی۔ پھر عمرؓ گذرے اور ان سے بھی میں نے

من كتاب الله ما سألته إلا ليشبعني فمرّ

کتاب اللہ کی ایک آیت دریافت کی ان سے بھی دریافت کرنے کی یہی وجہ تھی کہ مجھے سیر کر دیں مگر وہ بھی چلے

ولم يفعل ثمّ مرّ بي أبو القاسم صلى الله عليه

اور میرے مطلب پر التفات نہیں کیا ازاں بعد ابوالقاسم صلے اللہ علیہ

وسلم فتبسّم حين رآني وعرف ما في نفسي

وسلم گذرے آپ نے مجھے دیکھکر تبسم کیا اور میری بھوک

وما في وجهي ثمّ قال أبا هرٍّ قلت لبّيك

نیز چہرہ کے تغیر کو صاف معلوم کر کے فرمایا ابوہریرہ! میں نے عرض کیا حاضر ہوں

يا رسول الله قال الحق ومضى فاتّبعته

اے رسول خدا فرمایا میرے پیچھے چلے آؤ یہ کہکر آپ وہاں سے گذر گئے اور میں آپ کے پیچھے ہولیا

فدخل فاستأذن فأذن لي فدخل فوجد

حضرت نے گھر میں داخل ہونا چاہا تو میں نے اجازت مانگی اور مجھے اجازت ملگئی آپ نے گھر میں داخل ہوکر

لبنًا في قدحٍ فقال من أين هذا اللبن قالوا

ایک پیالے میں دودھ پایا فرمایا یہ دودھ کہاں سے آیا گھر والوں نے عرض کیا

أهداه لك فلانٌ أو فلانةٌ قال أبا هرٍّ قلت

فلاں مرد یا عورت نے آپ کو ہدیہ بھیجا ہے فرمایا ابوہریرہ! میں نے عرض کیا

Marfat.com

لَبَّیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الْحَقْ اِلٰی اَھْلِ الصُّفَّۃِ

اے رسول خدا حاضر ہوں ارشاد کیا اہل صفہ کو

فَادْعُھُمْ لِیْ قَالَ وَاَھْلُ الصُّفَّۃِ اَضْیَافُ الْاِسْلَامِ

میرے پاس بلا لاؤ اہل صفہ مسلمانوں کے مہمان تھے

لَا یَاْوُوْنَ عَلٰی اَھْلٍ وَّلَا مَالٍ وَّلَا عَلٰی اَحَدٍ اِذَا

اُنکا ٹھکانا نہ تو اہل و اولاد ہی میں تھا نہ مال ہی میں نہ کسی اور شخص کے گھر میں جب

اَتَتْہُ صَدَقَۃٌ بَعَثَ بِھَا اِلَیْھِمْ وَلَمْ یَتَنَاوَلْ

حضرت کے پاس صدقہ آتا تھا تو آپ اُسے اُنکے پاس بھیجدیتے تھے اور خود

مِنْھَا شَیْئًا وَّاِذَا اَتَتْہُ ھَدِیَّۃٌ اَرْسَلَ اِلَیْھِمْ وَ

اس میں سے کچھ نہ لیتے تھے ہاں جب ہدیہ آتا تو اُن کے پاس پیغام بھیجتے

اَصَابَ مِنْھَا وَاَشْرَکَھُمْ فِیْھَا فَسَاءَنِیْ ذٰلِكَ

خود بھی اس میں سے لیتے اور انہیں بھی شریک کرتے (ابوہریرہ کہتے ہیں) مجھے یہ بات بہت ناگوار معلوم ہوئی

فَقُلْتُ وَمَا ھٰذَا اللَّبَنُ فِیْ اَھْلِ الصُّفَّۃِ کُنْتُ

میں نے اپنے جی میں کہا بھلا اتنا سا دودھ اہل صفہ میں کیا ہوگا

اَحَقَّ اَنْ اُصِیْبَ مِنْ ھٰذَا اللَّبَنِ شَرْبَۃً اَتَقَوّٰی

میں اس بات کا زیادہ سزاوار تھا کہ اس دودھ سے کچھ لیکر رات دن کی قوت حاصل کرتا

بِھَا فَاِذَا جَاءَ اَمَرَنِیْ فَکُنْتُ اَنَا اُعْطِیْھِمْ وَمَا عَسٰی

اہل صفہ آئیں گے تو حضرت مجھے اسکے دینے کا حکم فرمائیں گے پس میں انہیں دیدونگا اور شاید

اَنْ یَّبْلُغَنِیْ مِنْ ھٰذَا اللَّبَنِ وَلَمْ یَکُنْ مِّنْ طَاعَۃِ

مجھے اس دودھ میں سے کچھ بھی حصہ نہ پہونچے گا چہ مکہ خدا رسول کی فرمانبرداری سے

Marfat.com

اللّٰہِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِہٖ بُدٌّ فَاَتَیْتُہُمْ فَدَعَوْتُہُمْ

کوئی چارہ نہ تھا لہذا میں اہل صفہ کے پاس گیا اور انہیں بلا لایا

فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْا فَاَذِنَ لَھُمْ وَاَخَذُوْا

اہل صفہ نے آکر اجازت مانگی تو حضرت نے انہیں اجازت دیدی اور وہ

مَجَالِسَہُمْ مِنَ الْبَیْتِ قَالَ یَا اَبَا ھِرٍّ قُلْتُ لَبَّیْکَ

گھر میں اپنی اپنی جگہہ قرینے سے بیٹھ گئے حضرت نے فرمایا ابوہریرہ! میں نے عرض کیا حاضر ہوں

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ خُذْ فَاَعْطِہِمْ فَاَخَذْتُ

اے رسول خدا فرمایا یہ دودھ کا پیالہ لیکر انہیں دے میں نے

الْقَدَحَ فَجَعَلْتُ اُعْطِیْہِ الرَّجُلَ فَیَشْرَبُ حَتّٰی

پیالہ لیا اور ایک ایک شخص کو دینا شروع کیا جب ایک شخص پی کر سیر ہو جاتا

یَرْوٰی ثُمَّ یَرُدُّ عَلَیَّ الْقَدَحَ فَاُعْطِیْہِ الْقَدَحَ

تو پیالہ مجھے واپس دیتا اور میں اسکے پاس والے شخص کو دیتا جب

فَیَشْرَبُ حَتّٰی یَرْوٰی ثُمَّ یَرُدُّ عَلَیَّ الْقَدَحَ حَتّٰی

وہ بھی پی کر خوب سیر ہو جاتا تو مجھے پیالہ واپس دیتا یہاں تک

انْتَہَیْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ

کہ میں سب سے فارغ ہو کر آخر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف پہونچا حالانکہ

قَدْ رَوِیَ الْقَوْمُ کُلُّہُمْ فَاَخَذَ الْقَدَحَ فَوَضَعَہٗ

تمام قوم اچھی طرح سیر ہو چکی تھی حضرت نے پیالہ لیکر اپنے دست مبارک پر رکھا

عَلٰی یَدِہٖ فَنَظَرَ اِلَیَّ فَتَبَسَّمَ فَقَالَ یَا اَبَا ھِرٍّ

اور مجھے دیکھکر مسکرائے پھر فرمایا ابوہریرہ!

٢١١

Marfat.com

قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بَقِيْتُ اَنَا وَ

میں نے عرض کیا حاضر ہوں اے رسول خدا فرمایا بس اب ہم اور تم ہی باقی رہ گئے ہیں

اَنْتَ قُلْتُ صَدَقْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اُقْعُدْ

میں نے عرض کیا ہاں اے رسول خدا فرمایا بیٹھ جاؤ

فَاشْرَبْ فَقَعَدْتُّ فَشَرِبْتُ فَقَالَ اشْرَبْ فَشَرِبْتُ

اور سیر ہو کر پیو میں بیٹھ گیا اور خوب سیر ہو کر پیا فرمایا اور پیو میں نے پھر پیا

فَمَا زَالَ يَقُوْلُ اشْرَبْ حَتّٰى قُلْتُ لَا وَالَّذِيْ

غرضکہ آپ یہی فرماتے رہے کہ اور پیو اور پیو یہانتک کہ میں نے عرض کیا کہ اس مقدس ذات کی قسم جس نے

بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَجِدُ لَهٗ مَسْلَكًا قَالَ فَاَرِنِيْ

آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اب میں اسکی گنجائش نہیں پاتا فرمایا اچھا مجھے دکھاؤ

فَاَعْطَيْتُهُ الْقَدَحَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسَمّٰى وَشَرِبَ

میں نے آپ کو پیالہ دیدیا آپ نے خدا کی حمد کی اور بسم اللہ کہکر بچا ہوا دودھ پی لیا۔

الْفَضْلَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ

اس حدیث کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب

الرِّقَاقِ فِيْ بَابِ كَيْفَ كَانَ عَيْشُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

الرقاق کے اس باب میں روایت کیا ہے جس میں اس بات کا ذکر ہے کہ نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِ الْمِقْدَادِ قَالَ اَقْبَلْتُ

علیہ وسلم کی معاش کیسی تھی مقداد سے روایت ہے کہ میں

اَنَا وَصَاحِبَانِ لِيْ وَقَدْ ذَهَبَتْ اَسْمَاعُنَا وَ

اور میرے دو رفیق مکہ سے ہجرت کرکے آئے حالانکہ بھوک کے مارے ہمارے سننے اور

له قوله وقد ذهبت اسماعنا وابصارنا من الجهد بفتح الجيم وضمها الجوع والمشقة وقوله فليس احد يقبلنا

Marfat.com

أبصارنا من الجهد فجعلنا نعرض أنفسنا
دیکھنے کی قوتیں ہم سے جا چکی تھیں ہم نے اپنے تئیں

على أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں پر پیش کرنا شروع کیا

فليس أحد منهم يقبلنا فأتينا النبي صلى الله
مگر ان میں سے کوئی ہمیں قبول نہ کرتا تھا آخرکار ہم نبی صلی اللہ

عليه وسلم فانطلق بنا إلى أهله فإذا ثلثة
علیہ وسلم کے پاس آئے آپ ہمیں اپنے گھر لے گئے وہاں تین

أعنز فقال النبي صلى الله عليه وسلم احتلبوا
بکریاں بندھی ہوئی تھیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

هذا اللبن بيننا قال فكنا نحتلب فيشرب
ان کا دودھ دوہو یہ ہم تم پیا کریں گے مقداد کہتے ہیں کہ ہم انکا دودھ دوہتے

كل إنسان منا نصيبه ونرفع للنبي صلى
ہم میں سے ہر آدمی اپنا حصہ تو پی لیتا تھا اور نبی صلے

الله عليه وسلم نصيبه قال فيجيء من الليل
اللہ علیہ وسلم کا حصہ اٹھا رکھتے تھے حضرت کا قاعدہ تھا کہ آپ رات کو تشریف لاتے

فيسلم تسليما لا يوقظ نائما ويسمع اليقظان
اور اسطرح آہستہ سلام کرتے کہ سوتا آدمی نہ جاگتا اور جاگتا سن لیتا

قال ثم يأتي المسجد فيصلي ثم يأتي شرابه
مقداد کا بیان ہے کہ پھر حضرت مسجد میں تشریف لے جاتے اور تہجد کی نماز پڑھکر اپنے دودھ کے پاس آتے

Marfat.com

فَيَشْرَبُ فَاَتَانِيَ الشَّيْطَانُ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَّقَ

اور نوش فرماتے ایک رات ایسا اتفاق ہوا کہ باوجودیکہ میں اپنا حصہ پی چکا

شَرِبْتُ نَصِيْبِيْ فَقَالَ مُحَمَّدٌ يَاْتِي الْاَنْصَ

شیطان نے آکر کہا کہ محمد انصاریوں کے گھر تشریف لے گئے ہیں

فَيُحْفُوْنَهٗ وَيُصِيْبُ عِنْدَهُمْ مَّا بِهٖ حَاجَ

وہ آپ کی خدمت کرینگے اور آپ وہاں سے کھاپی کر تشریف لائیں گے جس کی

اِلٰى هٰذِهِ الْجُرْعَةِ فَاَتَيْتُهَا فَشَرِبْتُهَا فَلَمَّا اَ

اس دودھ کی حاجت نہ رہیگی چنانچہ میں وہاں آیا اور اُسے پی گیا

وَغَلَتْ فِيْ بَطْنِيْ وَعَلِمْتُ اَنَّهٗ لَيْسَ اِلَيْهَا سَبِيْ

دودھ میرے پیٹ میں اُتر گیا اور مجھے یقین ہوگیا کہ اب مجھے اُسیں کوئی اختیار نہیں

قَالَ نَدَّمَنِيَ الشَّيْطَانُ فَقَالَ وَيْحَكَ مَا صَنَعْ

(مقداد نے کہا) تو مجھے شیطان نے شرمندہ کرکے کہا تجھے خرابی

اَشَرِبْتَ شَرَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَ

تونے کیا کیا تونے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا حصہ پی لیا

فَيَجِيْءُ فَلَا يَجِدُهٗ فَيَدْعُوْ عَلَيْكَ فَتَهْلِكُ

ممکن ہے کہ حضرت بھوکے آئیں اور اپنا حصہ نہ پاکر تیرے حق میں بددعا کریں تو تو

فَتَذْهَبُ دُنْيَاكَ وَاٰخِرَتُكَ وَعَلَيَّ شَمْ

اور تیری دنیا و آخرت دونوں تباہ ہو جائیں میرے پاس ایک چادر تھی

اِذَا وَضَعْتُهَا عَلٰى قَدَمِيْ خَرَجَ رَاْسِيْ وَاِ

جب میں اُس سے پاؤں ڈھانکتا تھا تو سر کھل جاتا تھا اور جب

Marfat.com

صنعتها على رأسى خرج قدماى وجعل لا

ر ڈھانکتا تھا تو پاؤں کھل جاتے تھے غرضکہ

يأتينى النوم وأما صاحباى فناما ولم

ری نیند اچٹ گئی اور میرے دونوں رفیق پڑے سوتے تھے انہوں نے وہ

نعا ما صنعت قال فجاء النبى صلى الله

ں کیا جو میں نے کیا تھا اتنے میں نبی صلے اللہ

عليه وسلم فسلم كما كان يسلم ثم أتى المسجد

علیہ وسلم تشریف لائے اور اسی دستور سے سلام کیا پھر مسجد میں تشریف لیگئے

صلى ثم أتى شرابه فكشف عنه فلم يجد

نماز پڑھ کر دودھ پینے کو آئے برتن جو کھولا تو

فيه شيئا فرفع رأسه إلى السماء فقلت الآن

ں کچھ نہ پایا آپنے آسمان کی طرف سر مبارک اٹھایا میں نے دل میں کہا کہ بس اب

يدعو علىّ فأهلك فقال اللهم أطعم من

ت مجھے بددعا دیںگے اور میں ہلاک ہوجاؤنگا سو حضرت نے یوں فرمایا خداوندا جو

أطعمنى واسق من سقانى قال فعمدت إلى

کھلائے اسے روزی دے اور جو مجھے پلائے اسے سیراب کر میں نے یہ دعا سنکر

الشملة فشددتها علىّ وأخذت الشفرة

کی طرف قصد کیا اور اسے جسم پر باندھ لیا اور ایک بڑی سی چھری لیکر

فانطلقت إلى الأعنز أيها أسمن فأذبحها

بکریوں کی طرف چلا کہ ان میں سے جونسی زیادہ فربہ ہو اسے

Marfat.com

لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هِيَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ذبح کروں ہاتھ لگاکر جو دیکھتا ہوں

حَافِلٌ وَاِذَا هُنَّ حُفَّلٌ كُلُّهُنَّ فَعَمَدْتُ اِلٰى

اُن کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے لبریز ہیں پس میں نے

اِنَاءٍ لِاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاكَانُوْا

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کے اُس برتن کی طرف قصد کیا جو

يَطْمَعُوْنَ اَنْ يَّحْتَلِبُوْا فِيْهِ قَالَ فَحَلَبْتُ فِيْهِ

اس امید پر رکھا گیا تھا کہ اُس میں دودھ دوہویا جائے تو میں نے اُس میں

حَتّٰى عَلَتْهُ رَغْوَةٌ فَجِئْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہاں تک دودھ دوہویا کہ جھاگ اوپر چڑھ آئے پھر میں اُسے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَشَرِبْتُمْ شَرَابَكُمْ

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا فرمایا کیا تم اپنے اپنے حصے پی چکے

اللَّيْلَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اشْرَبْ فَشَرِبَ

میں نے عرض کیا اے رسول خدا آپ نوش کیجیے حضرت نے پیکر

ثُمَّ نَاوَلَنِيْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اشْرَبْ فَشَرِبَ

مجھے دیا میں نے عرض کیا اے رسول خدا اور پیجیے

ثُمَّ نَاوَلَنِيْ فَلَمَّا عَرَفْتُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

آپ نے پھر پیکر مجھے عنایت فرمایا جب میں نے معلوم کرلیا کہ نبی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رُوِيَ وَاَصَبْتُ

اللہ علیہ وسلم خوب سیر ہوگئے اور میں نے

Marfat.com

دَعْوَتُهٗ ضَحِكْتُ حَتّٰى اُلْقِيْتُ اِلَى الْاَرْضِ فَقَالَ

آپ کی دعا کی برکت حاصل ہو گئی تو خوشی کے مارے ہنس دیا یہاں تک کہ ہنستے ہنستے زمین پر گر پڑا مقداد نے کہا

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے

سَوْاٰتِكَ يَا مِقْدَادُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ

مقداد تیری بدخوئیوں میں سے ایک بدخوئی یہ بھی ہے میں نے عرض کیا کہ اے رسول خدا

مِنْ اَمْرِيْ كَذَا وَكَذَا وَفَعَلْتُ كَذَا فَقَالَ

مجھے ایسا ایسا واقعہ پیش آیا اور میں نے ایسا کیا یعنی حضور کا حصہ پی گیا اور دوبارہ دودھ دوہا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذِهٖ اِلَّا رَحْمَةٌ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دوبارہ دودھ دوہنا نہ تھا مگر خدائے

مِّنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَفَلَا كُنْتَ اٰذَنْتَنِيْ

بزرگ و برتر کی رحمت تھی بھلا تو نے مجھے پیشتر سے کیوں نہیں جتایا

فَنُوْقِظَ صَاحِبَيْنَا فَيُصِيْبَانِ مِنْهَا قَالَ فَقُلْتُ

کہ ہم اپنے ان دونوں ساتھیوں کو بھی جگا لیتے اور انہیں بھی یہ رحمت کا دودھ نصیب ہوتا میں نے عرض کیا

وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اُبَالِيْ اِذَا اَصَبْتَهَا

مجھے اس مقدس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کہ جب آپ نے

وَاَصَبْتُهَا مَعَكَ مَنْ اَصَابَهَا مِنَ النَّاسِ رَوَاهُ

اور آپ کے ساتھ میں نے اس رحمت کو پا لیا تو مجھے اس بات کی ذرا پروا نہیں کہ وہ لوگوں میں سے کسی اور کو بھی نصیب ہو

مُسْلِمٌ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ الْاَشْرِبَةِ فِيْ بَابِ

اسے مسلم نے صحیح مسلم کی کتاب الاشربہ باب

Marfat.com

إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ أَصَابَ

اکرام الضیف میں روایت کیا ہے انس سے روایت ہے کہ ایک دفعہ

أَهْلَ الْمَدِينَةِ قَحْطٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ

مدینہ والوں کو رسول خدا صلے اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَمَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ

علیہ وسلم کے عہد مبارک میں قحط پہونچا ایک دفعہ حضرت جمعہ کے روز

الْجُمُعَةِ إِذْ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک شخص نے کھڑے ہوکر عرض کیا ای رسول خدا

هَلَكَتِ الْكُرَاعُ وَهَلَكَتِ الشَّاءُ فَادْعُ اللّٰهَ

گھوڑے ہلاک ہوگئے بکریاں مرگئیں آپ خدا سے دعا کیجیے

يَسْقِينَا فَمَدَّ يَدَيْهِ وَدَعَا قَالَ أَنَسٌ وَإِنَّ السَّمَاءَ

کہ ہمیں سیراب کرے حضرت نے دست مبارک اٹھا کر دعا کی انس کہتے ہیں اور آسمان

لَمِثْلُ الزُّجَاجَةِ فَهَاجَتْ رِيحٌ أَنْشَأَتْ سَحَابًا

شیشہ کی طرح بالکل صاف تھا یعنی بدلی کا نشان تک نہ تھا۔ ایکایکی ایسی ہوا چلی کہ بادل امنڈ آئے

ثُمَّ اجْتَمَعَ ثُمَّ أَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا فَخَرَجْنَا

ابر جمع ہوگیا اور آسمان نے اپنے دہانے چھوڑ دیئے ہم وہاں سے نکلکر

نَخُوضُ الْمَاءَ حَتَّى أَتَيْنَا مَنَازِلَنَا فَلَمْ نَزَلْ

پانی روندتے ہوئے چلے یہاں تک کہ اپنے گھروں میں آگئے اور

نُمْطَرُ إِلَى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى فَقَامَ إِلَيْهِ ذٰلِكَ

آئندہ دوسرے جمعہ تک لگاتار پانی پڑتا رہا زاں بعد وہی

الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ

یا کوئی دوسرا شخص حضرت کے سامنے کھڑا ہوکر عرض کرنے لگا اے رسول خدا

هَلَكَتِ الْبُيُوتُ فَادْعُ اللهَ يَحْبِسْهُ فَتَبَسَّمَ

تمام گھر ڈوب گئے خدا سے دعا کیجیے کہ مینہ تھما دے حضرت نے مسکرا کر

ثُمَّ قَالَ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَنَظَرْتُ إِلَى السَّحَابِ

فرمایا خداوندا ہمارے آس پاس برسا ہم پر نہ برسا انس کہتے ہیں میں نے جو ابر کو دیکھا

تَصَدَّعَ حَوْلَ الْمَدِينَةِ كَأَنَّهَا إِكْلِيلٌ رَوَاهُ

تو وہ پھٹ کر مدینہ کے ارد گرد چلا گیا اور مدینہ تاج سا نظر آنے لگا اسے

الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيحِهِ فِي كِتَابِ الْأَنْبِيَاءِ فِي بَابِ

بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء باب

عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ

علامات النبوۃ میں روایت کیا ہے ابوسلمہ سے روایت ہے کہ

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ

يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ فَأَهْدَتْ

ہدیہ تو قبول کرکے اس میں سے تناول فرمایا کرتے اور صدقہ قبول نہ فرماتے تھے ایک دفعہ

لَهُ امْرَأَةٌ مِنْ يَهُودِ خَيْبَرَ شَاةً مَصْلِيَّةً فَتَنَاوَلَ

خیبر کی یہود میں سے ایک عورت نے آپ کے لئے بھنی ہوئی بکری ہدیۃً بھیجی آپ نے

مِنْهَا وَتَنَاوَلَ مِنْهَا بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ ثُمَّ رَفَعَ النَّبِيُّ

اور آپ کے ساتھ بشر بن براء نے اس میں سے تناول کیا پھر نبی

Marfat.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَہٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّ

صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانے سے دست مبارک اوٹھا کر فرمایا

هٰذِهٖ تُخْبِرُنِیْ اَنَّهَا مَسْمُوْمَةٌ فَمَاتَ بِشْرُ بْنُ

یہ بکری مجھے خبر دے رہی ہے کہ اسیں زہر قاتل ملا ہوا ہے اتنے میں بشر بن

الْبَرَاءِ فَاَرْسَلَ اِلَیْهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

براء فوت ہوگئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو پیام بھیجا

مَا حَمَلَكِ عَلٰی مَا صَنَعْتِ فَقَالَتْ اِنْ كُنْتَ

کہ تجھے اس کام پر کس نے اوبھار اُکسایا۔ اُسنے کہا اس سے میری یہ غرض تھی کہ اگر

نَبِیًّا لَّمْ یَضُرَّكَ شَیْءٌ وَّاِنْ كُنْتَ مَلِكًا اَرَحْتُ

آپ نبی ہیں تو آپ کو اس سے کچھ نقصان نہ پہونچیگا اور اگر بادشاہ ہیں تو میں

النَّاسَ مِنْكَ فَقَالَ فِیْ مَرَضِهٖ مَا زِلْتُ

لوگوں کو تم سے راحت دوں پس حضرت نے مرض وفات میں فرمایا کہ

مِنَ الْاُكْلَةِ الَّتِیْ اَكَلْتُ بِخَیْبَرَ فَهٰذَا اَوَانُ

میں اس لقمہ کی ہمیشہ تکلیف پاتا رہا جو میں نے خیبر میں کھایا تھا تو یہ وقت

انْقِطَاعِ اَبْهَرِیْ رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ فِیْ اَوَائِلِ

میرے دل کی رگ کٹ جانے کا وقت ہے اس حدیث کو دارمی نے

سُنَنِهٖ فِیْ بَابِ مَا اَكْرَمَ اللّٰہُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ

سنن دارمی کے شروع میں اس باب میں روایت کیا ہے جسمیں اس بات کا مذکور ہے کہ خدا نے نبی صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ كَلَامِ الْمَوْتٰی وَعَنْ جَابِرٍ

علیہ وسلم کی بزرگی مُردوں کے بول اُٹھنے سے ظاہر کی جابر

له قوله ما زلت من الاكلة التى اكلت بخيبر الاكلة بالضم اللقمة كذا فى القاموس ومعنى الحديث ما زال الحى اثر اللقمة التى اكلتها بخيبر من الشاة المصلية المسمومة الخ ... اهدتها امرأة من يهود خيبر ...

فهذا اوان انقطاع ابهرى ... فى مجمع البحار ... الابهر عرق فى الظهر ... متصل بالقلب اذا انقطع مات

بن عبد الله أن النبي صلى الله عليه وسلم

ابن عبد اللہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم

كان يقوم يوم الجمعة الى شجرة او نخلة فقالت

جمعہ کے دن کھجور یا کسی اور درخت کے تنہ پر سہارا دیکر کھڑے ہوا کرتے تھے

امرأة من الانصار او رجل يا رسول الله

انصار میں کی ایک عورت یا مرد نے عرض کیا یا رسول خدا

الا نجعل لك منبرا قال ان شئتم فجعلوا

کیا ہم آپ کے لئے ایک ممبر طیار کردیں حضرت نے فرمایا تمہاری خوشی چنانچہ اُنھوں نے

له منبرا فلما كان يوم الجمعة دفع الى

آپ کے لئے ایک ممبر بنا کھڑا کیا جمعہ کا دن ہوا تو آپ ممبر کیطرف تشریف لیگئے

المنبر فصاحت النخلة صياح الصبي ثم

اسپر کھجور کے تنہ نے فریاد کی جیسے کوئی چھوٹا بچہ فریاد کرتا ہے اسکے رونے کی آواز سنکر

نزل النبي صلى الله عليه وسلم فضمها

نبی صلے اللہ علیہ وسلم ممبر سے اُتر آئے اور اُسے چمٹا لیا

اليه تئن انين الصبي الذي يسكن قال كانت

تو اُسنے ویسا ہی رونا اور سسکیاں لینی شروع کیں جیسا بچہ چپکارتے وقت سسکیاں لیتا ہے حضرت نے فرمایا

تبكي على ما كانت تسمع من الذكر عندها

وہ کھجور کا تنہ اُس ذکر کے کم ہونے پر روتا تھا جو اپنے پاس سنا کرتا تھا

وعنه قال كان المسجد مسقوفا على جذوع

نیز جابر سے روایت ہے کہ مسجد نبوی کی چھت کھجور کے تنوں پر ٹکی ہوئی تھی

Marfat.com

مِّنْ نَخْلٍ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اِذَا خَطَبَ يَقُوْمُ اِلٰى جِذْعٍ مِّنْهَا فَلَمَّا صُنِعَ لَهُ

جب خطبہ پڑھتے تو اُن تنوں میں سے جو ستونوں کی جگہ تھے ایک تنہ پر ٹیک لگا کر کھڑے ہو جاتے جب آپکے

الْمِنْبَرُ فَكَانَ عَلَيْهِ فَسَمِعْنَا لِذٰلِكَ الْجِذْعِ

ممبر بنایا گیا اور آپ اُسپر جلوہ فرما ہوئے تو ہم نے اُس تنہ سے

صَوْتًا كَصَوْتِ الْعِشَارِ حَتّٰى جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى

ایک ایسی آواز سُنی جیسے دس مہینے کی گیابھن اونٹنی کی آواز ہوتی ہے یہانتک کہ نبی صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ

اللہ علیہ وسلم نے آکر اُسپر اپنا دست مبارک رکھا تو وہ چپکا ہو گیا

رَوَاهُمَا الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فِيْ كِتَابِ الْاَنْبِيَاءِ

ان دونوں حدیثوں کو بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء

فِيْ بَابِ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ صَالِحِ بْنِ

باب علامات النبوۃ میں روایت کیا ہے صالح بن

حَيَّانَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ

حیان ابن بریدہ سے اور وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ قَامَ فَاَطَالَ

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا کرتے اور بہت دیر تک

الْقِيَامَ فَكَانَ يَشُقُّ عَلَيْهِ قِيَامُهٗ فَاُتِيَ بِجِذْعِ نَخْلَةٍ

کھڑے رہتے یہ طول طویل قیام آپ پر نہایت شاق گذرتا۔ لوگ کھجور کا ایک تنہ

٢٢٢

Marfat.com

...لَهٗ وَاُقِيْمَ اِلٰى جَنْبِهٖ قَآئِمًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى
...اُس کے لئے زمین کھودی گئی اور پیغمبر خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الله علیه وسلم کے لئے اُسے آپ کے پہلو میں کھڑا کیا گیا نبی صلے الله علیه وسلم

...اَخْطَبَ فَطَالَ الْقِيَامُ عَلَيْهِ اسْتَنَدَ اِلَيْهِ
...خطبه پڑھتے اور بہت دیر تک کھڑے رہتے تو پشت مبارک اُس سے لگا لیتے

...اتَّكَأَ عَلَيْهِ فَبَصُرَ بِهٖ رَجُلٌ كَانَ وَرَدَ الْمَدِيْنَةَ
...اُس پر سہارا دیکر کھڑے رہتے پس ایک شخص نے جو مدینه میں آیا تھا اُسے دیکھا

...اٰهُ قَآئِمًا اِلٰى جَنْبِ ذٰلِكَ الْجِذْعِ فَقَالَ لِمَنْ
...حضرت کو اُس تنه کے پہلو میں کھڑا دیکھ کر اپنے

...بِهٖ مِنَ النَّاسِ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّ مُحَمَّدًا اَحْمَدُنِيْ فِيْ
...پاس والے آدمی سے کہا اگر مجھے یه بات معلوم ہوجاتی کہ محمدؐ اُس چیز میں میری تعریف کرینگے

...ىْ يَرْفُقُ بِهٖ لَصَنَعْتُ لَهٗ مَجْلِسًا يَقُوْمُ عَلَيْهِ
...آپ کے لئے سودمند واقع ہوگی تو میں آپ کے لئے ایک ایسی نشستگاه بناتا جسپر آپ قیام فرماتے

...نْ شَآءَ جَلَسَ مَا شَآءَ وَاِنْ شَآءَ قَامَ فَبَلَغَ
...اگر چاہتے بیٹھ جاتے جبتک بیٹھنا منظور ہوتا اور اگر چاہتے کھڑے ہوجاتے یه

...النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتُوْنِيْ
نبی صلے الله علیه وسلم کو پہونچی تو فرمایا اُسے میرے پاس لے آؤ

...تَوْهُ بِهٖ فَاَمَرَ اَنْ يُّصْنَعَ لَهٗ هٰذِهِ الْمَرَاقِيْ
...آپ کے پاس لائے تو فرمایا ہمارے لئے

٢٢٣

الثلث او الاربع هي الان في منبر المدينة

تین یا چار زینے کا ایک ممبر تھا وہ جو اسوقت مدینہ کے ممبر میں

فوجد النبي صلى الله عليه وسلم في ذ

(الغرض اس قسم کا ممبر بنایا گیا) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسمیں آسائش پا

راحة فلما فارق النبي صلى الله عليه وس

لیکن جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے تنہ سے مفارقت کر

الجذع وعمد الى هذه التي صنعت له جزع

اُس ممبر کی طرف عزم کیا جو آپ کے لئے بنایا گیا تھا تو تنہ نے

الجذع فحن كما تحن الناقة حين فارقه الولد

جزع وفزع شروع کی اور ایسا نالہ کیا جیسا کہ اونٹنی کرتی ہے جسوقت کہ بچ

صلى الله عليه وسلم فزعم ابن بريدة عن

صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے مفارقت کی ابن بریدہ نے

ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم حين سمع

اپنے باپ سے یہ بات یقینی طور پر معلوم کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو

حنين الجذع رجع اليه فوضع يده عليه وقال

تنہ کے نالہ کرنے کی آواز سنی فوراً آپ اُسکی طرف پلٹ آئے اور اُسپر اپنا دست مبارک

اختر ان اغرسك في المكان الذي كنت

چاہے تو اس بات کو پسند کرلے کہ میں تجھے اسی جگہہ لگا دوں جہاں تو

فيه فتكون كما كنت وان شئت ان اغرسك

پھر تو ویسا ہی ہو جائے جیسا کہ بیشتر تھا اور چاہے تو تجھے جنت میں لگا

Marfat.com

فی الجنۃ فتشرب من انھارھا وعیونھا فیحسن

پھر تو جنت کی نہروں اور چشموں سے سیراب ہو اور تیرا اُگنا بہت اچھا ہو

نبتک وتثمر فیاکل اولیاء اللہ من تمرتک ونخلک

تو پھلے پھولے اور خدا کے دوست تیرے پھل اور نخل سے سیر ہو کر کھائیں

فعلت فزعم انہ سمع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم

تو میں ایسا کروں۔ راوی کا اعتقاد ہے کہ اس کھجور کے تنہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات

وھو یقول لہ نعم قد فعلت مرتین فسال

حالانکہ آپ اس سے کہتے جاتے تھے ہاں ہاں میں نے ایسا کیا دوبارہ جب

النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اختار ان

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کینے پوچھا تو فرمایا اس نے اس بات کو پسند کیا کہ میں اسے

اغرسہ فی الجنۃ وعن ابن عباس ان النبی

جنت میں لگا دوں ابن عباس سے روایت ہے کہ نبی

صلی اللہ علیہ وسلم کان یخطب الی جذع قبل ان

صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے تنہ کے پہلو میں خطبہ پڑھا کرتے تھے اس سے پیشتر

یتخذ المنبر فلما اتخذ المنبر وتحول الیہ حن

کہ آپ ممبر کو پسند کریں لیکن جب آپ نے ممبر پسند کیا اور اسکی طرف تشریف لیگئے تو

الجذع فاحتضنہ فسکن وقال لو لم احتضنہ

کھجور کے تنہ نے ایک نہایت درد آمیز نالہ کیا آپ نے اسے گلے لگایا تو وہ چپکا ہو گیا اور فرمایا کہ اگر میں اسے گلے سے نہ لگاتا

لحن الی یوم القیمۃ وفی روایۃ الطفیل بن

تو قیامت تک نالہ کرتا رہتا طفیل بن

Marfat.com

أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيهِ فَلَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
ابی بن کعب جو اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اس میں یوں ہے کہ جب رسول
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ الْمِنْبَرَ مَرَّ عَلَيْهِ فَلَمَّا
صلے اللہ علیہ وسلم نے منبر پر جلوہ افروز ہونا چاہا تو کھجور کے تنہ کے پاس ہو کر گزرے جب
جَاوَزَهُ خَارَ الْجِذْعُ حَتّٰى تَصَدَّعَ وَانْشَقَّ فَرَجَعَ
اس سے آگے بڑھے تو وہ بیل کی طرح یہاں تک ڈکرایا کہ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا پس
إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَهُ
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اس کی طرف لوٹ آئے اور اسے اپنے دست مبارک سے چھوا
بِيَدِهِ حَتّٰى سَكَنَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الْمِنْبَرِ قَالَ فَكَانَ
یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گیا ازاں بعد آپ نے ممبر کی طرف رخ کیا راوی کہتا ہے کہ حضرت کا معمول تھا
إِذَا صَلَّى صَلَّى إِلَيْهِ فَلَمَّا هُدِمَ الْمَسْجِدُ أَخَذَ ذٰلِكَ
کہ جب نماز پڑھتے تو اسکی طرف منہ کر کے پڑھتے جب مسجد ڈہا دی گئی تو اس
الْجِذْعَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَهُ حَتّٰى بَلِيَ
کھجور کے تنہ کو ابی بن کعب نے لے لیا اور وہ ہمیشہ انکے پاس رہا یہاں تک کہ کہنہ ہو گیا
فَأَكَلَتْهُ الْأَرَضَةُ وَعَادَ رُفَاتًا وَعَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ
اور گھن اسے کھا گیا اور چورا چورا ہو گیا ابوالوداک
عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
ابوسعید سے روایت کرتے ہیں کہ رسول خدا صلے اللہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ إِلٰى لِزْقِ جِذْعٍ فَأَتَاهُ رَجُلٌ
علیہ وسلم کھجور کے تنہ کے پہلو میں کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا کرتے تھے ایک رومی مرد آپکے پاس آیا

Marfat.com

رُومِيٌّ فَقَالَ اَصْنَعُ لَكَ مِنْبَرًا تَخْطُبُ عَلَيْهِ فَصَنَعَ

اور عرض کیا میں آپ کے لئے ایک ایسا ممبر بنادوں جس پر آپ خطبہ پڑھا کریں چنانچہ اسنے

لَهُ مِنْبَرًا هٰذَا الَّذِي تَرَوْنَ قَالَ فَلَمَّا قَامَ عَلَيْهِ

حضرت کے واسطے ممبر بنایا یہی ممبر جسے تم دیکھتے ہو ابو سعید کا بیان ہے کہ جب نبی

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ حَنَّ الْجِذْعُ

صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھنے کیلئے اس ممبر پر کھڑے ہوئے تو کھجور کے تنہ نے ویسا ہی نالہ کیا

حَنِيْنَ النَّاقَةِ اِلٰى وَلَدِهَا فَنَزَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جیسے اونٹنی اپنے بچہ کی طرف کیا کرتی ہے اسکا یہ نالہ سنکر رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُ اِلَيْهِ فَسَكَنَ فَاَمَرَ بِهِ اَنْ

صلے اللہ علیہ وسلم کھجور کے تنہ کیطرف آئے اور اسے اپنے گلے سے لگالیا وہ خاموش ہوگیا پھر آپ نے اسکے لئے

يُحْفَرَ لَهُ وَيُدْفَنَ وَفِي رِوَايَةِ اِسْحٰقَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ

زمین کھودی اور اس کے دفن کیے جانے کا حکم کیا اسحٰق بن ابی طلحہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَلَمَّا قَعَدَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں اس میں یوں ہے کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم

عَلٰى ذٰلِكَ الْمِنْبَرِ خَارَ الْجِذْعُ كَخُوَارِ الثَّوْرِ حَتّٰى ارْتَجَّ

اس ممبر پر بیٹھے تو کھجور کے تنہ نے بیل جیسی آواز نکالی یہانتک کہ

الْمَسْجِدُ حُزْنًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسجد نبوی گونج اٹھی اس رنج وغم کی وجہ سے جو اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی سے ہوا

فَنَزَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ

پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ممبر سے اتر کر اسکے پاس آئے

٢٢٧

Marfat.com

۲۲۸

المنبر فالتزمه وهو یجور فلما التزمه رسول

اور اُسے گلے سے لگایا حالانکہ وہ بیل جیسی آواز نکال رہا تھا جب رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم سکنت ثم قال اما والذی نفس

صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسے گلے سے لگایا تو چپکا ہوگیا پھر حضرت نے فرمایا اس مقدس ذات کی قسم جس کے

محمد بیدہ لو لم التزمه لما زال هكذا الی یوم القیمة

دست قدرت میں محمد کی جان ہے اگر میں اُسے گلے سے نہ لگاتا تو قیامت تک یوں ہی ذکر اتا رہتا

حزنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامر به

اس رنج واندوہ کی وجہ سے جو اُسے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی مفارقت پر ہوا ازاں بعد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدفن روی

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے دفن کیے جانے کا حکم فرمایا

الدارمی الاحادیث الاربعة فی اوائل سننه فی باب

ان چاروں حدیثوں کو دارمی نے شروع سنن دارمی باب

ما اکرم النبی صلی اللہ علیہ وسلم بحنین المنبر وقال

ما اکرم النبی صلے اللہ علیہ وسلم بحنین المنبر میں روایت کیا ہے اور

اللہ تعالی فی سورة القمر اقتربت الساعة وانشق

اللہ تعالے نے سورہ قمر میں فرمایا کہ قیامت پاس آگئی اور

القمر وان یروا آیة یعرضوا ویقولوا سحر مستمر

چاند شق ہوگیا اور اگر یہ لوگ کوئی سا بھی معجزہ دیکھیں تاہم روگردانی کرکے کہیں یہ ایک جادو ہے جو ہمیشہ سے چلا آتا ہے

وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ وَكُلُّ أَمْرٍ مُسْتَقِرٌّ ٥

اور ان لوگوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اپنی نفسانی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام کا ایک وقت ٹھیرا ہوا ہے

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ

ابن مسعود سے روایت ہے کہ زمانہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ فِرْقَةٌ فَوْقَ الْجَبَلِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں چاند دو ٹکڑے ہوگیا ایک ٹکڑا تو پہاڑ کے اوپر رہا

وَفِرْقَةٌ دُونَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور دوسرا ٹکڑا پہاڑ کے نیچے آرہا اسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اشْهَدُوا وَعَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ انْشَقَّ

لوگو! گواہ رہو۔ ابو معمر عبداللہ سے روایت کرتے ہیں عبداللہ نے کہا

الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَ

کہ چاند شق ہوا اور ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھے تو وہ

فِرْقَتَيْنِ فَقَالَ لَنَا اشْهَدُوا وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ

دو ٹکڑے ہوگیا حضرت نے ہم سے فرمایا کہ گواہ رہو قتادہ

أَنَسٍ قَالَ سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً فَأَرَاهُمْ

انس سے روایت کرتے ہیں انس نے کہا مکیوں نے سوال کیا کہ حضرت انہیں کوئی معجزہ دکھائیں تو حضرت نے

انْشِقَاقَ الْقَمَرِ رَوَى الْبُخَارِيُّ الْأَحَادِيثَ الثَّلَاثَةَ

چاند کا شق ہو جانا دکھایا ان تینوں حدیثوں کو بخاری نے

فِي صَحِيحِهِ فِي كِتَابِ التَّفْسِيرِ فِي تَفْسِيرِ سُورَةِ

صحیح بخاری کی کتاب التفسیر سورۂ

۶ قوله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشهدوا اي اشهدوا على نبوتي او معجزتي ... وقال ابن ... هذا قال النبي صلى الله عليه وسلم ... ومعجزة ... من ... الفائقة معجزات سائر الانبياء لان معجزاتهم عليهم السلام لم تتجاوز الارضيات قاله العلامة القسطلاني في شرح صحيح البخاري ١٢

Marfat.com

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَرَوَاهَا مُسْلِمٌ مَعَ تَغْيِيرٍ يَسِيرٍ

اقتربت الساعۃ کی تفسیر میں اور مسلم نے تھوڑے سے لفظی تغیر کے ساتھ

بَعْضِ الْاَلْفَاظِ فِي صَحِيحِهِ فِي كِتَابِ التَّوْبَةِ فِي بَابِ

صحیح مسلم کی کتاب التوبہ باب

انْشِقَاقِ الْقَمَرِ وَفِي رِوَايَةِ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ

انشقاق القمر میں روایت کیا ہے اور مسلم کے نزدیک جو قتادہ کی روایت انس سے ہے

عِنْدَ مُسْلِمٍ فَاَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ مَرَّتَيْنِ

اس میں یوں ہے کہ حضرت نے انہیں دو دفعہ شق القمر کا معجزہ دکھایا

اَلْبَابُ الرَّابِعَ عَشَرَ فِي الْمِعْرَاجِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

چودہواں باب معراج کے بیان میں خدا تعالے نے

فِي اَوَّلِ سُوْرَةِ بَنِي اِسْرَائِيلَ سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى

سورہ بنی اسرائیل کے شروع میں فرمایا کہ خدا عجز کے عیب سے پاک ہے جو

بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى

اپنے بندہ کو راتوں رات مسجد حرام سے بیت المقدس کی مسجد تک لے گیا

الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

جسکے گرداگرد ہمنے برکتیں دے رکھی ہیں تاکہ ہم انہیں اپنی قدرت کے چند نمونے دکھائیں بیشک وہ سننے والا

الْبَصِيْرُ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الرُّكُوْعِ السَّادِسِ

دیکھنے والا ہے اور اللہ تعالے نے سورہ مذکورہ کے چھٹے رکوع میں فرمایا

Marfat.com

مِنَ السُّوْرَةِ الْمَذْكُوْرَةِ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ

اور اسے پیغمبر اُس وقت کو یاد کرو جب ہمنے تم سے فرمایا کہ تمہارے رب نے

اَحَاطَ بِالنَّاسِ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِىْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

لوگوں کو ہر طرف سے روک رکھا ہے اور خواب جو ہم نے تمہیں دکھایا تو بس

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِى الْقُرْاٰنِ وَنُخَوِّفُهُمْ

لوگوں کی جانچ کا ذریعہ ٹھہرایا اور اسی طرح تھوہر کے درخت کو جسپر قرآن میں لعنت کیگئی ہے اور ہم انہیں ڈراتے ہیں

فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

لیکن ہمارا ڈرانا انکی سرکشی کو اور بڑھاتا ہے حضرت ابن عباس سے

فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِىْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

خداتعالے کے کلام پاک وماجعلنا الرؤیا التی اریناک الا

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ قَالَ هِىَ رُؤْيَا عَيْنٍ اُرِيَهَا رَسُوْلُ

فتنۃ للناس کی تفسیر میں روایت ہے کہ ابن عباس نے کہا اس سے آنکھ کا دیکھنا مراد ہے جو رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖٓ اِلٰى بَيْتِ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اس رات میں دکھایا گیا جسمیں خدا آپ کو بیت المقدس تک لیگیا

الْمَقْدِسِ قَالَ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِى الْقُرْاٰنِ قَالَ

ابن عباس نے کہا اور وہ درخت جسپر قرآن میں لعنت کی گئی ہے

هِىَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ رَوَاهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ صَحِيْحِهٖ فِىْ

تھوہر کا درخت ہے اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

كِتَابِ الْاَنْبِيَاءِ فِىْ بَابِ الْمِعْرَاجِ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ

کتاب الانبیا باب معراج میں اور ترمذی نے

Marfat.com

فی جامعه فی تفسیر سورة بنی اسرائیل

جامع ترمذی کے باب تفسیر سورۂ بنی اسرائیل میں روایت کرکے

قال هذا حدیث حسن صحیح وعن انس

کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے انس سے روایت ہے کہ

النبی صلی الله علیه وسلم اُتی بالبراق لیلة

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس شب معراج میں براق لایا گیا

اُسری به ملجما مسرجا فاستصعب علیه فقال له

منہ پر لگام چڑھی ہوئی پشت پر زین ڈالا ہوا براق نے حضرت سے سرکشی کی تو جبرئیل نے

جبرئیل أبمحمد تفعل هذا فما رکبك احد اکرم

اس سے کہا کیا تو محمد سے سرکشی کرتا ہے تجھ پر کوئی ایسا شخص سوار نہیں ہوا ہے جو

علی الله منه قال فارفض عرقا رواه الترمذی

خدا کے نزدیک حضرت سے زیادہ بزرگ ہو راوی کا بیان ہے کہ براق نے یہ سنکر پسینہ ڈالدیا

فی جامعه فی تفسیر السورة المذکورة وقال هذا

جامع ترمذی کے سورہ مذکورہ کی تفسیر میں روایت کرکے کہا ہے کہ یہ

حدیث حسن غریب ولا نعرفه الا من حدیث عبد الرزاق

حدیث حسن غریب ہے اور ہم اسے بجز حدیث عبد الرزاق کے اور کسیطرح نہیں پہچانتے

وعن قتادة عن انس بن مالك عن مالك بن

قتادہ انس بن مالک اور وہ مالک بن صعصعہ سے روایت کرتے ہیں

صعصعة ان نبی الله صلی الله علیه وسلم حد

کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کے احوال سے صحابہ کو اطلاع دی

Marfat.com

عن ليلة أسري به بينما أنا في الحطيم وربما قال

کہ جس حالت میں میں حطیم اور کبھی آپ نے یوں فرمایا کہ میں

في الحجر مضطجعا إذ أتاني آت فقد قال وسمعته

حجر میں لیٹا ہوا تھا کہ دفعۃً ایک آنے والے (جبریل) نے آکر سینہ چاک کیا قتادہ کہتے ہیں پھر انس کو

يقول فشق ما بين هذه إلى هذه فقلت للجارود

کہتے سنا کہ اوسنے یہاں سے یہاں تک چیر ڈالا پھر میں نے جارود سے کہا

وهو إلى جنبي ما يعني به قال من ثغرة نحره إلى

جو میرے پہلو میں بیٹھے تھے کہ انس کی اس سے کیا مراد ہے کہا گلے کے نیچے سے

شعرته وسمعته يقول من قصه إلى شعرته

زیر ناف تک۔ اور میں نے انس کو کہتے سنا کہ سینہ کے اوپر سے زیر ناف تک پھر انس نے

فاستخرج قلبي ثم أتيت بطست من ذهب

میرا دل نکالا ازاں بعد ایک سونے کا طشت ایمان سے بھرا ہوا

مملوءة إيمانا

میرے سامنے لایا گیا

Marfat.com

فغسل قلبي ثم حشي ثم أعيد ثم أتيت بدابة دون

پھر میرا دل دھویا گیا اور اسمیں ایمان بھر کر جہاں کا تہاں رکھ دیا گیا۔ پھر میرے سامنے ایک سفید جانور لایا گیا

البغل وفوق الحمار أبيض فقال له الجارود وهو

خچر سے نیچا اور گدھے سے اونچا تھا جارود نے انس سے کہا اے

البراق يا أبا حمزة قال أنس نعم يضع خطوه

ابو حمزہ کیا وہ مرکب براق تھا انس نے کہا ہاں وہ براق

عند أقصى طرفه فحملت عليه فانطلق بي جبريل

اپنے حد نظر پر قدم ڈالتا تھا سو اسپر میں سوار کیا گیا اور مجھے جبرئیل لے چلے

حتى أتى السماء الدنيا فاستفتح فقيل من هذا

یہاں تک کہ پہلے آسمان پاس پہنچے تو جبرئیل نے آسمان کا دروازہ کھلوانا چاہا پوچھا گیا کہ یہ کون

قال جبريل قيل ومن معك قال محمد قيل وقد

کہا میں ہوں جبرئیل کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں جبرئیل نے کہا محمد کہا گیا اور کیا

أرسل إليه قال نعم قيل مرحبا به فنعم المجيء

وہ بلائے گئے ہیں جبرئیل نے کہا ہاں۔ کہا گیا خوب ہی آئے اور بہت ہی اچھا آنا

جاء ففتح فلما خلصت فإذا فيها آدم فقال هذا

آئے پھر دروازہ کھولا گیا جب میں داخل ہوا تو اچانک دیکھتا کیا ہوں کہ وہاں آدم ہیں جبرئیل نے کہا یہ

أبوك آدم فسلم عليه فسلمت عليه فرد السلام

تمہارے باپ آدم ہیں انہیں سلام کیجیے میں نے سلام کیا اور انہوں نے سلام کا جواب دیا

ثم قال مرحبا بالابن الصالح والنبي الصالح

زاں بعد کہا نیک بخت فرزند اور صالح نبی کو مرحبا

Marfat.com

۲۳۵

ثُمَّ صَعِدَ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ
پھر جبرئیل اوپر چڑھے یہانتک کہ دوسرے آسمان کے پاس آ کر اسکا دروازہ کھلوانا چاہا پوچھا گیا

هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ
یہ کون ہے جبرئیل نے جواب دیا میں ہوں جبرئیل - کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں کہا محمد کہا گیا

وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ
اور کیا انہیں بلایا گیا ہے جبرئیل نے کہا ہاں کہا گیا اُسے مرحبا خوب آنا

جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا يَحْيَى وَعِيسَى وَهُمَا ابْنَا
آیا چنانچہ دروازہ کھولا گیا جب دوسرے آسمان پر پہنچا تو ناگہاں یحیٰی اور عیسیٰ کو دیکھا جو خالہ زاد بھائی تھے

الْخَالَةِ قَالَ هٰذَا يَحْيَى وَعِيسَى فَسَلِّمْ عَلَيْهِمَا فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا
جبرئیل نے کہا یہ یحیٰی اور عیسیٰ ہیں انہیں سلام کیجیے میں نے سلام کیا اور انہوں نے جواب سلام دیکر

ثُمَّ قَالَا مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ
کہا نیک بخت بھائی اور صالح نبی کو مرحبا بعد ازاں جبرئیل

بِي إِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ
مجھے تیسرے آسمان کیطرف لے چڑھے اور دروازہ کھلوانا چاہا چوکیدار بولا یہ کون ہے جبرئیل نے کہا

جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ
میں ہوں جبرئیل کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں - کہا محمد - کہا گیا اور کیا وہ

أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ
بلائے گئے ہیں کہا ہاں کہا گیا مرحبا اچھا آنا آئے چنانچہ دروازہ کھولا گیا جب

فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا يُوسُفُ قَالَ هٰذَا يُوسُفُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ
وہاں پہنچا تو دیکھتا ہوں کہ یوسف کھڑے ہیں جبرئیل نے کہا یہ یوسف ہیں انہیں سلام کیجیے

Marfat.com

فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ

میں نے سلام کیا اور انہوں نے سلام کا جواب دیکر کہا نیکبخت بھائی اور صالح نبی کو مرحبا

الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِیْ حَتّٰی اَتَی السَّمَآءَ الرَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ

اسکے بعد جبرئیل مجھے چوتھے آسمان کی طرف لے چڑھے اور دروازہ کھلوانا چاہا۔

قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَّعَكَ قَالَ

چوکیدار بولا یہ کون ہے۔ جبرئیل نے کہا میں ہوں جبرئیل کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں کہا

مُحَمَّدٌ قِيْلَ اَوَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ

محمد کہا گیا کیا انہیں بلایا گیا ہے۔ کہا ہاں۔ کہا گیا مرحبا خوب آنا

الْمَجِيْءُ جَآءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِلٰی اِدْرِيْسَ قَالَ هٰذَا

آئے چنانچہ دروازہ کھولا گیا جب میں ادریس کے پاس پہنچا تو جبرئیل بولے یہ

اِدْرِيْسُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ

ادریس ہیں انہیں سلام کیجئے میں نے سلام کیا اور انہوں نے سلام کا جواب دیکر کہا نیکبخت بھائی

الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِیْ حَتّٰی اَتَی السَّمَآءَ

اور صالح نبی کو مرحبا پھر جبرئیل مجھے لے چڑھے یہانتک کہ پانچویں

الْخَامِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ

آسمان کے پاس پہنچکر دروازہ کھلوانا چاہا چوکیدار بولا یہ کون ہے جبرئیل نے کہا میں ہوں جبرئیل کہا گیا

وَمَنْ مَّعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ

اور تمہارے ساتھ کون ہیں۔ کہا محمد۔ کہا گیا اور کیا وہ بلائے گئے ہیں کہا ہاں کہا گیا

مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَآءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا هَارُوْنُ

مرحبا خوب آنا آئے۔ جب وہاں پہنچا تو ہارون کو دیکھا

قَالَ هٰذَا هَارُوْنُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ

جبرئیل نے کہا یہ ہارون ہیں انہیں سلام کیجیے۔ میں نے سلام کیا۔ انہوں نے سلام کا جواب دیکر

قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ

کہا۔ نیک بخت بھائی اور صالح نبی کو مرحبا۔ زاں بعد جبرئیل مجھے لے چڑھے

حَتّٰى اَتَى السَّمَآءَ السَّادِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا

یہاں تک کہ چھٹے آسمان کے پاس آکر دروازہ کھلوانا چاہا پوچھا گیا یہ کون ہے

قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَّعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ

کہا میں جبرئیل ہوں کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں۔ کہا محمد کہا گیا وہ بلائے گئے ہیں

اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَآءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا

کہا ہاں بولا مرحبا اچھا آنا آئے جب میں وہاں پہنچا تو

مُوْسٰى قَالَ هٰذَا مُوْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ

موسیٰ کو دیکھتا ہوں جبرئیل نے کہا کہ یہ موسےٰ ہیں انہیں سلام کیجیے میں نے سلام کیا اور انہوں نے سلام

قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ فَلَمَّا تَجَاوَزْتُ بَكٰى

کا جواب دیکر کہا نیک بخت بھائی اور صالح نبی کو مرحبا۔ جب میں وہاں سے ہٹا تو موسیٰ رو پڑے

قِيْلَ لَهٗ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ اَبْكِيْ لِاَنَّ غُلَامًا بُعِثَ بَعْدِيْ

پوچھنے کہا موسے! تمہارے رونے کا سبب؟ کہا میں اس لئے روتا ہوں کہ ایک لڑکا جو میرے بعد پیغمبر ہوا

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِهٖ اَكْثَرُ مِمَّنْ يَّدْخُلُهَا مِنْ اُمَّتِيْ

اس کی امت کے لوگ میری امت سے زیادہ جنت میں جائیں گے

ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ

پھر جبرئیل مجھے ساتویں آسمان کی طرف لے چڑھے اور دروازہ کھلوانا چاہا

٢٣٧

Marfat.com

قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ

چوکیدار بولا یہ کون ہے۔ جبرئیل بولے میں ہوں جبرئیل۔ کہا گیا اور تمہارے ساتھ کون ہیں کہا محمد

قِيلَ وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ

کہا گیا اور کیا وہ بلائے گئے ہیں۔ کہا ہاں۔ بولا مرحبا خوب آنا

جَاءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ هٰذَا أَبُوكَ

آئے جب میں وہاں پہنچا تو دیکھتا ہوں ابراہیم کھڑے ہیں۔ جبرئیل نے کہا یہ تمہارے باپ ہیں

فَسَلِّمْ عَلَيْهِ قَالَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ قَالَ

انہیں سلام کیجئے میں نے سلام کیا تو انہوں نے سلام کا جواب دیکر کہا

مَرْحَبًا بِالِابْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ رُفِعْتُ إِلَى السِّدْرَةِ

نیک بخت فرزند اور صالح نبی کو مرحبا پھر میں سدرۃ المنتہیٰ کی طرف پہنچایا گیا

الْمُنْتَهٰى فَإِذَا نَبِقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ وَإِذَا وَرَقُهَا مِثْلُ آذَانِ

اس کے بیر ایسے تھے جیسے ہجر کے مٹکے اور پتے جیسے ہاتھیوں کے

الْفِيَلَةِ قَالَ هٰذِهٖ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى وَإِذَا أَرْبَعَةُ أَنْهَارٍ نَهْرَانِ

کان جبرئیل نے کہا یہی سدرۃ المنتہیٰ ہے اور وہاں چار نہریں تھیں دو

بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ فَقُلْتُ مَا هٰذَانِ يَا جِبْرِيلُ

چھپی دو کھلی میں نے کہا اے جبرئیل یہ کیا ہیں

قَالَ أَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِي الْجَنَّةِ وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ

جبرئیل نے کہا کہ چھپی ہوئی دو نہریں بہشت کی نہریں ہیں اور کھلی نہریں

فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ ثُمَّ رُفِعَ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُورُ

نیل اور فرات ہیں پھر مجھے بیت المعمور نمودار

اُتِیتُ بِاِنَاءٍ مِّن خَمرٍ وَّاِنَاءٍ مِّن لَبَنٍ وَّاِنَاءٍ مِّن عَسَلٍ

فرمایا پھر میرے پاس ایک برتن شراب اور ایک برتن دودھ اور ایک برتن شہد کا بھرا ہوا لایا گیا

فَاَخَذتُ اللَّبَنَ فَقَالَ هِیَ الفِطرَةُ اَنتَ عَلَیهَا وَ

میں نے دودھ کا برتن لے لیا تو جبرئیل نے کہا یہ دودھ پیدائشی دین کی صورت ہے جس پر آپ اور آپکی امت ہے

اُمَّتُكَ ثُمَّ فُرِضَت عَلَیَّ الصَّلَوٰتُ خَمسِینَ صَلوٰةً

پھر مجھ پر دن میں پچاس وقت کی نمازیں فرض ہوئیں

کُلَّ یَومٍ فَرَجَعتُ فَمَرَرتُ عَلیٰ مُوسیٰ فَقَالَ بِمَا اُمِرتَ

جب میں وہاں سے پلٹا تو میرا گزر موسیٰ پر ہوا۔ انہوں نے کہا تمہیں کس چیز کا حکم ہوا

قَالَ اُمِرتُ بِخَمسِینَ صَلوٰةً کُلَّ یَومٍ قَالَ اِنَّ اُمَّتَكَ

میں نے کہا مجھے ہر روز پچاس نمازوں کا حکم ہوا ہے موسیٰ بولے کہ تمہاری امت سے

لَا تَستَطِیعُ خَمسِینَ صَلوٰةً کُلَّ یَومٍ وَّاِنِّی وَاللهِ قَد جَرَّبتُ

ہر روز پچاس وقت کی نماز نہ ہو سکے گی قسم خدا کی میں تم سے پیشتر

النَّاسَ قَبلَكَ وَعَالَجتُ بَنِی اِسرَآئِیلَ اَشَدَّ المُعَالَجَةِ فَارجِع اِلیٰ

لوگوں کو آزما چکا ہوں اور بنی اسرائیل کا بڑی بڑی تدبیروں سے علاج کر چکا ہوں تم اپنے

رَبِّكَ فَسَلهُ التَّخفِیفَ لِاُمَّتِكَ فَرَجَعتُ فَوَضَعَ عَنِّی عَشرًا

رب کے پاس پلٹ جاؤ اور اپنی امت کیلئے آسانی مانگو۔ چنانچہ میں پس گیا تو خدا نے مجھے دس نمازیں معاف کردیں

فَرَجَعتُ اِلیٰ مُوسیٰ فَقَالَ مِثلَهٗ فَرَجَعتُ فَوَضَعَ عَنِّی عَشرًا

پھر موسیٰ کی طرف پلٹا اور انہوں نے پھر وہی کہا میں پھر خدا کی طرف پلٹ گیا اور خدا نے اور دس نمازیں معاف کر دیں

فَرَجَعتُ اِلیٰ مُوسیٰ فَقَالَ مِثلَهٗ فَرَجَعتُ فَوَضَعَ عَنِّی عَشرًا

پھر موسیٰ کے پاس لوٹ آیا اور انہوں نے پھر وہی کہا میں پھر خدا کے پاس گیا اور مجھے اور دس نمازیں معاف کر دیں

Marfat.com

فرجعت الى موسىٰ فقال مثله فرجعت فامرت

میں پھر موسیٰ کی طرف پلٹ کر آیا اور انہوں نے وہی بات کہی میں پھر خدا کے پاس

صلوات كل يوم فرجعت فقال مثله فرجعت

ہر روز دس نمازوں کا حکم ہوا۔ جب پھر موسیٰ کی طرف پلٹا تو انہوں نے وہی کہا پھر میں پلٹا

بخمس صلوات كل يوم فرجعت الى موسىٰ فقال

ہر روز پانچ نمازوں کا حکم ہوا۔ جب میں پلٹ کر موسے کے پاس آیا تو کہا

بما امرت قلت امرت بخمس صلوات كل يوم قال ان

تمہیں کیا حکم ہوا میں نے کہا ہر روز پانچ نمازوں کا حکم ہوا کہا تمہاری

امتك لا تستطيع خمس صلوات كل يوم واني قد جربت

امت سے ہر روز پانچ نمازیں بھی نہ نبھ سکیں گی کیونکہ میں نے

الناس قبلك وعالجت بني اسرائيل اشد المعالجة

لوگوں کو تم سے پہلے آزمایا ہے اور بنی اسرائیل کا بڑی بڑی تدبیروں سے علاج کر چکا ہوں

فارجع الى ربك فسله التخفيف لامتك فقال سألت ربي حتى

تو تم اپنے رب کے پاس پھر جاؤ اور اپنی امت کیلئے آسانی مانگو حضرت نے فرمایا کہ میں اپنے رب سے سوال کر کے

استحييت ولكني ارضى واسلم قال فلما جاوزت نادى

کہ میں شرما گیا لیکن اب میں راضی ہوتا اور تسلیم کرتا ہوں۔ فرمایا کہ جب میں وہاں سے آگے

منادٍ امضيت فريضتي وخففت عن عبادي رواه

تو ایک منادی نے پکار دیا کہ میں نے اپنا فرض جاری کیا اور اپنے بندوں سے بوجھ ہلکا کیا

البخاري في صحيحه في كتاب الانبياء في باب المعراج

بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء باب معراج

ورواه مسلم مع اختصار وتغير في بعض الالفاظ في

اورمسلم نے نہایت اختصار اور کچھ لفظی تغیر کے ساتھ

صحيحه في كتاب الايمان في باب الاسراء وعن ابي سلمة

صحیح مسلم کی کتاب الایمان باب الاسراء میں روایت کیا ہے ابوسلمہ

بن عبد الرحمن سمعت جابر بن عبد الله انه سمع رسول

بن عبدالرحمن سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے جابر بن عبداللہ سے سنا کہ انہوں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول لما كذبني قريش قمت

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جب قریش نے مجھے (معراج کے مقدمہ میں) جھٹلایا تو میں

في الحجر فجلى الله لي بيت المقدس فطفقت اخبرهم

حطیم میں کھڑا ہوگیا۔ خدا تعالی نے بیت المقدس مجھ پر ظاہر کیا تو میں لگا اسکے انکے پتوں کی خبر دینے

عن اياته وانا انظر اليه رواه البخاري في صحيحه في

اور میں اسکی طرف دیکھتا جاتا تھا اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

كتاب الانبياء في باب الاسراء ورواه مسلم في صحيحه

کتاب الانبیاء باب اسراء میں اور مسلم نے صحیح مسلم کی

في كتاب الايمان في باب الاسراء الباب الخامس

کتاب الایمان باب اسراء میں روایت کیا ہے پندرہواں باب

عشر في شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم وكونه صلى

شفاعت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی

الله عليه وسلم رحمة للعالمين قال الله تعالى في

اور آپ کے رحمۃ للعالمین (دنیا جہان کے لئے رحمت) ہونے کے بیان میں خدا تعالی نے

۳۴۱

قوله فجلى لي بيت المقدس فطفقت اخبرهم عن آياته وانا انظر اليه وفي حديث ابن عباس رضي الله عنهما فجيء بالمسجد وانا انظر اليه حتى وضع عند دار عقيل فنعته وانا انظر اليه رواه البزار كذا في القسطلاني

الرُّكُوعُ التَّاسِعُ مِنْ سُورَةِ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ وَعَنِ ابْنِ

سورہ بنی اسرائیل کے نویں رکوع میں فرمایا ہے کہ محمد آپ رات کے ایک حصہ میں

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا

نماز تہجد بھی پڑھا کیجئے یہ تمہاری نماز نفل ہے عجب نہیں کہ تمہارا پروردگار تمہیں مقام

مَّحْمُوْدًا عَنْ اٰدَمَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ

محمود میں پہنچائے ۔ آدم بن علی سے روایت ہے کہ میں نے ابن عمرؓ کو کہتے سنا

اِنَّ النَّاسَ يَصِيْرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جُثًى كُلُّ اُمَّةٍ

کہ لوگ قیامت کے روز گروہ گروہ ہو جائینگے ۔ ہر امت اپنے نبی کے پیچھے

تَتْبَعُ نَبِيَّهَا يَقُوْلُوْنَ يَا فُلَانُ اشْفَعْ يَا فُلَانُ اشْفَعْ حَتّٰى

لگ لیگی لوگ (انتہائے غم ومصیبت سے) کہینگے کہ ای فلاں تو سفارش کر ای شخص تو سفارش کر حتی کہ

تَنْتَهِيَ الشَّفَاعَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذٰلِكَ

شفاعت کا سلسلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منتہی ہوگا ۔ سو یہ وہی روز ہے

يَوْمَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ

کہ خدا آپ کو مقام محمود میں اٹھا کر کھڑا کریگا اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

فِيْ كِتَابِ التَّفْسِيْرِ فِيْ تَفْسِيْرِ سُوْرَةِ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ وَعَنْ

کتاب التفسیر میں سورہ بنی اسرائیل کی تفسیر میں روایت کیا ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے خدا تعالے کے

قَوْلِهٖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وَسُئِلَ عَنْهَا

اس قول عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا کے بیان میں فرمایا اور آپ سے یہ مقام پوچھا گیا

Marfat.com

قَالَ هِيَ الشَّفَاعَةُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ فِي جَامِعِهِ فِي تَفْسِيرِ

فرمایا کہ وہ شفاعت ہے۔ اسے ترمذی نے جامع ترمذی کی سورہ مذکورہ

السُّورَةِ الْمَذْكُورَةِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ وَعَنْ

کی تفسیر میں روایت کرکے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے ابو حیان

أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ

تیمی سے روایت ہے اور وہ ابو زرعہ بن عمرو بن جریر سے اور وہ

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ

ابو ہریرہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گوشت لایا گیا

فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ فَنَهَشَ مِنْهَا نَهْشَةً ثُمَّ

اور انمیں سے آپ کے سامنے دست کی ہڈی مع گوشت کے رکھی گئی اور یہ آپکو بہت مرغوب تھی آپ نے اسکا گوشت دانتوں سے

قَالَ أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهَلْ تَدْرُونَ مِمَّا

فرمایا میں قیامت کے روز تمام آدمیوں کا سردار ہونگا اور کیا تم جانتے ہو یہ کس لئے ہے

ذٰلِكَ يَجْمَعُ النَّاسُ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ

اس روز تمام اگلے پچھلے لوگ ایک ایسی ہموار وسیع زمین میں جمع کئے جاینگے

يُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ وَتَدْنُو الشَّمْسُ

کہ پکارنے والا انہیں سنا دیگا اور بینائی انہیں محیط ہوجائیگی اور سورج قریب ہوجائیگا

فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَا لَا يُطِيقُونَ

اسوقت آدمیوں کو وہ سختی وغم پہونچے گا جس کی طاقت نہ رکھیں گے

وَلَا يَحْتَمِلُونَ فَيَقُولُ النَّاسُ أَلَا تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ

اور برداشت نہ کرسکیں گے۔ پھر لوگ باہم کہیں گے کیا تم اس سختی کو نہیں دیکھتے جو تم پر ٹوٹی ہے

الا تنظرون من يشفع لكم الى ربكم فيقول

کیا تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھتے جو تمہارے پروردگار سے تمہاری سفارش کرے اسپر

بعض الناس لبعض عليكم بآدم فيأتون آدم

ایک دوسرے سے کہے گا۔ آدمؑ کے پاس چلنا چاہیے چنانچہ آدمؑ کے پاس آکر

فيقولون له انت ابو البشر خلقك الله بيده ونفخ

کہیں گے کہ تم آدمیوں کے باپ ہو تمہیں خدا نے اپنے ید قدرت سے بنایا اور

فيك من روحه وامر الملائكة فسجدوا لك

تم میں اپنی روح پھونکی۔ فرشتوں کو حکم کیا تو انہوں نے تمہیں سجدہ کیا

اشفع لنا الى ربك الا ترى الى ما نحن فيه الا ترى

تم اپنے پروردگار سے ہماری سفارش کرو کیا تم اس مصیبت کو نہیں دیکھتے جس میں ہم مبتلا ہیں کیا تم

الى ما قد بلغنا فيقول آدم ان ربي قد غضب

اس سختی کو نہیں ملاحظہ کرتے جو ہمیں پہونچی ہے۔ آدمؑ کہیں گے کہ میرا رب آج

اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله ولن يغضب

اس درجہ غضبناک ہے کہ نہ تو ایسا اس سے پہلے کبھی غضبناک ہوا تھا نہ کبھی

بعده مثله وانه قد نهاني عن الشجرة فعصيته

اسکے بعد ہی ہوگا۔ اُسنے مجھے ایک درخت کے کھانے سے منع کیا تھا تو میں نے اسکی نافرمانی کی

نفسي نفسي نفسي اذهبوا الى غيري اذهبوا الى نوح

آج میرا ہی نفس اس قابل ہے کہ اُسکی سفارش کی جائے تم کسی اور کے پاس جاؤ۔ جاؤ نوح کے پاس جاؤ

فيأتون نوحا فيقولون يا نوح انك انت اول الرسل

تو لوگ نوح کے پاس آکر کہینگے نوح! تم ان تمام پیغمبروں میں اول ہو جو

Marfat.com

۲۴۵

الی اهل الارض وقد سماك الله عبدا شكورا

زمینوں کی طرف بھیجے گئے خدا نے تمہارا نام شکر گزار بندہ رکھا

اشفع لنا الی ربك الا ترى الى ما نحن فيه فيقول

تم اپنے پروردگار سے ہماری سفارش کرو کیا تم نہیں دیکھتے ہم کس مصیبت میں گرفتار ہیں نوح کہیں گے

ان ربي قد غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله

میرا پروردگار آج اس درجہ غضبناک ہے کہ اس جیسا غضبناک نہ تو کبھی اس سے پیشتر ہوا تھا

مثله ولن يغضب بعده مثله وانه قد كانت

نہ اس کے بعد ہوگا اصل بات یہ ہے

لي دعوة دعوتها على قومي نفسي نفسي نفسي

کہ مجھے ایک مقبول دعا یاد تھی میں نے اپنی قوم پر وہ دعا کی اسکے سبب سے لوگ غرق ہوگئے میرا نفس خود ہی محتاج [illegible]

اذهبوا الى غيري اذهبوا الى ابراهيم فياتون

تم کسی اور کے پاس جاؤ۔ جاؤ ابراہیم کے پاس جاؤ سب لوگ

ابراهيم فيقولون يا ابراهيم انت نبي الله وخليله

ابراہیم کے پاس آکر کہینگے۔ ابراہیم تم خدا کے نبی اور تمام زمینوں میں اسکے دوست ہو

من اهل الارض اشفع لنا الى ربك الا ترى الى

تم اپنے پروردگار سے ہماری شفاعت کرو کیا تم اس مصیبت کو نہیں دیکھتے

ما نحن فيه فيقول لهم ان ربي قد غضب اليوم

جس میں ہم مبتلا ہیں۔ ابراہیم کہیں گے کہ میرا پروردگار آج اسقدر غضبناک ہے

غضبا لم يغضب قبله مثله ولن يغضب بعده

کہ نہ تو اس جیسا غضبناک اس سے پیشتر کبھی ہوا تھا نہ اس کے بعد ہی ہوگا

Marfat.com

مِثْلَهُ وَإِنِّي قَدْ كُنْتُ كَذَبْتُ ثَلٰثَ كَذَبَاتٍ

اور میں نے دنیا میں تین جھوٹ بولے ہیں (ممکن ہے کہ آج مجھ سے انکا مطالبہ ہو)

فَذَكَرَهُنَّ أَبُو حَيَّانَ فِي الْحَدِيثِ نَفْسِي نَفْسِي نَفْسِي

چنانچہ ابوحیان نے ایک حدیث میں انکی تفصیل کی ہے۔ آج میرا ہی نفس اس قابل ہے کہ اسکی سفارش کیجائے

اِذْهَبُوا إِلٰى غَيْرِي اِذْهَبُوا إِلٰى مُوسٰى فَيَأْتُونَ مُوسٰى

تم کسی اور کے پاس جاؤ۔ جاؤ موسیٰ کے پاس جاؤ۔ پھر سب لوگ موسیٰ کے پاس آکر

فَيَقُولُونَ يَا مُوسٰى أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ فَضَّلَكَ اللّٰهُ

کہیں گے موسیٰ! تم رسول خدا ہو خدا نے تمہیں

بِرِسَالَتِهِ وَبِكَلَامِهِ عَلَى النَّاسِ اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ

اپنی رسالت وکلام کے ساتھ لوگوں پر برتری دی ہے۔ تم اپنے پروردگار سے ہماری سفارش کرو

أَمَا تَرٰى إِلٰى مَا نَحْنُ فِيهِ فَيَقُولُ إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ

کیا تم اس سختی کو نہیں دیکھتے جسمیں ہم گرفتار ہیں۔ موسیٰ کہیں گے میرا پروردگار

الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ وَلَنْ يَغْضَبَ

آج اسقدر غضبناک ہے کہ اس جیسا نہ تو اس سے پیشتر ہی کبھی غضبناک ہوا تھا

بَعْدَهُ مِثْلَهُ وَإِنِّي قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ أُومَرْ بِقَتْلِهَا

نہ اسکے بعد ہی کبھی ہوگا میں نے ایک ایسے شخص کو قتل کر ڈالا تھا جسکے قتل کا مجھے حکم نہیں ہوا تھا

نَفْسِي نَفْسِي اِذْهَبُوا إِلٰى غَيْرِي اِذْهَبُوا إِلٰى

آج میرا ہی نفس قابل سفارش ہے۔ تم کسی اور کے پاس جاؤ۔ جاؤ

عِيسٰى فَيَأْتُونَ عِيسٰى فَيَقُولُونَ يَا عِيسٰى أَنْتَ

عیسیٰ کے پاس جاؤ۔ لوگ عیسیٰ کے پاس آکر کہیں گے عیسیٰ! تم

Marfat.com

رسول الله وكلمته ألقاها إلى مريم وروح منه

رسول خدا اور اسکا کلمہ ہو جسے خدا نے مریم کی طرف ڈالا اور اسکی طرف کی روح ہو

وكلمت الناس في المهد صبيا اشفع لنا ألا ترى

تمنے لوگونسے بچپن کی حالتمیں گہوارہ میں باتیں کیں سو آپ اپنے پروردگار کے پاس ہماری سفارش کیجئے کیا

إلى ما نحن فيه فيقول عيسى إن ربي قد غضب

اس شدت وسختی کو نہیں دیکھتے جسمیں ہم مبتلا ہیں۔ عیسے جواب دینگے کہ میرا پروردگار

اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله قط ولن يغضب

آج اس درجہ غضبناک ہے کہ اس جیسا نہ تو اس سے پیشتر ہی کبھی غضبناک ہوا تھا

بعده مثله ولم يذكر ذنبا نفسي نفسي اذهبوا

نہ اسکے بعد ہی کبھی ہوگا اور انہوں نے کوئی گناہ ذکر نہیں کیا بلکہ یوں کہا آج میرا ہی نفس تو لائق سفارش ہے تم

إلى غيري اذهبوا إلى محمد صلى الله عليه وسلم فيأتون

کسی اور کے پاس جاؤ جاؤ محمد صلے الله علیہ وسلم کے پاس آجاؤ لوگ

محمدا صلى الله عليه وسلم فيقولون يا محمد أنت

محمد صلے الله علیہ وسلم کے پاس آکر کہیں گے محمدا آپ

رسول الله وخاتم الأنبياء وقد غفر الله لك ما تقدم

رسول خدا اور خاتم النبیین ہیں۔ خدا تعالے نے آپ کے سارے اگلے

من ذنبك وما تأخر اشفع لنا إلى ربك ألا ترى

پچھلے گناہ بخش دیئے آپ اپنے پروردگار سے ہماری سفارش کیجئے کیا آپ نہیں دیکھتے

إلى ما نحن فيه فأنطلق فآتي تحت العرش فأقع

ہم کس بلا میں گرفتار ہیں تو میں وہاں سے چلکر عرش کے نیچے آؤنگا اور

ساجدا لربي ثم يفتح الله من محامده وحسن

اپنے پروردگار کے سامنے سجدہ میں گر پڑونگا۔ پھر خدا تعالے اچھی تعریفوں اور خوبی

الثناء عليه شيئا لم يفتحه على احد قبلي ثم يقال

ثنا کا مجھپر وہ دروازہ کھول دیگا جسے مجھسے پیشتر کسی پر نہیں کھولا تھا ازاں بعد کہا جائیگا

يا محمد ارفع رأسك سل تعطه واشفع تشفع

محمد! سر اٹھایئے۔ مانگیے جو آپ مانگینگے دیئے جائینگے۔ آپ شفاعت کیجیے قبول کی جائیگی

فارفع رأسي فاقول امتي يا رب امتي يا رب

پس میں سر اٹھا کر کہونگا خداوندا میری امت کو بخش دیجیے خداوندا میری امت کو بخش دیجیے

امتي يا رب فيقال يا محمد ادخل من امتك

خداوندا میری امت کو بخش دیجیے۔ کہا جائیگا محمد! آپ اپنی امت کے ان لوگوں کو

من لا حساب عليهم من الباب الايمن من ابواب

جنپر حساب کتاب نہیں ہے۔ بہشت کے دروازوں سے دائیں جانب کے دروازہ میں لایئے

الجنة وهم شركاء الناس فيما سوى ذلك من

اور وہ اس دروازہ کے علاوہ دوسرے دروازں میں لوگوں کے شریک ہوں گے

الابواب ثم قال والذي نفسي بيده ان ما بين

اس کے بعد آنحضرت نے فرمایا مجھے اس اقدس ذات کی قسم جسکے دست قدرت میں میری جان ہے کہ

المصراعين من مصاريع الجنة كما بين مكة وحمير

جنت کے دروازوں کی دونوں جانبوں میں اسقدر مسافت ہوگی جیسے مکہ اور حمیر میں

او كما بين مكة وبصرى رواه البخاري في صحيحه

یا جیسے مکہ اور بصرے میں اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

له قوله صلعم ان ما بين المصراعين من مصاريع الجنة بكسر الميم من مصراعين وهما جانبا الباب قوله كما بين مكة وحمير بكسر الحاء المهملة وفتح التحتية بينهما ميم ساكنة آخره راء اسم صنعاء لانها بلد حمير و قوله او كما بين مكة وبصرى بضم الموحدة مدينة بالشام بينها وبين دمشق ثلاث مراحل من الراوي نحو القسطلاني ۱۲

Marfat.com

٢٤٩

فی کتاب التفسیر فی تفسیر سورۃ بنی اسرائیل

کتاب التفسیر سورۃ بنی اسرائیل کی تفسیر میں

ورواہ مسلم مع تغیر یسیر فی بعض الالفاظ

اور مسلم نے بعض الفاظ میں تھوڑے سے تغیر کے ساتھ

فی صحیحہ فی کتاب الایمان فی باب اثبات

صحیح مسلم کی کتاب الایمان اثبات الشفاعت کے باب میں روایت کیا ہے

الشفاعۃ وفی حدیثہا عن انس عن النبی صلی

اور نیز حدیث شفاعت میں انس نبی صلے

اللہ علیہ وسلم فیاتونی فانطلق حتی استاذن

اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جب لوگ میرے پاس آئینگے تو میں خدا کے پاس جاؤنگا یہاں تک

علی ربی فیؤذن فاذا رایت ربی وقعت ساجدا

میں اپنے پروردگار سے پروانگی مانگونگا اور مجھے اجازت دیجائیگی جب میں اپنے رب کو دیکھونگا تو سجدہ میں گر پڑونگا

فیدعنی ما شاء ثم یقال ارفع راسک وسل

پھر خدا جبتک چاہیگا مجھے سجدہ میں چھوڑ دیگا ازاں بعد کہا جائیگا کہ اپنا سر اٹھائیے اور مانگئے

تعطہ وقل تسمع واشفع تشفع فارفع راسی

آپ کو ملیگا فرمائیے سنا جائیگا شفاعت کیجئے آپ کی شفاعت قبول ہو گی چنانچہ میں سر اٹھاؤنگا

فاحمدہ بتحمید یعلمنیہ ثم اشفع فیحد لی حدا

اور خدا کی وہ تعریف کرونگا جو وہ مجھے اسوقت تعلیم دیگا پھر میں شفاعت کرونگا تو خدا میرے لئے ایک حد لگا دیگا

فادخلہم الجنۃ ثم اعود الیہ فاذا رایت ربی مثلہ

[illegible] میں بہشت میں لیجا داخل کرونگا اسکے بعد پھر میں خداوندی درگاہ میں جاؤنگا اور اپنے رب کو پہلے سی [illegible]

Marfat.com

ثُمَّ اَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا فَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ ثُمَّ اَعُوْدُ

پھر میں شفاعت کرونگا اور پھر خدا میرے لئے ایک حد لگا دیگا پس میں انہیں جنت میں داخل کرونگا ان کے بعد

الرَّابِعَةَ فَاَقُوْلُ مَا بَقِيَ فِي النَّارِ اِلَّا مَنْ حَبَسَهُ

میں تیسری مرتبہ کے بعد چوتھی مرتبہ خداوندی درگاہ میں جاؤنگا اب دوزخ میں بجز اسکے کوئی شخص باقی نہیں جسے

الْقُرْاٰنُ وَوَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُوْدُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

قرآن نے روک رکھا ہے اور اسپر دوزخ میں ہمیشہ رہنا واجب ہو گیا ہے اسے بخاری نے

فِي صَحِيْحِهِ فِي اَوَّلِ كِتَابِ التَّفْسِيْرِ وَقَالَ اِلَّا مَنْ

صحیح بخاری کی کتاب التفسیر کے شروع میں روایت کرکے کہا ہے کہ الا من

حَبَسَهُ الْقُرْاٰنُ يَعْنِي قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ خَالِدِيْنَ

حبسہ القرآن سے خدائے بزرگ و برتر کا یہ قول مراد ہے خالدین

فِيْهَا وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ تَغَيُّرٍ يَسِيْرٍ فِي بَابِ اِثْبَاتِ

فیہا اور مسلم نے تھوڑے سے تغیر کے ساتھ اثبات شفاعت کے اس باب میں روایت

الشَّفَاعَةِ الْمَذْكُوْرِ وَعَنْ حَمَّادٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ

کیا ہے جو اوپر مذکور ہوا۔ حماد سے روایت ہے اور وہ عمرو سے اور عمرو جابر سے روایت کرتے ہیں

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْرُجُ مِنَ

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ

النَّارِ بِالشَّفَاعَةِ كَاَنَّهُمُ الثَّعَارِيْرُ قُلْتُ وَمَا

شفاعت کی وجہ سے دوزخ سے نکلینگے گویا وہ ثعاریر ہیں حماد کہتے ہیں میں نے عمرو سے کہا

الثَّعَارِيْرُ قَالَ الضَّغَابِيْسُ وَكَانَ قَدْ سَقَطَ فَمُهُ

ثعاریر کیا چیز ہے کہا ہلیون کے مشابہ ایک سفید گھاس یا چھوٹی ککڑی اور عمرو کے دانت ٹوٹ گئے تھے

ف قوله الضغابيس قال في القاموس الضغابيس صغار القثاء جمع ضغبوس واغصان الثمام والشوك او نبت يؤكل او نبات كالهليون انتهى وقال القسطلاني هي صغار القثاء واحدها ضغبوس نبت يشبه الهليون ينبت في اصول الثمام انتهى ... يؤكل ... ١٢

Marfat.com

قُلتُ لِعَمرِو بنِ دِينارٍ اَبا مُحَمَّدٍ سَمِعتَ جابِرَ بنَ
میں نے عمرو بن دینار سے کہا اے ابو محمد کیا تم نے جابر بن
عَبدِاللهِ يَقولُ سَمِعتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ
عبداللہ کو یہ کہتے سُنا ہے کہ میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا
يَقولُ يُخرَجُ بِالشَّفاعَةِ مِنَ النّارِ قالَ نَعَم رَواهُ
فرماتے تھے لوگ شفاعت کی وجہ سے دوزخ سے نکلیں گے ابو محمد نے کہا ہاں اسے
البُخارِيُّ فِي صَحيحِهِ فِي كِتابِ الرِّقاقِ فِي بابِ
بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب الرقاق باب
صِفَةِ الجَنَّةِ وَالنّارِ وَرَواهُ مُسلِمٌ مِّن قَولِهِ قُلتُ
صفۃ الجنۃ والنار میں اور مسلم نے حماد کے اس قول "قلت
لِعَمرِو بنِ دِينارٍ اِلَى اٰخِرِ الحَديثِ مَعَ تَغَيُّرٍ يَّسيرٍ
لعمرو بن دینار سے آخر حدیث تک بعض الفاظ میں تھوڑے سے تغیر کے ساتھ
فِي بَعضِ الاَلفاظِ فِي بابِ اِثباتِ الشَّفاعَةِ
اثبات شفاعت کے اس باب میں روایت کیا ہے جو اوپر
المَذكورِ وَعَن اَبِي سَعيدٍ قالَ قالَ رَسولُ اللهِ
مذکور ہوا ابوسعید سے روایت ہے کہ رسول خدا
صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اَنا سَيِّدُ وُلدِ اٰدَمَ وَلا
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بنی آدم کا سردار ہوں اور اس پر
فَخرَ وَاَنا اَوَّلُ مَن تَنشَقُّ الاَرضُ عَنهُ يَومَ القِيٰمَةِ
مجھے ذرا ناز نہیں اور قیامت کے دن سب سے پیشتر میری ہی قبر شق ہوگی

٢٥١

قال العزامی … یقول ذو الکسب و فیہ ابطال مذہب المعتزلۃ القائلین بنفی الشفاعۃ للعصاۃ تنبیہ لقولہ تعالیٰ فما تنفعہم شفاعۃ الشافعین اجیب بانہا فی الکفار وقد تواترت الاحادیث فی اثباتہا فی القسطلانی ۱۲

وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَّاَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَّلَا فَخْرَ

اور اسپر مجھے ذرا ناز نہیں سب سے پہلے میں ہی شفاعت کرونگا اور میری ہی شفاعت قبول ہوگی اور مجھے ذرا

وَلِوَاءُ الْحَمْدِ بِيَدِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا فَخْرَ رَوَاهُ ابْنُ

قیامت کے روز میرے ہی ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور مجھے اسپر ذرا ناز نہیں۔ اسے ابن

مَاجَةَ فِيْ سُنَنِهٖ فِيْ بَابِ ذِكْرِ الشَّفَاعَةِ مِنْ

ماجہ نے سنن ابن ماجہ میں ابواب زہد کے باب ذکر شفاعت میں

اَبْوَابِ الزُّهْدِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ قَالَ

روایت کیا ہے - ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ میں نے کہا

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِكَ

ای رسول خدا قیامت کے روز آپکی شفاعت کے ساتھ تمام لوگوں میں نیکبخت زیادہ کون ہے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ لَقَدْ ظَنَنْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اَلَّا

حضرت نے فرمایا اے ابو ہریرہ مجھے معلوم تھا

يَسْئَلُنِيْ اَحَدٌ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَوَّلُ مِنْكَ

کہ اس حدیث کی بابت تم سے پہلے کوئی مجھ سے سوال نہ کریگا

لِمَا رَاَيْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَى الْحَدِيْثِ اَسْعَدُ النَّاسِ

کیونکہ میں حدیث پر تمہاری حرص خوب دیکھتا ہوں سُنو تمام لوگوں میں زیادہ نیک بخت

Marfat.com

۲۵۳

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا

میری شفاعت کے ساتھ قیامت کے روز وہ شخص ہے جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور کہا بھی

مِّنْ قِبَلِ نَفْسِهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ كِتَابِ

خلوص دل سے اسے بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب

الرِّقَاقِ فِیْ بَابِ صِفَةِ الْجَنَّةِ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

الرقاق باب صفۃ الجنۃ میں روایت کیا ہے ۔ جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ

کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص

حِیْنَ یَسْمَعُ النِّدَآءَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ

اذان سننے کے وقت یہ دعا پڑھتا ہے کہ "اے خدا اے اس پوری پکار

وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ

اور دائم نماز کے پروردگار محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عنایت فرما

وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ

اور انہیں مقام محمود میں اٹھا کھڑا کر جسکا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے" تو اسے

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِهٖ فِیْ

قیامت کے روز میری شفاعت حاصل ہوگی اسے بخاری نے صحیح بخاری کی

كِتَابِ التَّفْسِیْرِ فِیْ تَفْسِیْرِ سُوْرَةِ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ

کتاب التفسیر سورہ بنی اسرائیل کی تفسیر میں روایت کیا ہے

اللّٰهُ تَعَالٰى فِی الرُّكُوْعِ السَّابِعِ مِنْ سُوْرَةِ الْاَنْبِیَآءِ

اور خدا تعالے نے سورہ انبیا کے ساتویں رکوع میں فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ

کہ اے محمد ہمنے تمہیں دنیا جہان کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے ابو صالح سے روایت ہے

قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيْهِمْ

کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم لوگوں میں ندا کرتے تھے

يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا رَحْمَةٌ مُّهْدَاةٌ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ

کہ لوگو! میں رحمت اور بھیجا ہوا ہدیہ ہوں اس حدیث کو دارمی نے

فِيْٓ اَوَّلِ سُنَنِهٖ هٰذَا اٰخِرُ مَآ اَرَدْنَاهُ فِيْ هٰذَا التَّالِيْفِ

سنن دارمی کے شروع میں روایت کیا ہے یہ اس بیان کا خاتمہ ہے جسکا ہمنے اس تالیف میں ارادہ کیا

وَكَانَ الْفَرَاغُ مِنْهُ بِتَوْفِيْقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ شَهْرِ اللّٰهِ

اور اس تالیف سے فراغت خدائے بزرگ و برتر کی توفیق سے خدا کے مہینے

مُحَرَّمِ الْحَرَامِ مِنْ شُهُوْرِ السَّنَةِ السَّابِعَةِ مِنَ الْمِائَةِ

محرم الحرام میں ہوئی جو چوتھی صدی کے ساتویں سال کا مہینہ تھا سید العالمین کی ہجرت کے ہزار سال بعد

الرَّابِعَةِ بَعْدَ الْاَلْفِ مِنْ هِجْرَةِ سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ

خدا تعالٰے آپ پر اور آپ کی آل و اصحاب اور امت پر سب پر درود بھیجے

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاُمَّتِهٖ

اور نیز فرشتوں اور نبیوں اور پیغمبروں پر

اَجْمَعِيْنَ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنے والوں

تمت بالخیر | بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۵ | بالخیر

سے زیادہ رحم کرنے والے

۲۵۴

له قوله تعالٰے وما ارسلناك الا رحمة للعالمين قال الامام البغوی فی معالم التنزیل قال ابن زید یعنی رحمة للمؤمنین خاصة فهو رحمة لهم وقال ابن عباس هو عام فی حق من آمن ومن لم یؤمن فمن آمن فهو رحمة له فی الدنیا والآخرة ومن لم یؤمن فهو رحمة له فی الدنیا بتاخیر العذاب عنهم ورفع المسخ والخسف والاستیصال عنهم وقد قال النبی صلے الله علیه وسلم انما انا رحمة مهداة ۱۲ منه

Marfat.com

فهرس ما في تحفة الاتقياء في فضائل سيد الانبياء من الابواب

[illegible]	ابواب
[illegible]	الباب الاول في شفقة سيدنا محمد صلى الله عليه وعلى آله واصحابه وسلم على امته
۲۲	الباب الثاني في بيان محبة الله تعالى بالنبي صلى الله عليه وعلى آله واصحابه وسلم
۲۷	الباب الثالث في اكرام النبي صلى الله عليه وسلم بقتال الملائكة معه صلى الله عليه وسلم
۳[illegible]	الباب الرابع في الصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم والسلام عليه
۴۹	الباب الخامس في توقير النبي صلى الله عليه وسلم
۵۴	الباب السادس في حكم المحبة بالنبي صلى الله عليه وسلم
۷۵	الباب السابع في اتباع النبي صلى الله عليه وسلم
۱۱۱	الباب الثامن في بيان ان النبي صلى الله عليه وسلم افضل الانبياء والمرسلين عليهم صلوات رب العلمين
۱۲۴	الباب التاسع في دعوة سيدنا ابراهيم عليه السلام لبعث النبي صلى الله عليه وسلم وفي اول شان النبي صلى الله عليه وسلم وميلاده
۱۴۳	الباب العاشر في حلية النبي صلى الله عليه وسلم
۱۵۷	الباب الحادي عشر في اخلاق النبي صلى الله عليه وسلم وشمائله
۱۷۹	الباب الثاني عشر فيما كان عليه الناس في الجاهلية من الضلالة وفي بيان الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وبعثته وكونه صلى الله عليه وسلم خاتم النبيين
۱۹۲	الباب الثالث عشر في علامات النبوة
۲۳۰	الباب الرابع عشر في المعراج
۲۴۱	الباب الخامس عشر في شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم وكونه صلى الله عليه وسلم رحمة للعلمين

کتابیں ثواب کی مناسبت سے یہاں درج [illegible] کی کتابیں [illegible]

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت	نام کتاب
گنج گنج ملفوظات خواجگان چشت اہل بہشت مجتبائی اُردو - ہر دو حصّہ - جسمیں ملفوظات حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ مسمّٰی بہ انیس الارواح و حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ سے مسمّٰی بہ دلیل العارفین و حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ مسمّٰی بفوائد السالکین و حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ مسمّٰی بہ راحت القلوب - و حضرت خواجہ نظام الدین رحمۃ سے مسمّٰی بہ راحۃ المحبین کے نہایت شرح و بسط کے ساتھ بزبان اُردو بامحاورہ مع مختصر حالات و نقشہ مزارات حضرت خواجگان مندرج ہیں اس کے دوسرے حصہ میں ترجمہ ملفوظات حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ مسمّٰی بہ اسرار الاولیاء ترجمہ ملفوظات حضرت سلطان [illegible] سے بہ فوائد الفواد [illegible] ہے -	۶ ؍	تمہید لکھے ہیں انکا ہفت روزہ حزب بنایا ہے اور ہر روز کیلئے ایک ایک حزب معین کیا ہے اور جو اس کے متعلق لطائف اور نکات ہیں بحالہ اسناد درج فرمائے ہیں مولانا کی تصنیفات سے یہ رسالہ عجیب و غریب ہے جو حرز جان بنانے کے قابل ہے	۲ ؍	بحوالہ کتب تفاسیر [illegible] خوبی سے لکھا ہے کہ دیکھنے والے کو مسرت ہوتی ہے مدعو [illegible] قرآن و احادیث سے ملا کر دکھلا دیا ہے۔
اوراد رحمانی [illegible]	[illegible]	تاریخ مکہ معظمہ مجتبائی اس میں حالات بنائے کعبہ شریف وغیرہ بہت خوبی کے ساتھ بامحاورہ مطبع نے مرتب کرا کے درج کئے ہیں -	۲ ؍	مجتبائی فردوس آسیہ از مولوی عبدالرب دہلوی مجتبائی اس میں چاروں خلفاء کے فضائل و محامد صحیح حدیثوں سے بالترتیب بیان کئے گئے ہیں، اور آخر میں فضائل و محامد و اہل بیت و حضرات حسنین کی شہادت کے مفصل حالات لکھے ہیں واعظوں کے لئے نہایت مفید ہے
مجتبائی مؤلفہ مولانا محمد [illegible] در بیان فضائل تسبیح و تحمید و تکبیر [illegible] [illegible] حدیث و تفاسیر سے بیان کئے ہیں اور ہر حدیث کا [illegible] کیا ہے اور جو کلمات تسبیح و [illegible]		تاریخ بیت المقدس مجتبائی از مولوی عبدالحق صاحب مؤلف تفسیر حقانی -	۵ ؍	روضۃ الاصفیا ترجمہ اردو قصص الانبیا -
		تاریخ بنی اسرائیل از مولوی عبدالحق صاحب مؤلف تفسیر حقانی مجتبائی	۵ ؍	قصص الانبیا اردو کلاں
		رحمۃ الرحمن فی ترجمۃ قصیدۃ النعمان یہ وہ قصیدہ مبارک ہے جسکو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کوفی نے رسول اکرم صلعم کے فضائل و محامد و معجزات میں لکھا ہے اول شعر لکھ کر اس کا ترجمہ نظم میں لکھا ہے - پھر نثر میں اسکا باقاعدہ اردو ترجمہ اس کے بعد حل لغات تحقیق محاورات تشریح مطالب استدلال نصوص احادیث		آغاز اسلام مجتبائی اردو مؤلفہ مولوی محمد عبداللہ صاحب انصاری جس میں آنحضرت کی پیدائش - آغاز رسالت - آغاز دعوت ہجرت اور کل غزوات و خصائل حمیدہ کلمات جامعہ و [illegible]

Prices printed beside the far-left column: ۶ ؍ (قصص الانبیا) and ۱۲ ؍ (قصص الانبیا اردو کلاں)